الٰہی غنچۂ امید بکشا
الحمد للہ والمنۃ این کتاب المسمی بہ
آفتاب گنجینہ
وظائف عملیات
کلاں
ہر قسم کی کتابیں و قرآن مجید ملنے کا پتہ
شیراز نوری پبلشرز نئی دہلی

گنجینہ ئف ت ل
آفتاب وظا عملیا کلا

یعنی

حاجت روا عملیات روحانی

مع

عملیات قادریہ۔ چشتیہ نقشبندیہ

مصنف ۔ شیر محمدی

شیر ازنوری پبلشرز نئ دھلے

علم الجفر نجوم رمل تعویذات عملیات و خواب نامہ

فالنامہ ہائے وغیرہ

مفتاح الجفر } علم الجفر سے انسان کو دنیا کے ماضی اور مستقبل کے حالات معلوم کرنے کا بہترین موقع عملیات و تعویذات بلحاظ جفر دنیا کی مشہور عالم کتاب ہزاروں لوگ اس تور کے عمل کرنے سے بامراد ہوئے ہیں۔ قیمت دو روپے (عہ) علاوہ محصول ڈاک ٭

مفتاح النجوم } نجوم کا علم دنیا میں ڈھکا چھپا نہیں۔ بلکہ ہر آدمی کو سیکھنے کا شوق ہوتا ہے اور سیکھنے کے لئے رہبر کی ضرورت ہے۔ بہترین رہبر ساتھی اور رفیق علم نجوم قیمت صرف دو روپے پچاس پیسہ۔

محبوب الرمل اشراق الرمل } جفر اور نجوم کے ساتھ رمل کا بہت دخل ہے۔ اور بغیر رمل کا علم جانے آپکا نجوم اور جفر کا علم تشنۂ تکمیل ہے دونوں کتب کا بہترین خلاصہ لیکن دوسرا علم۔ قیمت صرف دو روپے عہ پچاس پیسہ

حرز سلیمانی } خداوند تعالیٰ کی کلام میں بہت اثر ہے۔ پھر انہوں نے کو ممکن بنا کر دکھلانے والی کتاب تعویذات اور عملیات، کلام پاک کا بہترین مجموعہ قیمت دو روپے عہ پیسہ

وظائف عملیات کلاں } روحانیت و یکسانیت حاصل کرنے کے لئے بہترین ساتھی دنیا کا ہر بگڑا کام بنانے والی کتاب معاملات محبت اور کاروبار دنیا کی مددگار وغیرہ قیمت دو روپے پچاس پیسے۔

نافع الخلائق } خلق خدا کو فائدہ دینے اور باری تعالیٰ سے دعاؤں کے ذریعہ سے دنیا اور دین کی حاجت روائی دنیا کی سختی نہیں رہ جاتی۔ اگر یہ کتاب آپ نے پڑھلی ہے۔ قیمت ے پچاس پیسے۔

عملیات از بزرگانِ چشتیہ

دشمنوں کی شرارت دور کرنے کیلئے نہایت مجرب دعا ہے۔ اس کی گنتی اور شرائط میں کوئی پابندی نہیں۔ بلکہ ہر وقت ذکر کرتے رہنا اچھا ہے۔

دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

علاوہ ازیں سورہ تبت و سورہ الم ترکیف کا پڑھنا بھی دافع اعداء کے لئے نہایت مجرب ہے

دافع خواب بد رات کو سوتے وقت قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس ہر دو سورۃ و آیۃ الکرسی ایک ایک بار پڑھنے سے برے وسوسے اور برے خواب آنے بند ہو جاتے ہیں علاوہ ازیں یَا سُبُّوْحُ تین مرتبہ پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں اور سوتے وقت یہ دعا پڑھنا دافع خواب بد ہے۔ بِاسْمِکَ اللّٰھُمَّ وَضَعْتُ جَنْبِیْ وَبِکَ اَرْفَعُہٗ اِنْ شَاءَ اللہُ تَعَالٰی اِحْفَظْنِیْ مِنْ نَوْمِیْ جَنْبِیْ یَا تَحْفَظُ بِہٖ عِبَادَکَ الصّٰلِحِیْنَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنِ۔

ضعف بصارت کیلئے کم نظری کے لئے یہ دعا ہر نماز کے بعد پڑھنا نہایت مفید ہے
فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَاءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ۔

خنازیر کے لئے جس کی گردن میں ہجیرال یعنی کنٹھ مالا ہو۔ تو وہ ایک چمڑے کا تسمہ اپنے قد کے برابر لے کر اس میں اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دعا پڑھے۔ اگر مریض یہ عمل خود نہ کر سکے تو کسی باشریعت بزرگ عامل سے یہ تسمہ تیار کرا کے گلے میں باندھ لے۔

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللہِ وَقُدْرَۃِ اللہِ وَعَظَمَۃِ اللہِ وَبُرْھَانِ اللہِ وَسُلْطَانِ اللہِ وَکَنَفِ اللہِ وَجِوَارِ اللہِ وَاَمَانِ اللہِ وَحِرْزِ اللہِ وَمَنْعِ اللہِ وَکِبْرِیَاءِ اللہِ وَنَظَرِ اللہِ وَبَھَاءِ اللہِ وَجَلَالِ اللہِ وَکَمَالِ اللہِ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ۔

عملیات پر یقین

زمانہ کے حال مسلمان تہذیب مغرب کے دلدادہ ہیں۔ اور اسلامی تہذیب تمدن سے دور ہوں دور

جا رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ وہ روحانیت کو چھوڑ بیٹھے ہیں۔ اور وہ آیات قرآنی اور عذاب ربانی سے کوئی نصیحت نہیں پکڑتے دنیاوی راحت ولذت میں مشغول ہیں۔ اسلئے وہ روحانی عملیات وتعویذات کے منکر ہیں۔ حالانکہ زمانہ حال میں بھی اہل علم وروحانیت سے فائدہ حاصل کرنے والوں کی تعداد لاکھوں سے زائد ہے۔ اور اللہ کی کلام سے لاکھوں لوگ فائدہ اٹھا رہے ہیں۔

مگر

علم الحروف اور ان کے اعداد، علم البروج وسیارگان وغیرہ سے لاعلمی ہونے پر وہ تعویذات اور عملیات میں کامیابی حاصل نہیں کر سکتے۔ ایک بزرگ کا قول ہے کہ سب حروف میں حرف اول الف ہے۔ اور یہ دائرہ قطب ہے۔ باقی تمام حروف اسکی جوانب میں ہیں۔ اور اجسام کے اندر تدوید وتربیع کا ہونا اسی دائرہ کی نسبت سے ماخوذ ہے۔ چنانچہ دیکھنے والا جب اشکال کی جانب نظر کرے گا۔ تو تشکیل نفس کے اندر ان کا وجود ہونے سے انکو منطبع پائیگا۔ یوں سمجھئے کہ کاتب قوت فاعلیہ ہے اور قلم قوت آلیہ ہے۔ سیاہی قوت تصوریہ۔ اور خط قوت مصوریہ ہے۔ اور کاغذ وغیرہ قوت حاملہ اور راغب قوت نامیہ ہے۔ اسطرح نطق قوت معرفت ہے اور اشکال اعرابی قوت ملیہ ہے۔ تاری قوت مظہرہ اور سننے والا قوت عالمہ ہے۔

بطلیماس کا قول ہے کہ قلم طلسم اکبر ہے بعض علماء کے نزدیک خط اسرار وجود کی کلید اور شہود چراغ ہے۔ اس کا ظاہر معانی عرشیہ کی جید اور معانی فرشیہ کی قید ہے باطن اس کا منفعت اور ضرر کا ایک جامع راز ہے تمام علوم میں اشرفیت علم دین کے لئے ہے۔ جو کتاب سماوی اور خطاب نبوی کا حاصل ہو اور جس کی بلندی مقام تک اہل فرش کی پرواز محال ہے۔ اور یہ علم خدا کا نور اور جامع راز ہے جو اس کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوا وہی بارگاہ ایزدی سے فیض حاصل کر سکا اور راہ فلاح پائی

چنانچہ

اب آپ خوب سمجھ گئے ہونگے کہ یہ علم کس قدر مشکل اور کتنا سریع الاثر ہے۔ اگر اس سے واقفیت حاصل ہو جائے تو پھر کوئی عمل اور تعویذ بے اثر نہیں ہو سکتا کیونکہ ہر عمل وتعویذ سے علم کا تعلق ہے اگر علم سے ہی ناواقفیت ہو تو پھر عملیات اور تعویذات سے کس طرح فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔

لہذا

ہر عامل کیلئے نہایت ضروری ہے کہ وہ اس کتاب کے مندرجہ عملیات اور تعویذات کو اچھی طرح سمجھنے

کی کوشش کرے تاکہ وہ کامیابی حاصل کر سکے ✣

ہدایات

یہ یاد رکھیں کہ تعویذات کا لکھنا یا کسی عمل کو عمل میں لانے کے لئے بروج و سیارگان کی منازل سے واقفیت حاصل کرنا نہایت ضروری ہے۔ اور اس سے پہلے پاکیزگی قلب کی ضرورت ہے۔ اگر ان ہدایات کے سوا کوئی تعویذ یا عمل کیا جائیگا تو وہ یقیناً بے اثر ہو سکتا ہے۔ جو عمل و تعویذ کرنے کی ضرورت ہو تو اس کی شرائط پر عمل لازمی ہے۔ علاوہ صاحب عمل و تعویذ کے لئے عابد اور صاحب ریاضت ہونا بھی شرط اول ہے۔ اگر شرائط کی پابندی نہ کی جائے۔ تو بجائے فائدے کے نقصان بھی پہنچنے کا خطرہ ہے۔ چنانچہ کئی بزرگوں سے ایسے واقعات سُنے ہیں۔ کہ بغیر پابندی شرائط کے جس نے عمل کیا۔ اس کو نقصان شدید پہنچا۔ واقعہ ہے۔ کہ ایک شخص نے بغیر شرائط کی پابندی کے کوئی عمل شروع کر دیا۔ تو موکل پہلے اُس کے سامنے بطرح کیصورت میں نمودار ہوا۔ اور پھر وہ بڑھتے بڑھتے بھینس کی شکل میں ظاہر ہو گیا جس سے عامل اسقدر خوفزدہ ہوا کہ اس کو عمل بھی بھول گیا اور جان کے لالے پڑ گئے۔ جب موکل نے عامل کی یہ کیفیت دیکھی تو ایک ایسا ہاتھ مارا۔ جس سے اس کا آدھا جسم بالکل بے حس ہو گیا۔ اسلئے لازمی ہے۔ کہ ہر عمل سے پہلے اسکی تمام شرائط پر عمل کیا جائے تاکہ فائدہ کی بجائے نقصان نہ اٹھانا پڑے ✣

شرائط برائے عامل

شرط ۱۔ حروف تہجی اور ان کے اعداد سے واقف ہونا ضروری ہے

〃 ۲۔ دوازدہ بروج ان کی منازل اور خاصیت کا علم ہونا چاہیئے۔

〃 ۳ ستاروں کی چال و خواص سے واقف ہونا لازمی ہے۔

〃 ۴ منازل قمر دن رات کی نیک و بد ساعات کا علم ہونا ضروری ہے

〃 ۵ ہفت روز و چہار طرف کے موکلات کی پہچان سے واقف ہونا چاہیئے۔

〃 ۶ اسمائے باری تعالیٰ اور فوائد و طریق استخراج اور موکلات کا علم رکھنا ضروری ہے

〃 ۷ موکلات کے لئے بخورات اور ان کے تصرفات کا طریقہ سمجھنا نہایت ضروری ہے

〃 ۸ عمل کی زکوٰۃ اور اس کی شرائط کی پابندی لازمی ہے ✣

شرط ۹ ناجائز کام کے حصول سے عامل کو بچنا چاہیے ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان اٹھانا پڑتا ہے۔

〃 ۱۰ عامل پرہیزگار متقی صادق بے ریا خوش خلق اور صوم و صلوٰۃ کا پابند ہو۔

〃 ۱۱ ایام عمل یعنی ریاضت کے دنوں میں گوشت دودھ گھی وغیرہ کا ترک کرنا ضروری ہے۔

〃 ۱۲ ایام عمل میں صرف جو کی روٹی کھجور یا کشمش وغیرہ میں سے جو میسر ہو کھائے۔

〃 ۱۳ عامل فحش گوئی اور لغو کاموں و بازاری آوارہ لوگوں سے اجتناب کرے۔

〃 ۱۴ عمل کے لئے پاکیزہ جگہ یا کسی مسجد کے گوشہ میں بیٹھنا چاہیئے۔

〃 ۱۵ ایام عمل میں چارپائی پر سونا ترک کرنا اور فرش پر مقام کرنا بہتر ہے۔ حتی الامکان غلبہ نیند سے بچنا ضروری ہے۔ ورنہ نیند غالب آجائے تو اسی جگہ کچھ آرام کرنا چاہیئے۔

〃 ۱۶ اگر جنات کو تابع کرنے کے لئے عمل کیا جائے تو اس جائے نماز کے پیچھے ایک طرف آیۃ الکرسی یا سورۂ فاتحہ کے حروف جدا جدا لکھ کر رکھ دے۔ مگر بے ادبی سے بچنا ضروری ہے۔

〃 ۱۷ عامل کو اپنے عمل کی خاصیت پر یقین کامل ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ موکلات اللہ کے حکم سے ہر مشکل کام کو سرانجام دے سکتے ہیں۔ اللہ تبارک نے موکلات کو ایسی طاقت بخشی ہے۔ کہ وہ انسان کی ضمیر سے آگاہ ہوتے ہیں۔ مگر عامل کو دلی یقین ہونا ضروری ہے۔

〃 ۱۸ بعض اوقات عامل اپنے وظیفہ میں کامیاب نہیں ہوتا اور وہ نا وظیفہ کو بے اثر خیال کرتا ہے مگر یہ غلط ہے ہو سکتا ہے۔ کہ عامل سے بے ترتیبی ہوئی ہو یا ساعات کی پابندی نہیں کر سکا۔

〃 ۱۹ ایام عمل کے حالات اور واقعات جو عامل کے ساتھ پیش آئے ہوں وہ کسی اور شخص کے سامنے ہرگز بیان نہیں کرنے چاہیئے۔ کیونکہ اظہار راز سے موکلات ناراض ہوتے ہیں۔

〃 ۲۰ کسی فحش اور لغو کام کے لئے عامل کو ہرگز کوئی عمل نہ کرنا چاہیئے۔ ہمیشہ عمل وہ کرنا چاہیئے۔ جس سے شریعت مانع نہ ہو۔

〃 ۲۱ عمل کے وقت عامل کو پاکیزہ صاف خوشبودار لباس پہننا چاہیئے اور خوشبودار بخورات استعمال کرنے ضروری ہیں۔

〃 ۲۲ ۔ عامل کو لوقت اپنا مقصد دل میں قائم کرنا ضروری ہے اور اپنا مطلوب نیک ہونا چاہیئے۔ جس سے موکلات نفرت نہ کریں۔

شرط ۲۳ عامل جب اسمائے الٰہی یا آیات قرآنی کا عمل شروع کرے تو باوضو پاک و صاف ہو اور اس جگہ پر کسی غیر شخص کو آنے کی اجازت نہ ہو

اگر شرائط بالا کو مدنظر رکھ کر کوئی عمل کیا جائے تو بفضل تعالےٰ عامل کی کامیابی یقینی ہے۔

اثرات الالفاظ

ہر علم کے سیکھنے کے لئے اس کے حروف تہجی کا علم ہونا ضروری ہے اور حروف مفرد کے بعد ہی پھر مرکب کی پہچان ہوتی ہے۔ کیونکہ جب مفرد کی پہچان ذہن نشین ہو جاتی ہے تو مرکب حروف کی پہچان میں آسانی ہوتی ہے۔

لہٰذا عامل کے لئے سب سے اول حروف مفرد یعنی ہجی کا علم اور ان کے اعداد سے واقف ہونا نہایت لازمی ہے حروف ہجی کو حروف معجمہ بھی کہتے ہیں۔ حدیث میں آیا ہے۔ کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی صحابی نے دریافت کیا۔ کہ حروف معجمہ کون ہیں تو آپ نے فرمایا کہ الف سے یا تک تمام حروف معجمہ کہتے ہیں چنانچہ ان حروف کو بعض علمائے نورانی اور ظلمانی دو اقسام پر اور بعض بزرگوں نے آتشی۔ آبی۔ بادی اور خاکی چار قسموں پر تقسیم فرمایا ہے +

نورانی حروف

ا۔ ل۔ م۔ ص۔ ر۔ ح۔ ک۔ ہ۔ ی۔ ع۔ ط۔ س۔ ق۔ ن۔

چنانچہ مذکورہ حروف کے متعلق علما فرماتے ہیں۔ کہ اگر یہ حروف کسی چینی کے برتن میں لکھ کر وہ پانی کسی بچھو کے کاٹے ہوئے کو پلایا جائے۔ تو بفضل تعالےٰ درد کرب دور ہو جاتا ہے +

ظلمانی حروف

ب۔ ت۔ ث۔ ج۔ خ۔ د۔ ذ۔ ز۔ ش۔ ض۔ ظ۔ غ۔ ف

آتشی حروف

یہ سمت مشرق سے تعلق رکھتا ہے۔ ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ

خاکی

یہ جنوب کی سمت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض۔

بادی

یہ مغرب کی سمت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ

آبی

ان کا تعلق جانب شمال سے ہے۔ د۔ ح۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ۔

مؤکلات حروف کا نقشہ

نام حروف	نام مؤکل	نام حروف	نام مؤکل	نام حروف	نام مؤکل	نام حروف	نام مؤکل
الف ا	اسرافیل	دال د	دردائیل	ضاد ض	عطرائیل	کاف ک	حروزائیل
بے ب	جرائیل	ذال ذ	اہرائیل	طے ط	اسماعیل	میم م	رومائیل
تے ت	عزرائیل	رے ر	اموائیل	ظے ظ	تورائیل	نون ن	حولائیل
ثے ث	میکائیل	زے ز	سرفائیل	عین ع	لوپائیل	واؤ و	نقائیل
جیم ج	کلکائیل	سین س	ہموائیل	غین غ	لوثائیل	ہاء ہ	دوبائیل
حے ح	تنکفیل	شین ش	ہمزائیل	فاف	سرحمائیل	یاء ی	سرکھتائیل
خے خ	ہمکائیل	صاد ص	ہجائیل	قاف ق	عطرائیل		

حروف تہجی کے اعداد کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم کو قبض اور دوسری کو بسط کہتے ہیں۔ چنانچہ دونوں اقسام کا نقشہ مندرجہ ذیل ہے

تعداد نقشہ حروف قبض

ابجد۔ ہوز حطی کلمن سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰
ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ								
۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰								

حروف قبض لبسط کا نقشہ

نام حروف	تعداد قبض	تعداد بسط	نام حروف	تعداد قبض	تعداد بسط
ا	۱	۱۱۱	ض	۸۰	۸۰۵
ب	۲	۱۲	ط	۹	۱۹
ت	۴۰۰	۱۰۴	ظ	۹۰۰	۹۰۱
ث	۵۰۰	۵۱۰	ع	۷	۱۳۰
ج	۳	۵۳	غ	۱۰۰۰	۱۶۰
ح	۸	۱۸	ف	۸۰	۱۸۱
خ	۶۰۰	۶۱۰	ق	۱۰۰	۱۸۱
د	۴	۳۵	ک	۲۰	۱۰۱
ذ	۷۰۰	۷۳۱	ل	۳۰	۷۱
ر	۲۰۰	۲۱۰	م	۴۰	۹۰
ز	۷	۱۷۰	ن	۵۰	۱۰۶
س	۶۰	۱۲۰	و	۶	۱۳
ش	۳۰۰	۳۶۰	ہ	۵	۱۵
ص	۹۰	۹۵	ی	۱۰	۲۰

اثرات بروج وان کے نام

حروف تہجی کی تعداد قبض و بسط سمجھنے کے بعد عامل کو بارہ برجوں کے خواص اور ان کے

مؤکلات کا بھی صحیح ہونا لازمی ہے۔ چنانچہ بروج کے متعلق باری تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا السّماءِ بروجاً اور حضرت ابن عباسؓ نے اس کی تفسیر بارہ بروج فرمائی ہے۔ جن کے نام یہ ہیں۔

حمل۱۔ ثور۲۔ جوزا۳۔ سرطان۴۔ اسد۵۔ سنبلہ۶۔ میزان۷۔ عقرب۸۔ قوس۹۔ جدی۱۰۔ دلو۱۱۔ حوت۱۲۔

ان سب کی تفصیل درج ذیل ہے۔

برج حمل اس کا ہندی نام میکھ ہے۔ شکل اس کی مینڈھے کی طرح ہے۔ اور اس کا تعلق اٹھارہ ستاروں سے ہے۔ تیرہ ستارے داخل صورت میں اور پانچ خارجی ہیں۔ ان میں سے دو روشن ستارے ہیں ان کا نام شرطین ہے اور ایک خارجی صورت میں ہے۔ اسکو ناطح کہا جاتا ہے۔ جو ستارے اسکے اردگرد واقع ہیں انکو بسطین کہا گیا ہے +

برج ثور ہندی میں اس کا نام برکھ ہے شکل اس کی مشابہ بلبل کے ہوتی ہے اور اس کے ساتھ تیرہ ستارے تعلق رکھتے ہیں۔ دو ستارے داخلی اور گیارہ خارجی صورت میں اس کے ساتھ ہیں سرخ ستارہ اس کی ایک آنکھ پر ہے جس کو دبران کہا جاتا ہے۔ اور جو ستارے اسکے کندھے پر ہیں۔ وہ ثریا کے نام سے مشہور ہیں۔

برج جوزا ہندی میں اس کو متھن کہتے ہیں۔ دو جڑے ہوئے انسانوں کی طرح اس کی شکل ہے۔ اور اس کے ساتھ پچیس ستارے ہیں۔ جن میں سے اٹھارہ داخلی اور سات خارجی ہیں۔ روشن دو ستارے اس کے سر پر ہیں۔ ان کو ذراع اور دو ستارے پستان پر ان کو ہقعہ کہتے ہیں۔

برج سرطان اہل نجوم اس کو کرک کہتے ہیں۔ کیکڑے کی طرح اس برج کی شکل ہے۔ اس کے ساتھ تیرہ ستارے ہیں۔ نو داخلی اور چار خارجی جن میں سے ایک ستارہ بہت روشن اس کے سر کے نزدیک ہے۔ جو نثرہ ہے اور ایک ستارہ پاؤں پر ہے۔ اس کا نام طرفہ ہے +

بُرج اسد ہندی میں اس کو سنگھ کہتے ہیں شکل شیر کی طرح ہے۔ اور پینتیس ستاروں کے ساتھ اس کا تعلق ہے۔ ان میں سے داخلی ستائیس اور خارجی آٹھ ہیں۔ ان کو طرفہ کہا جاتا ہے چار ستارے جو اس کی گردن پر ہیں۔ ان کو جبھ اور جو اس کے سینہ پر ہیں۔ ان کو قلب کہتے ہیں اس کی پشت پر بھی ستارے ہیں۔ یہ زہرہ کے نام سے مشہور ہیں۔

بُرج میزان اس کا نام ہندی میں تُلا ہے۔ یہ ترازو کی شکل پر ہے۔ اور اس کے ساتھ سترہ ستارے ہیں۔ ان میں سے آٹھ داخلی اور نو خارجی ستارے ہیں یہ زہرہ کے نام سے مشہور ہیں۔

بُرج سنبلہ ہندی میں اس کا نام کنیا ہے۔ عورت کی شکل پر ہے۔ اور اسکے ساتھ بتیس ستارے کا تعلق ہے جن میں سے ستائیس داخلی اور پانچ خارجی اور ایک روشن ستارہ اس کے کندھے پر ہے اس کو عوا کہتے ہیں۔ اور جو ستارہ اس کے بائیں پاؤں پر ہے۔ اس کا نام غفرا ہے۔

بُرج عقرب اس کو برچھک کہتے ہیں۔ اس بُرج کی شکل بچھو کی طرح ہے، چوبیس ستارے اس کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں سے اکیس داخلی اور تین خارجی ہیں۔ جو ستارے اس کی پیشانی پر ہیں۔ ان کو اکلیل اور جو دو ستارے اس کی دُم پر ہیں۔ ان کو شولہ کہتے ہیں۔

بُرج قوس اہل ہندی اس کو دھن کہتے ہیں۔ اس برج کی شکل کمان جیسی ہے۔ داخلی و خارجی صورت میں اس کے ساتھ اکیس ستارے ہیں۔

بُرج جدی ہندی میں اس کا نام مکر ہے۔ شکل اس کی بکری کی طرح ہے تیس ستارے داخلی و خارجی صورت میں اس کے ساتھ ہیں اور دو ستارے اس کی گردن پر ہیں۔ جن کا نام سعد و ذریح ہے۔

بُرج دلو اس کو کمبھ ہندی میں کہتے ہیں۔ اس کی شکل ایک مرد جیسی ہے جس کے ہاتھ میں ڈول پکڑا ہے۔ بیالیس ستارے داخلی و خارجی صورت میں اس کے ساتھ ہیں۔ ان میں سے دو ستارے جن کا نام سعد السعود ہے اس کی دائیں طرف ہیں۔ اور تین ستارے بائیں طرف ہیں۔

برج حوت

اس کو ہندی میں مین کہتے ہیں۔ شکل اس کی دو مچھلیوں کی طرح ہے۔ اور چونتیس ستاروں کا اس کے ساتھ تعلق ہے۔ جن میں سے تیس ستارے داخلی اور چار خارجی ہیں ۔

ہندی میں جن مہینوں کے ساتھ ان بارہ برجوں کا تعلق ہے۔ کسی شاعر نے ان کو اس طرح نظم کیا ہے ؎

حمل بیساکھ سے ہے نقطہ پرواز — مقرر ثور کو رکھ جیٹھ ہمراز
اساڑھ ہندی میں جوزا ہیں کہتے — جو ہے سرطان ساون اس کو کہتے
اسد بھادوں اسوج سنبلہ ہے — اور میزان کاتک کا مہینہ حاصلہ ہے
کہو عقرب کو اگہن قوس کو پوس — جدی کو ماگھ کہدے صاحب ہوش
لکھ اشرف دلو کو پھاگن مقرر — کہ کہتے حوت کو ہیں چیت اکثر

جن اسلامی مہینوں سے ان بروج کا تعلق ہے۔ انکی تفصیل ذیل میں ہے ۔

نام برج	نام ماہ اسلامی	نام برج	نام ماہ اسلامی	نام برج	نام ماہ اسلامی	نام برج	نام ماہ اسلامی
حمل	محرم	سرطان	ربیع الثانی	میزان	رجب	جدی	شوال
ثور	صفر	اسد	جمادی الاول	عقرب	شعبان	دلو	ذیقعد
جوزا	ربیع الاول	سنبلہ	جمادی الثانی	قوس	رمضان	حوت	ذی الحجہ

بعض محققین نے ان بارہ بروج کو ذیل کے ممالک سے منسوب کیا ہے ۔

نام برج	نام متعلقہ ممالک	نام برج	نام متعلقہ ممالک	نام برج	نام متعلقہ ممالک
حمل	بابل۔ فارس۔ آذربائیجان	اسد	ترکی۔ فلسطین	قوس	بغداد۔ اصفہان
ثور	ہمدان۔ ایران۔ اکراد	سنبلہ	شام جزائر عرب۔ دجلہ فرات	جدی	کرمان عمان ہندپاکستان
جوزا	جرجان گیلان	میزان	روم۔ افریقہ۔ مصر حبش	دلو	کوفہ۔ حجاز
سرطان	چین۔ خراسان	عقرب	حجاز۔ یمن	حوت	طبرستان۔ اسکندریہ روم

بارہ بروج کی تذکیر و تانیث و تاثیر

نام بروج	تذکیر و تانیث	تاثیر	نام بروج	تذکیر و تانیث	تاثیر	نام بروج	تذکیر و تانیث	تاثیر	نام بروج	تذکیر و تانیث	تاثیر
حمل	نر	آتشی	مرطان	مادہ	آبی	میزان	نر	بادی	جدی	مادہ	خاکی
ثور	مادہ	خاکی	اسد	نر	آتشی	عقرب	مادہ	آبی	دلو	نر	بادی
جوزا	نر	بادی	سنبلہ	مادہ	خاکی	قوس	نر	آتشی	حوت	مادہ	آبی

عامل کی ضرورت کیلئے ان بارہ بروج کے متعلقہ موکلات اور حروف و تاریخ نحس کا نقشہ ذیل میں لکھا ہے۔

نام برج	نام موکل	حروف	نحس تاریخیں
حمل	اسرافیل	ج - م - ف - ش - ذ	۶ - ۱۱ - ۲۰ - ۲۹
ثور	عزرائیل	ب - دی - ن - ص - ظ - ض	۳ - ۹ - ۱۳ - ۲۵ - ۲۸
جوزا	اسرافیل	ج - د - ک - س - ق - ث - ظ	۴ - ۱۲ - ۱۷ - ۱۸ - ۲۰
سرطان	قحصائیل	ذ - ح - ل - ع - ر - خ - غ	۱۲ - ۱۷ - ۱۸ - ۲۲ - ۲۵
اسد	شراطیل	ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ	۶ - ۱۲ - ۱۳ - ۲۱ - ۲۵
سنبلہ	تھکائیل	ب - و - ی - ن - ص - ت - ظ	۸
میزان	سہرافیل	و - ح - ل - ع - ر - خ - غ	
عقرب	صرحائیل	ا - ہ - ط - م - ف - ش - ذ	۷ - ۹ - ۲۲ - ۲۳ - ۲۸
قوس	سرطائیل	ب - د - م - ی - ن - ص - ت - ض	۱۳ - ۱۵ - ۱۷ - ۲۷ - ۲۸
جدی	شمکائیل	ج - ذ - ک - ش - ق - ت - ظ	۱۷ - ۲۲ - ۲۴ - ۲۵
دلو	ہیکائیل	د - ح - ل - ی - خ - غ	۱ - ۱۲ - ۱۷ - ۲۳ - ۲۹
حوت	قصبائیل	ج - ر - ک - س - ق - ث - ظ	۲۴ - ۲۹ - ۳۰

ان بارہ برجوں کو بعض بزرگوں نے تین تقسیم کیا ہے ایک قسم منقلب دوسری ثابت اور تیسری ذوجدین سے اور پھر ان تین اقسام کو چار چار برجوں میں تقسیم کیا ہے۔ منقلب کے ساتھ چار برج

حمل سرطان میزان اور جدی ہیں۔ اور ثابت کا تعلق ثور۔ اسد۔ عقرب و دلو سے ہے۔ جوزا۔ سنبلہ۔ قوس۔ حوت کا تعلق ذو جدین کے ساتھ ہے۔

عامل کے لئے لازم ہے۔ کہ جب سورج بروج منقلب میں ہو تو اس وقت صحت کشائش رزق اور دشمن کو نقصان پہنچانے کا عمل کرے اور جب آفتاب ثابت کے بروج میں ہو تو اس وقت بغض و حسد وغیرہ کا عمل کرے۔ بلکہ جب آفتاب بروج ذو جدین میں ہو تو پھر ایسا عمل کرنے میں کامیاب ہو گا۔

قرآن کریم میں ستاروں کا بیان

ستاروں کے متعلق قرآن مجید میں اللہ تبارک تعالیٰ نے بہت جگہ ارشاد فرمایا ہے۔ چنانچہ ایک جگہ فرمایا وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ (یعنی لوگ ستاروں سے راستہ تلاش کرتے ہیں) ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ کہ علم نجوم نفع بخش ہے لیکن اعوام اس کو نہیں جانتے۔ بعض مفسرین نے فَالْمُدَبِّرَاتِ أَمْرًا کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ اس سے سیارگان مراد ہے۔ جب ایک بروج سے دوسرے بروج یعنی مشرق سے جنوب کو جاتے ہیں تو عالم سفلی میں رد و بدل ہوتا۔ فصلوں میں تغیر ہوتا ہے اور اس سے ہزار ہا فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ ہر ستارے کی خاصیت اور موکل جدا جدا ہوتے ہیں۔ اور اسی طرح متعلقہ حروف بھی مختلف ہوتے ہیں اور ان کی خاصیت بھی مختلف ہوتی ہے۔ جیسا کہ سیاروں کے متعلق نقشوں میں رنگ مقام۔ رفتار بروج۔ موکل۔ سعد و نحس اور بخورات وغیرہ درج کئے گئے ہیں۔ اور اب بیان پر ہر ایک ستارے کی تفصیل تحریر کی جاتی ہے۔ یہ سات ستارے ہیں۔ جن کو سبعہ سیارہ کے نام سے شہرت حاصل ہے:-

قمر　عطارد　زہرہ　شمس　مریخ　مشتری　زحل

قمر { یعنی سوموار اس کا مقام آسمان اوّل پر ہے۔ یہ ساتوں سیاروں سے چھوٹا مگر سریع السیر۔ ہر برج میں یہ دو اور دو ثلث رہتا ہے۔ تمام آسمان کی مسافت ایک ماہ میں طے کرتا ہے۔ یہ ستارہ نر ہے اور تاثیر اس کی سرد ہے۔ اس کا موکل اسمٰعیل اور حرف اس کے چار ہیں ح۔ ل۔ س۔ ف ہیں۔

عطارد { یعنی بدھ اس کا مقام آسمان دوئم میں ہے۔ یہ ستارہ مختلف حال پر ہے۔

سعد کے ہمراہ سعد اور نحس کے ساتھ نحس ہے۔ اہل نجوم کی اصطلاح میں ان کو منافق کہا گیا ہے
اور یہ ہر برج میں پندرہ دن رہتا ہے۔ اور تمام آسمان کو اکیسو اٹھائیس دنوں میں طے
کرتا ہے۔ مونث ہے۔ تاثیر اس کی برودت وغیرہ میں مساوی اور موکل اس کا شمحائیل
ہے۔ حرف اس کے ب۔ ص۔ ث۔ ذ۔ ہیں

زہرہ جمعہ سے مراد ہے۔ مقام اس کا تیسرے آسمان پر ہے۔ یہ سعد ہے ہر برج کو پچیس دنوں میں تمام آسمان کی دو سو پچیس روز میں گشت کرتا ہے۔ تاثیر اس کی بارد رطب اور موکل اس کا سیدیائیل ہے یہ مونث ہے حرف اس کے ش۔ ط۔ اور ف ہیں

شمس یعنی اتوار مقام اس کا چوتھے آسمان پر ہے سعد ہے لیکن جب نحس ستارے کے ساتھ ملتا ہے تو نحس ستارہ ہو جاتا ہے یہ بہت بڑا سیارہ ہے ہر
برج میں اس کا مقام تیس روز ہے۔ اور تمام آسمان تین سو پینسٹھ ¼ دن میں طے کرتا ہے۔
تاثیر اس کی حار یابس اور موکل اس کا صلصائیل ہے۔ مذکر ہے حرف ان کے ح۔ ی۔ ع ہیں۔

مریخ منگل سے مراد ہے۔ مقام اس کا پانچویں آسمان پر ہے۔ یہ نحس اصغر ہے۔ ہر برج کو چالیس دن میں اور تمام آسمان کو چھ سو تیس دنوں میں طے کرتا ہے تاثیر حار یابس
اور موکل اس کا کلکائیل یہ مذکور ہے حرف اس کے ہ۔ ن۔ ث۔ ہیں

مشتری جمعرات مقام اس کا چھٹے آسمان پر سعد ہے۔ ہر بروج میں ایک برس مقام کرتا ہے اور تمام آسمان گیارہ سال اور ستائیس دنوں میں طے کرتا ہے۔ مذکور
ہے۔ تاثیر اس کی معتدل اور موکل اس کا سمحائیل ہے حروف اس کے ظ۔ ک۔ ق ہیں

زحل اس کی مراد ہفتہ سے ہے مقام اس کا فلک ہفتم پر ہے نحس اکبر ہے ہر برج میں تیس ماہ مقام کرتا ہے اور تمام آسمان کو انتیس سال میں طے کرتا ہے تاثیر اس کی بارد یابس مذکر ہے۔ اسکے موکل
کے نام خوبائیل اور حروف اس کے ح۔ ل۔ ش ہیں

سیاروں کی تاثیر و رنگ و سعد و نحس

نام سیارگان	رنگ	تاثیر	طرف	سعد و نحس
قمر	سفید	میٹھا	شمال	سعد اکبر
عطارد	سیاہی مائل	نمکین سرد	مغرب	سعد و نحس میں برابر

نام سیارگان	رنگ	تاثیر	طرف	سعد و نحس
زہرہ	سبز زرد	سرد جلالی	مغرب	سعد اکبر
شمس	زرد و سرخ	گرم شیریں جلالی	مشرق	سعد اکبر
مریخ	سرخ	نمکین جلالی	مغرب	نحس اصغر
مشتری	زرد	گرم شیریں و جلالی	مشرق	سعد اکبر
زحل	سیاہ	تلخ ۔ گرم	جنوب	نحس اکبر

تاثیرات سیارگان و بخورات

نام سیارگان	نام بروج	دشمنی یا دوستی کے واسطے	بخورات
قمر	سرطان	زبان بندی خواب بندی دوستی کیلئے	شہد و عود
عطارد	جوزا و سنبلہ	محبت و خواب بندی کے لئے	کافور و عود
زہرہ	میزان و ثور	؍؍ ؍؍ ؍؍	شکر، لوبت خشخاش، زعفران مشک
شمس	اسد	بیماری محبت زبان بندی کے لئے	صندل و عود
مریخ	حمل عقرب	دشمنی عداوت کے واسطے	صندل سرخ و سفید اور عود
مشتری	قوس و حوت	دوستی کے واسطے	لونگ سندور مشک و عود
زحل	جدی و دلو	دشمنی کے واسطے	عنبر سندور شکر رال عود حب النسا

نقشہ جات کو دیکھنے کے بعد آپ کو معلوم ہو چکا ہے۔ کہ ستاروں کی تاثیرات مختلف ہیں۔ کوئی سعد اور کوئی نحس چنانچہ جس وقت تاثیر ستارہ سعد ہو تو اس وقت عمل میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ اور جس وقت اس کی تاثیر نحس ہو۔ تو عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ یہ سبعہ سیارے جن کا پہلے ذکر کیا ہے۔ دن رات دورہ کرتے ہیں۔ اور اہل نجوم نے تحقیقات کرنے کے بعد ان کی ساعتیں مقرر کر دی ہیں۔ ہر ساعت کی تاثیر مختلف بیان کی ہے چنانچہ عامل حضرات کے عمل پڑھنے ....

کے لئے جو ساعتیں مقرر ہیں۔ اگر اُن میں عمل کیا جائے یا تعویذ کیا جائے۔ تو کامیابی حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر ان ساعتوں کے خلاف عمل کیا جائے تو عمل میں کامیابی کا کوئی امکان نہیں ہوتا۔ لہذا عامل کے لئے یہ ضروری ہے۔ کہ وہ عمل یا تعویذ لکھنے سے پہلے یہ دیکھے کہ آج کون سا دن اور کونسا ستارہ ہے اور یہ سعید ہے یا نحس ہے۔ پھر عمل پڑھے یا تعویذ لکھے۔ ورنہ محنت رائیگاں جائیگی۔

عامل حضرات کی اس اہم ضرورت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے تمام روز ساعتوں کے نقشے اور ان ساعتوں کے نیک و بد کام لکھ دیئے ہیں نقشہ ملاحظہ فرما کر اپنے کام میں کامیابی حاصل ہوئی۔

تاثیر سیارگان ایام کے حساب سے بروز اتوار یعنی یکشنبہ

نام دن	ساعتوں کی تعداد	نام سیارگاں	اعمال کی تفصیل یعنی کونسا کام کرنا چاہیئے اور کونسا نہیں
یکشنبہ اتوار	ساعت اول	شمس	اس میں محبت کا عمل کریں۔ حکام کیطرف کرنا اور نیا لباس پہننا چاہیئے
؍؍	؍؍ دوئم	زہرہ	کوئی نیا کام اس میں شروع نہ کریں۔
؍؍	؍؍ سوئم	عطارد	تعویذات لکھیں اور سفر کو جائیں۔
؍؍	؍؍ چہارم	قمر	اسمیں خرید و فروخت نہ کریں اور نہ ہی کوئی نیا کام شروع کریں۔
؍؍	؍؍ پنجم	زحل	بغض و دشمنی اور حسد کے تعویزات لکھیں یا عمل کریں۔
؍؍	؍؍ ششم	مشتری	حکام کے آگے اپنا دلی مقصد بیان کیا جائے
؍؍	؍؍ ہفتم	مریخ	یہ نحس ہے کوئی نہ کیا جائے۔
؍؍	؍؍ ہشتم	شمس	یہ نیک ساعت ہے جو کام کیا جائے۔ اسمیں کامیابی ہوگی۔
؍؍	؍؍ نہم	زہرہ	اس میں محبت و تسخیر کا عمل کیا جائے، رمز کے لئے مبارک ہے
؍؍	؍؍ دہم	عطارد	یہ نیک ساعت ہے۔ محبت کے عمل کے لئے بہتر ہے۔
؍؍	؍؍ گیارہ	قمر	اس میں طلسمات و شعبدات لکھنا بہتر ہے۔
؍؍	؍؍ بارہ	زحل	یہ نحس ساعت ہے بغض و عداوت کے عمل کے لئے بہتر اور اچھے کاموں کے لئے برا ہے۔

بروز پیر دوشنبہ

اعمال کی تفصیل کونسا کام کرنا چاہیئے اور کونسا نہیں کرنا اسمیں زبان بندی و تسخیر کا عمل کرنا بہتر ہے ۔	نام سیارگان قمر	ساعات کی تعداد ساعت اول	دن دوشنبہ پیر
اس کے لئے اچھی ساعات ہے اور حکام بالا سے ملاقات کرنے میں کامیابی ہوگی	زحل	دوئم	״
اگر میاں بیوی میں مخالفت ہو تو اس ساعت میں تسخیر کا عمل کریں ۔	مشتری	سوئم	״
اس ساعت دشمن پر فتح حاصل کرنے یا اسکو جسمانی نقصان پہنچانے کیلئے عمل کریں	مریخ	چہارم	״
یہ ساعت نظام کیلئے اچھی ہے حصول مقاصد و تسخیر کا عمل کریں ۔	شمس	پنجم	״
اس میں شعبدات و طلسمات وغیرہ کریں ۔	زہرہ	ششم	״
اس میں عمل برائے تسخیر زبان و نکاح کرنا بہتر ہے ۔	عطارد	ہفتم	״
اعمال حب میاں بیوی کی محبت کیلئے موزوں ہے ۔	قمر	ہشتم	״
لغض حسد و دشمن کو آزار پہنچانے کے لئے عمل کریں ۔	زحل	نہم	״
یہ ساعت سعد ہے ہر کام میں کامیابی ہوگی ۔	مشتری	دہم	״
اس میں بغض و حسد کے عمل یا تعویذ لکھیں	مریخ	گیارہ	״
اس میں زبان بندی و اعمال حب کے کرنے چاہئیں	شمس	بارہ	״

بروز منگل سہ شنبہ

دن یا	ساعتوں کی تعداد	نام سیارگان	اعمال کی تفصیل کونسا کام کرنا چاہیئے ۔ اور کونسا نہیں کرنا ۔
سہ شنبہ منگل	ساعت اول	مریخ	بغض عداوت اور دشمن کو زیر کرنے کا عمل کرنا چاہیئے ۔
〃	دوئم	شمس	کوئی کام نہ کیا جائے یہ نحس ساعت ہے ۔
〃	سوئم	زہرہ	اگر اسمیں نکاح کیا جائے تو جو اولاد ہو گی ۔ نہایت صالح ہو گی ۔
〃	چہارم	عطارد	اسمیں بیماری سے رہائی حاصل کرنے اور دشمن کی خلاصی پانے کیلئے عمل کریں
〃	پنجم	قمر	اس ساعت میں کوئی نیا کام شروع نہ کیا جائے ۔ نحس ہے ۔
〃	ششم	زحل	اگر کسی دشمن کو بیمار کرنے کا مقصد ہو تو ایسا عمل اس ساعت میں کریں
〃	ہفتم	مشتری	بیماری کو دور کرنے اور تسخیر کے لئے عمل یا تعویذ کرنا بہتر ہے ۔
〃	ہشتم	مریخ	اگر دشمن کو آزار پہنچانا مقصود ہو تو اس ساعت میں عمل کریں
〃	نہم	شمس	یہ ساعت نکاح اور عمل حب کے لئے بہتر ہے ۔
〃	دہم	زہرہ	اسمیں کوئی عمل یا نیا کام نہ کیا جائے یہ نحس ہے
〃	گیارہ	عطارد	اس ساعت میں کوئی سفر نہ کریں ۔
〃	بارہ	قمر	یہ ساعت حسد و بغض کے عمل کے لئے بہتر ہے ۔

بدھ چہار شنبہ

دن	ساعات کی تعداد	نام سیارگان	اعمال کی تفصیل کونسا کام کرنا چاہیئے اور کون سا نہیں کرنا
بدھ چہار شنبہ	ساعت اول	عطارد	یہ ساعت حُب و تسخیر کے عمل کے لئے نیک ہے۔
״	دوئم	قمر	یہ نحس ہے کوئی عمل نہ کریں
״	سوئم	زحل	امراض سے شفا پانے کے لئے تعویذ لکھیں
״	چہارم	مشتری	یہ ساعت عمل حب و کشائش رزق کے لئے بہتر ہے۔
״	پنجم	مریخ	یہ نحس ساعت ہے۔ اس میں بغض عداوت و حسد کے اعمال کریں۔
״	ششم	شمس	سفر کیلئے اچھی ساعت ہے۔ اعمال ترقی رزق رحمت کیلئے بہتر ہے
״	ہفتم	زہرہ	اس ساعت میں جو کام کیا جائے بخیر و خوبی انجام پائے گا۔
״	ہشتم	عطارد	بچوں کو نظر بد اور بچوں کا رونا بند کرنے کے لئے عمل کریں۔
״	نہم	قمر	اس ساعت میں بغض و عداوت کا کوئی عمل نہ کیا جائے۔
״	دہم	زحل	یہ ساعت حکام کی ملاقات کے لئے اچھی ہے۔
״	گیارہ	مشتری	اس میں نیک کام کرنا اچھا ہے۔
״	بارہ	مریخ	اس ساعت میں کوئی عمل حسد و بغض کا نہ کیا جائے

جمعرات پنجشنبہ

دن	ساعات کی تعداد	نام سیارگان	اعمال کی تفصیل کونسا کام کرنا چاہیئے اور کونسا نہیں کرنا۔
پنجشنبہ جمعرات	ساعت اول	مشتری	اس ساعت میں ترقی کاروبار قید سے رہائی تسخیر حب کے اعمال کیئے جائیں۔
؍؍	دوئم	مریخ	یہ نحس ساعت ہے۔ اس میں کوئی نیا کام نہ کیا جائے اور سفر کریں
؍؍	سوئم	شمس	کوئی سفر نہ کریں اور نہ ہی حب کا تعویز لکھیں۔
؍؍	چہارم	زہرہ	یہ اچھی ساعت ہے۔ عمل حب و تسخیر کے لئے بہتر ہے
؍؍	پنجم	عطارد	اس ساعت میں نکاح بہتر ہے۔ اعمال حب کے لئے بہتر ہے
؍؍	ششم	قمر	سفر اور حکام کی ملاقات کیلئے اچھی ساعت ہے۔
؍؍	ہفتم	زحل	یہ ساعت سعید ہے ہر کام میں کامیابی ہو۔
؍؍	ہشتم	مشتری	ترقی۔ رزق و عمل حب کے لیے نیک ساعت ہے
؍؍	نہم	مریخ	عمل تسخیر و حکام سے اپنا مقصد بیان کرنے میں کامیابی ہو
؍؍	دہم	شمس	اگر حکام سے مدد طلب کرنی ہو۔ تو بہتر ساعت ہے۔
؍؍	گیارہ	زہرہ	تعویذات حب و عمل تسخیر کے لئے اچھی ساعت ہے۔
؍؍	بارہ	عطارد	یہ نحس ساعت ہے کوئی نیا کام شروع کرنا منع ہے۔

شکروار جمعہ

دن کا نام	ساعات کی تعداد	نام سیارگان	اعمال کی تفصیل کون سا کام کرنا چاہیئے اور کون سا نہیں کرنا۔
شکروار جمعہ	ساعت اول	زہرہ	نکاح و عمل حُب و تسخیر کے لئے نیک ساعت ہے ۔
ر	دوئم	عطارد	طلسمات وغیرہ لکھنے کے لئے بہتر ساعت ہے ۔
ر	سوئم	قمر	یہ نحس ہے اس میں کوئی کام نہ کیا جائے ۔
ر	چہارم	زحل	اس میں تعویزات نظر بد لکھنا بہتر ہے ۔
ر	پنجم	مشتری	عمل حُب و میاں بیوی کی محبت وغیرہ کے تعویز لکھیں ۔
ر	ششم	مریخ	عمل برائے قضائے حاجات اور حکام سے ملاقات وغیرہ کیلئے نیک ساعت ہے
ر	ہفتم	شمس	تعویزات حُب و نکاح کے لئے نیک ساعت ہے ۔
ر	ہشتم	زہرہ	ہر کام کرنے کے لئے اچھی ساعت ہے ۔
ر	نہم	عطارد	اس ساعت میں عمل تسخیر و حُب کرنا چاہیئے ۔
ر	دہم	قمر	اس میں اعمال برائے بغض و عداوت کریں ۔
ر	گیارہ	زحل	کوئی عمل یا تعویز نہ لکھنا چاہیئے یہ نحس ساعت ہے ۔
ر	بارہ	مشتری	عمل برائے قضائے حاجات و تسخیر اور حُب کیلئے نہایت بہتر ساعت ہے ۔

ہفتہ شنبہ

دن کا نام	ساعات کی تعداد	نام سیارگان	اعمال کی تفصیل کون سا کام کرنا چاہیئے۔ اور کونسا نہیں کرنا۔
ہفتہ شنبہ	ساعت اوّل	زحل	یہ ساعت شروع روز میں سعد ہے اسمیں عمل حب یا کشائش رزق کریں اگر آخر دن میں نحس ہے تو اعمال بغض و عداوت کے لئے بہتر ہے۔
؍؍	دوئم	مشتری	عملِ تسخیر و حُب کا کریں۔
؍؍	سوئم	مریخ	عمل بغض و عداوت کریں۔
؍؍	چہارم	شمس	اعمال تعویزات حُب، قضائے حاجات و ترقی رزق وغیرہ کیلئے نیک ساعت ہے۔
؍؍	پنجم	زہرہ	عملِ حُب کے لئے موزوں ہے۔
؍؍	ششم	عطارد	دولت و ترقی رزق کے حصُول کے لئے عمل کریں۔
؍؍	ہفتم	قمر	یہ نحس ساعت ہے۔ کوئی کام نہ کریں۔
؍؍	ہشتم	زحل	اس ساعت میں دشمن کو ایذا پہنچانے یا علیل کرنے کا عمل کیا جاتا ہے۔
؍؍	نہم	مشتری	یہ ساعت نیک ہے ہر کام میں کامیابی ہوگی۔
؍؍	دہم	مریخ	یہ نحس ہے۔ دشمنوں کو علیل کرنے کا عمل کریں۔
؍؍	گیارہ	شمس	تعویزات یا عملِ حب اور تسخیر کے لئے نیک ساعت ہے۔
؍؍	بارہ	زہرہ	یہ ساعت تعویزات حُب تسخیر اور میاں اور بیوی کے ملاپ کیلئے نیک ہے۔

دونوں کی ساعتیں اور ان کی تاثیرات کو ذہن نشین کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ان دنوں کے علوی سماوی سفلی اور ارضی موکلات یاد رکھیں اس لئے کہ عامل جس دن عمل کرے اس دن کے موکل کا نام ادب سے لے کر امداد طلب کرے تو انشاءاللہ عامل کو اس عمل میں کامیابی ہوگی۔ لہذا ایام کے موکلات و موکلات چہار طرف کے نقشے ذیل میں لکھے جاتے ہیں:۔

موکلاتِ ایام

دن کا نام	موکل علوی سماوی	موکل ارضی و سفلی	دن کا نام	موکل علوی سماوی	موکل ارضی سفلی
اتوار یک شنبہ	روفیائیل ع	ابو عبداللہ المذہب	پنجشنبہ جمعرات	اسرافیل مرغائیل ع	العبد سحصووس
سوموار دوشنبہ	جبرائیل ع غادم شمہائیل	ابو عبداللہ حارث	جمعہ	عیسائیل ع	عبدالرحمن القبیض
منگل سہ شنبہ	صلصائیل سسائیل	الاحمر	شنبہ ہفتہ	عزرائیل حفیعیائیل	ابونوح سمیون الجانی
چہار شنبہ بدھ	میکائیل الوائیل	ردلیعہ ۔ یرقان			

موکلات چہار سمت

ذیل میں موکلات چہار سمت کے نام کا نقشہ تحریر کیا جاتا ہے جو عامل کے یاد رکھنے کے لئے نہایت ضروری ہے۔ مگر موکلات کے نام نہایت ادب سے لے کر امداد حاصل کرنی چاہئے۔

نام طرف	موکل کا نام اور اس کے مددگار ۔
مشرق	اس طرف کا موکل دنیائیل ہے اسمیں تین مددگار ہیں ایک اسم عمائیل اور دوسرے کا حمار قیائیل تیسرے کا نام سجائیل ہے
مغرب	نام موکل دردبائیل ہے مددگار تین ہیں جنکا نام جبرلقیل اور دوسرے کا نام قسمائیل اور تیسرے کا نام وشبائیل ہے
قبلہ	اسطرف کا نام ابنائیل ہے اور مددگار تین ہیں ایک کا نام فرغوئیل ۔طاسیل ۔واللون ہے ۔
جنوب	موکل کا نام صرفیائیل اور مددگار اس کے تین ہیں ۔تمیائیل ۔صبائیل ۔سرمرکائیل ہیں
شمال	موکل کا نام اسپائیل ہے مددگار فرعیئیل اور طابیل ہیں ۔

خواص اسمائے حسنیٰ

گو کہ اسمائے باری تعالیٰ کی تعداد مقرر نہیں ہو سکتی۔ مگر علمائے کرام نے قرآن کریم سے اسماؤ حسنیٰ کو حاصل کیا ہے اور انکی تفسیر بیان فرمائی ہے لہٰذا ان اسمائے حسنیٰ کا ورد کرنا بغیر کسی کامل بزرگ کی اجازت کے منع ہے لیکن کوئی عابد بزرگ جو پابند صوم صلوٰۃ ہو اگر ان کا ورد کرنا چاہے اور ذیل کو مد نظر رکھے

(۱) حاجتمند شخص کو قضائے حاجت کیلئے اسی اسم کی تلاوت کرنا چاہیئے جو ایسی خاصیت رکھتا ہو جیساکہ اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو اس کو یا ودود پڑھنا چاہیئے اور اسی طرح مسخر قلب کے لئے یا رؤف پڑھنا چاہیئے۔

(۲) جس قدر اسم کے اعداد ہوں۔ اس کے مطابق تلاوت کی جائے۔

(۳) تلاوت اسم الٰہی کے لئے نہائت پاک وصاف جگہ ہو۔ خلوت نشینی لازمی ہے۔

(۴) تلاوت کے وقت کسی دوسری طرف نہ دیکھے۔

(۵) تلاوت کے دنوں میں پیاز۔ لہسن اور ہر قسم کی بدبو دار اشیا کھانے سے پرہیز چاہیئے۔

(۶) صرف جو کی روٹی کھانی چاہیئے۔ باقی مرغن غذا گوشت وغیرہ سے بالکل پرہیز چاہیئے۔

(۷) رزق حلال پر قناعت ہو۔

(۸) پاکیزہ جسم پاکیزہ خوراک پاکیزہ لباس لازمی ہے۔

(۹) نماز پنج وقتیہ کی پابندی نہائت ضروری ہے

(۱۰) غلبہ نیند سے بچنا چاہیئے اگر نیند آجائے تو جس مقام پر بیٹھا ہو اسی جگہ ذرا آنکھ بند کرے علاوہ ان شرائط کے باقی شرائط جو عامل کے لئے پہلے لکھی گئی ہیں۔ ان کی پابندی بھی ضروری ہے علاوہ ازیں اسمائے حسنیٰ کے موکلات نقشہ اسمائے حسنیٰ معہ موکلات عناصر و اعداد وغیرہ سے بھی واقفیت ضروری ہے جس کیواسطے نقشہ دیکھیں۔

نقشہ اسمائے حسنیٰ معہ موکلات و تعداد حروف

اسمائے حسنیٰ	معنی	موکل کا نام	تعداد حروف	جلالی۔ جمالی مشترک	نوعیت عناصر
الملک	حقیقی سلطان	حرودیئل رومائیل	۹۰	مشترک	خاکی

نقشہ اسمائے حسنیٰ معہ مؤکلات و تعداد حروف

اسمائے حسنیٰ	معنیٰ	مؤکل کا نام	تعداد حروف	جلالی جمالی یا مشترک	نوعیت عناصر
القدوس	پاک شہنشاہ	سمرائیل و غلرائیل	۱۷۰	جمالی	آبی
السلام	عیوب سے پاک رہنے والا ہمیشہ	دوہائیل ہمواکیل	۱۳۱	جمالی	بادی
المؤمن	شاہد صادق	کلکائیل سرکھتائیل	۵۴۱	جمالی	آتشی
العزیز	عزت بخشنے والا	لوبائیل عزرائیل	۹۴	جمالی	آتشی
الجبار	زور آور	کلکائیل عطرائیل	۲۰۶	؍؍	؍؍
المتکبر	بڑائی والا	روبائیل اہرائیل	۲۶۲	؍؍	خاکی
خالق	پیدا کرنے والا	ہیکائیل خورائیل	۷۳۱	؍؍	؍؍
الباری	قادرِ مطلق	جبرائیل اہرائیل	۲۱۳	مشترک	آتشی
المصور	شکل بنانے والا	احمائیل سرحمائیل	۳۳۵	جمالی	آتشی
الغفار	بخشش کرنے والا	لوثائیل رحمائیل	۱۲۸۱	؍؍	؍؍
القہار	قہر والا	دردائیل عطرائیل	۳۰۹	؍؍	خاکی
الوہاب	معاف کرنے والا	رفتمائیل جبرائیل	۱۴	؍؍	؍؍
الرزاق	رزاق	اسرائیل عجزفائیل	۳۱۸	؍؍	آتشی
الفتاح	کھولنے والا	صرغائیل تکائیل	۴۸۶	؍؍	؍؍
العلیم	کل کا جاننے والا	رائیل رومائیل	۱۵۰	؍؍	خاکی
القابض	روزی کم کرنے والا	عطرائیل عطکائیل	۹۰۲	؍؍	بادی
الباسط	روزی کھولنے والا	جرائیل اسمائیل	۷۲	؍؍	؍؍
الرافع	اٹھانے والا	سرحمائیل لومائیل	۲۵۱	؍؍	؍؍
الخافض	چھوٹا کرنے والا	جہکائیل عطکائیل	۱۴۸۱	؍؍	آتشی
ملغر	عزت دینے والا	رومائل لومائیل	۱۱۷	؍؍	خاکی
السمیع	حال جاننے والا	ہمرائیل سرکیلائیل	۱۸۰	؍؍	آتشی
البصیر	ظاہر و پوشیدہ کا جاننے والا	جبرائیل سرحمائیل	۴۰۲	؍؍	خاکی

اسمائے حسنیٰ	معنی	نام موکل	تعداد حروف	جلالی۔جمالی مشترک	نوعیت عناصر
الحکیم	حکمت والا	تنکفیلؑ روبائیلؑ	۷۴	جلالی	آتشی
العدل	تمام مخلوق سے انصاف کرنیوالا	طاطائیلؑ لومائیلؑ	۱۰۴	مشترک	”
اللطیف	مہربان و پاک	اسمائیلؑ زوہابیلؑ	۱۲۹	جمالی	”
الخبیرُ	ہر حال کی خبر رکھنے والا	میکائیلؑ رومائیلؑ	۸۱۲	”	”
الرقیب	محافظ کل	عطرائیلؑ سراکیطائیلؑ	۳۱۲	”	”
المجیب	دعاؤں کے قبول کرنیوالا	کلکائیلؑ جبرائیلؑ	۵۵	”	بادی
الواسعُ	عنائت کرنے والا	اقمائیلؑ لوکائیلؑ	۱۳۷	”	آتشی
الحکیم	ہر کام کے درست کرنے والا	تنکفیلؑ ذورائیلؑ	۶۸	”	خاکی
الودود	نیکوں کا دوست	رقمائیلؑ دردائیلؑ	۲۰	”	آتشی
المعظم	بزرگ	لومائیلؑ اسمائیلؑ	۱۰۵۰	”	”
الغفور	بخشنے والا	لوبائیلؑ رحمائیل	۱۲۸۶	”	خاکی
الشکور	شکر کے قبول کرنے والا	لوبائیلؑ سرکیطلائیلؑ	۵۲۶	”	”
العلی	برتروں سے برتر	لومائیل سرکیطلائیلؑ	۱۱۰	”	”
الکبیر	سب سے بزرگ	ضرورائیل صبردرائیلؑ	۳۳۲	”	آتشی
الحافظ	محافظ حقیقی	سرحمائیل اذدائیلؑ	۹۹۸	”	خاکی
المقیت	توانائی دینے والا	رومائیل عطرائیلؑ	۵۵	”	آتشی
الحسیب	حساب کرنے والا	ھمائیل سرکیطلائیلؑ	۸۰	مشترک	”
الجلیل	سب سے بڑا بزرگ	کیدکائیل جبرائیل	۷۳	جلالی	”
الکریم	کرم کرنے والا	حرزائیلؑ اہراطیل	۲۷۰	جمالی	خاکی
المجید	بڑا بزرگ	رومائیل کلکائیل	۵۷	”	آتشی
الباعث	بھیجنے والا رسولوں کا	صبرائیل میکائیل	۵۷۳	مشترک	”
الشہید	حاضر	عطرائیلؑ تنکافیل	۳۱۹	”	بادی
الحق	سچا گواہ	” ”	۱۰۸	جلالی	آتشی
القوی	سب سے قوت والا	” ”	۱۱۶	جمالی	”

اسمائے حسنیٰ	معنیٰ	مؤکل کا نام	تعداد حروف	جلالی جمالی مشترک	نوعیت عناصر
الوکیل	حافظ حقیقی	عزرائیل کا کاعیل	۶۶	؍؍	خاکی
المتین	قوت والا	عزرائیل حولائیل	۵۰۰	جلالی	آتشی
الولیُ	ایمانداروں کا دوست	انتمائیل سرکیطائیل	۴۶	جمالی	خاکی
الحمید	سراہا گیا	تنکفیل میکائیل	۶۲	؍؍	آتشی
المحصی	شمار کرنے والا	اتحائیل سرکیطائیل	۱۴۸	جمالی	؍؍
المبتدی	مالک ابتدار	جبرائیل دردائیل	۵۶	جلالی	؍؍
المعید	دوبارہ زندہ کرنے والا	روبائیل سرکیطائیل	۱۲۴	؍؍	؍؍
المحیی	زندہ کرنے والا	حمرائیل تنکفیل	۶۸	جمالی	؍؍
الممیت	موت دینے والا	روبائیل عزرائیل	۴۹	؍؍	؍؍
الحی	ہمیشہ زندہ	عطرائیل رفتمائیل	۱۸	جلالی	؍؍
القیوم	ہمیشہ قائم	؍؍ ؍؍	۱۵۶	؍؍	؍؍
الواجد	وجود بخشنے والا	کلکائیل دردائیل	۱۴	جمالی	خاکی
الماجد	عظمت والا	روبائیل ؍؍	۴۸	؍؍	؍؍
الواحدُ	ایک	رفتمائیل ؍؍	۱۹	مشترک	بادی
الاحد	کل کا ایک حصہ	تنکفیل ؍؍	۱۳	جمالی	آتشی
الصمد	بے نیاز	احائیل روبائیل	۱۳۴	؍؍	خاکی
القادر	تمام مخلوق سے بے نیاز	عطرائیل اسرائیل	۳۰۵	جلالی	آتشی
المقدم	مقدم کرنے والا	عزرائیل دردائیل	۱۸۴	مشترک	؍؍
المقتدر	صاحب مالک تقدیر	رشائیل عطرائیل	۷۴۴	جلالی	؍؍
المؤخر	آخیر کرنے والا	رفتمائیل میکائیل	۸۴۶	مشترک	خاکی
الاول	تاابد رہنے والا	طاطائیل رفتمائیل	۳۷	؍؍	آتشی
الآخر	ہمیشہ رہے گا	بیکائیل اسرافیل	۱۰۸	؍؍	؍؍
الظاہرُ	ظاہر عیاں	جبرائیل اسمائیل	۱۱۰۶	؍؍	خاکی
الباطنُ	پوشیدہ	دردائیل اورائیل	۶۲	؍؍	؍؍

اسمائے حسنیٰ	معنی	موکل کا نام	تعداد حروف	جلالی۔ جمالی۔ مشترک	نوعیت عناصر
الوالی	سب سے بڑا قدرت والا	رفتمائیل سرکیطائی	۴۷	مشترک	بادی
المتعالی	بزرگ و برتر	طاطائیل عزرائیلؑ	۵۵۱	"	"
البر	حقیقی بھلائی والا	جبرائیلؑ ہمرائیل	۲۲	جمالی	خاکی
التواب	سب گنہگاروں کی توبہ قبول کرنیوالا	عزرائیل صرائیلؑ	۴۰۹	"	آتشی
المغنی	بے نیاز کرنے والا	رومائیل حولائیلؑ	۱۰۶	مشترک	خاکی
المنعم	نعمت عطا کرنے والا	اسمائیل رومائیلؑ	۲۰۰	"	"
المنتقم	بدلہ لینے والا	حولائیل رومائیلؑ	۱۴۰	جمالی	"
العفو	بخشش کرنے والا	ادائی سرحمائیل	۱۵۶	"	آتشی
الرؤف	درگزر کرنے والا	ابرائیل "	۲۸۰	"	خاکی
مالک الملک	کل کا مالک	رصائیلؑ عزرائیلؑ	۲۱۲	جلالی	آتشی
ذوالجلال	بزرگی والا	حزرائیلؑ طاطائیل	۸۰۶	"	"
الاکرام	عظمت والا	"	۲۹۹	"	"
الرب	پالنے والا سب کا	اہرامیل جبرائیل	۲۰۲	جمالی	خاکی
المقسط	صاحب انصاف	عطرائیلؑ اسمائیلؑ	۲۰۹	"	آتشی
الجامع	جمع کرنے والا	کلکائیل لومائیل	۱۱۴	مشترک	خاکی
الغنی	بے پرواہ	دردائیلؑ لوفائیلؑ	۱۱۰۰	جمالی	آتشی
المعطی	دینے والا	لورائیل اسمائیل	۱۲۹	"	آبی
المانع	منع کرنے والا	رومائیل لومائیل	۱۶۱	جلالی	"
الضار	نقصان دینے والا	اسمائیل ابراطیل	۱۰۰۱	جمالی	"
النافع	نفع بخشنے والا	دردائیل سرکیطائیل	۲۰۱	"	"
النور	روشن	حولائیل سرحمائیل	۲۵۶	مشترک	"
الھادی	رہنما ہدایت	رفتمائیل ابراکلیل	۲۰۶	"	"
البدیع	نیا پیدا کرنے والا	جبرائیل لومائیل	۸۶	"	"
الباقی	ہمیشہ رہنے والا	عطرائیل "	۱۱۳۱	جمالی	"

اسمائے حسنیٰ	معنیٰ	موکل کا نام	تعداد حروف	جلالی جمالی مشترک	نوعیت عناصر
الوارث	مالک	رسمائیل میکائیل	۷۰۷	جلالی	آبی
الرّشید	درست انداز کرنے والا	ہمرائیل دردائیل	۲۱۴	مشترک	"
الصّبور	عذاب کے روکنے والا	ہمجائیل اہراطیل	۲۹۸	جمالی	خاکی
السّتار	پردہ پوشی کرنے والا	جبرائیل میکائیل	۶۶۲	"	"

مذکورہ نقشہ اسمائے حسنیٰ میں جن اسماء کی خاصیت جمالی ہے۔ ان کا ورد محبت تسخیر قلب و ترقی روزگار اور ہر کام میں فتح یابی و اعلیٰ مراتب حکومت کے لئے کریں۔ اور جو اسماء جلالی ہیں۔ ان کا ورد بغض حسد وعداوت اور پامالی دشمن کیلئے کیا جاتا ہے جن اسمائ کی خاصیت مشترک ہے۔ وہ دوستی دشمنی اور ہر مقصد کے لئے کام میں لائے جاتے ہیں۔

نقشہ خاصیت اسمائے حسنیٰ

بحساب ابجد

	حروف ابجد	اللہ کے نام	تعداد حروف	موکل	بروج	کواکب	منازل	تعداد شمار	بخور	مقاصد و نتائج
ابجد	ا	اللہ	۶۶	اسرافیل	حمل	زحل	سرطیس	۱۰۰۰	عود سیاہ	ہمدردی ہر بانی اخوت کیواسطے
	ب	باقی	۱۱۳	جبرائیل	جوزا	مشتری	بطین	۱۰۰۰	شکر	تسخیر قلب و حب "
	ج	جامع	۱۱۴	کلکائیل	سرطان	مریخ	ثریا	۷۰	دارچینی	" " "
	د	دیان	۶۵	دردائیل	اور	شمش	دبران	۷۲	صندل سرخ	بغض حسد عداوت
ہوز	ھ	ہادی	۲۰	دریائیل	حمل	زہرہ	ہفتہ	۱۰۰۰	سفید صندل	حسد بغض کیواسطے
	و	ولی	۴۶	تحائیل	جوزا	عطارد	ہنعہ	۲۰۰	شکر کافور	حب و تسخیر اور حسد "
	ز	زکی	۳۷	ترزائیل	سرطان	قمر	دراغ	۷۱	شہد	" " "
حطی	ح	حق	۱۰۸	تنکفیل	جدی	زحل	نثرہ	۳۰۰	کیسر	بغض و عداوت کیواسطے
	ط	طاہر	۲۱۵	اسمائیل	حمل	مشتری	طرفہ	۷۲	کستوری	ذکاوت و قوت "
	ی	لیسن	۱۳۰	سرالدیکائیل	میزان	مریخ	جبہہ	۱۰۰۰	گلاب سرخ	تسخیر زحل "

حروف ابجد		اللہ کے نام	تعداد حروف	موکل	بروج	کواکب	منازل	تعداد شمار	بخور	مقاصد و نتائج
کلمن	ک	کافی	۱۱۱	غرفدائیل	عقرب	شمش	زہرہ	۲۰۰	سفید پھول	حب کے واسطے
	ل	لطیف	۱۲۹	طاطائیل	ثور	زہرہ	صرفہ	۷۲	پوست	مفارقت دشمنی ″
	م	ملک	۹۰	روبائیل	اسد	عطارد	عوا	۹۰	آبی	حب تسخیر ″
	ن	نوری	۳۵۰	جوائیل	میزان	قمر	ساک	۷۲	سنبل	لبغض و عداوت
سعفص	س	سمیع	۸۰	ہماکیل	قوس	مشتری	عفرا	۵۰۰	مرکب خوشبو	اکاح و قوت کیواسطے
	ع	علی	۱۱۰	لوبائیل	سنبلہ	″	زبانا	۲۰۰	فلفل سفید	کشائش رزق ″
	ف	فتاع	۲۸۹	سرحمائیل	اسد	مریخ	اکلیل	۷۲	جوز	عداوت لبغض و حسد ″
	ص	صمد	۱۳۴	اہمجائیل	میزان	شمس	قلب	۲۰۰	لبسبالہ	حب ″
قرشت	ق	قادر	۳۰۵	عطرائیل	حوت	زہرہ		۳۰۰	لیموں	قوت وصف نکاح کیواسطے
	ر	رب	۲۰۳	امواائیل	سنبلہ	عطارد		۷۲	گلاب	امداد ″
	ش	شفیع	۱۰۱۴	ہمرائیل	عقرب	قمر		۲۰۰	عود سفید	عداوت ″
	ت	تواب	۴۰۹	عزرائیل	دلو	زحل	سعد بلع	۳۰۰	عنبر	نکاح ″
ثخذ	ث	ثابت	۶۰۳	میکائیل	حوت	مشتری	سعد بلع	۴۰۰	عود سفید	لبغض حسد کیواسطے
	خ	خالق	۷۳۱	″	جدی	مریخ	سعد السعود	۷۰	نقشہ	حب ″
	ذ	ذاکر	۹۲۱	برطائیل	قوس	شمس	اخبیہ	۷۶	ریحان	لبغض عداوت ″
ضظغ	ض	ضار	۱۰۰۱	عطکائیل	دلو	زہرہ	مقدم	۷۲	روغوان گل	لبغض حسد کیواسطے
	ظ	ظاہر	۱۱۰۶	نورائیل	حوت	عطارد	موخر	۲۰	گل نسرین	عداوت ″
	غ	غفور	۱۳۸۶	نومائیل	″	قمر	رشا	۳۰	لونگ	صحت بیماری کا ″

اسمائے الحسنےٰ کے مفصل خواص

اللہ

اس مبارک اسم کے ۶۶ عدد ہیں بعض بزرگان اکابر کے نزدیک یہ اسم اعظم ہے۔ قرآن کریم یہ مبارک اسم ۲۳۶۰ مقام پر پڑھنے میں آیا ہے اور یہ اسم ذات جمیع صفات رکھتا ہے۔ اگر یہ ہر روز ایک ہزار بار پڑھا جائے تو پڑھنے والا صاحب یقین ہو جاتا ہے جو صاحب بعد نماز کے الکتنو دفعہ اسکا ورد کرے تو اس کا باطن کشادہ ہو جاتا ہے اگر اس کا نقش مریض بخار والے کے گلے میں ڈالا جائے تو انشاء اللہ صحت ہو جائیگی نقش یہ ہے

۸۱	۱۱	۴۶	۱
۴۵	۳	۷	۱۲
۳	۴۸	۹	۶
۱۰	۵	۲	۴۷

بعض بزرگوں نے لکھا ہے کہ اگر صاحب عمل کسی آسیب زدہ کو یہ اسم چینی کے برتن میں لکھ کر پانی میں گھول کر بار بار پلایا جائے تو آسیب زدہ کو شفا حاصل ہو گی۔ اور اگر اس کو سیب کے پانی میں گھول کر آسیب زدہ کے جسم پر چھڑکا جائے تو آسیب جل جائے گا۔ حضرت نوبی رحمتہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک شخص کا لڑکا جو کئی سالوں سے آسیب کی گرفت میں تھا میں نے اس کا علاج اسی طرح کیا یعنی سیب کا پانی اس پر چھڑکا تو آسیب جل گیا۔ اور مریض کو آسیب سے نجات حاصل ہو گئی چنانچہ اسم باری تعالیٰ تمام امراض کے لئے شفا بخش ہے۔

الرحمٰن

اس مبارک اسم کے اعداد ۲۹۸ ہیں انسان کی مرض اور سختی دل کیلئے ہر نماز کے بعد ایک سو دفعہ پڑھیں علاوہ ازیں ضعف جگر و درد دل اور تمام امراض سینہ کے لئے اس کا نقش چینی کے برتن میں لکھکر پانی میں گھول کر پلائیں اور اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالیں نہایت نافع ہے۔

۲۷۳	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۷۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۷۱
۱۰	۲۶۹	۴	۱۵

الرحیم

اس مبارک اسم کے اعداد ۲۵۸ ہیں۔ صبح کی نماز کے بعد اگر کوئی صاحب ہر روز ایک دفعہ پڑھے۔ تو تمام مخلوق میں محبوب و ممتاز ہو گا۔ اور اگر اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھا جائے۔ تو دنیا میں صاحب توقیر و مقبول رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

۲۳۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۴	۲۳۱	۱۲
۲	۱۶	۹	۲۳۰
۱۰	۲۲۹	۴	۱۵

الملک

اس مبارک اسم کے اعداد ۹۰ ہیں اگر کوئی شخص اس اسم کا الملک القدوس ہمیشہ ورد رکھے تو اللہ کریم اس کے ملک کو قائم دائم رکھیگا اور ہر نفس اس کا مطیع رہیگا چنانچہ حضرت شاہ عبدالرحمن رح نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص ہر روز الملک ۹۰ بار پڑھے۔ تو اس کا سینہ روشن ہو اور وہ صاحب رزق و تونگر ہو جائے گا۔

القدوس

اس مبارک اسم کے اعداد ۱۷۰ ہیں۔ زوال کے وقت اگر کوئی شخص ہر روز یہ اسم پڑھے تو دل اس کا صاف ہو جاتا ہے۔ اور اگر جمعہ کے دن نماز کے بعد اس کے ساتھ سبوح شامل کر کے روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر کھایا جائے تو فرشتہ سیرت ہو جاتا ہے۔ اسکو خداوند کریم دشمنوں سے محفوظ رکھتا ہے اور اگر یہ اسم ۳۱۹ بار پڑھ کر کسی شیرینی پر دم کر کے دشمن کو کھلائیں تو دشمن دوست بن جاتا ہے۔

السلام

یہ اسم مبارک ۱۳۱ اعداد رکھتا ہے اگر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی مریض پر پھونکیں تو اللہ تبارک اس کو صحت عطا فرماتا ہے اور اگر ۳۱۹ بار یہ اسم مبارک کسی شیرینی پر پڑھ کر دشمن کو کھلائیں تو وہ مہربان ہو جائے گا اور اگر اس کا ورد ہمیشہ جاری رکھیگا تو ہر قسم کا خوف پڑھنے والے کے دل سے دور ہو جاتا ہے۔

المومن

اس مبارک اسم کے اعداد ۱۳۶ ہیں۔ اگر کوئی شخص یہ مبارک اسم ہر روز کثرت سے ورد زبان رکھے تو اللہ تعالےٰ اس کو شیطان کے شر سے محفوظ رکھتا ہے اور وہ ہر وقت خدا کے حفظ امن میں رہیگا۔ اور عوام میں اس کی عزت ہو گی۔

المہیمن

اسم مبارک کے اعداد ۱۴۵ ہیں جو شخص باوضو بعد نماز ہر روز کثرت سے اس کا ورد رکھے تو اللہ کریم اسکو لوگوں کے دلی بھیدوں سے آگاہ فرماتا ہے اور وہ ..... تمام آفات سے محفوظ رہتا ہے اور سب کے دلوں میں عزیز ہوتا ہے۔

اَلعَزِیزُ

یہ مبارک اسم ۹۴ عدد رکھتا ہے۔ اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اکتالیس بار ہمیشہ پڑھتا رہے تو اللہ کریم اسکی محتاجی دور کرتا ہے اور عام لوگوں میں عزو وقار کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ بعض بزرگوں سے مروی ہے کہ اگر کوئی شخص صبح کی سنت اور فرض کے درمیان وقفہ میں یہ اسم اکتالیس یوم متواتر پڑھے تو بفضل تعالیٰ وہ دنیا اور عقبےٰ میں کسی کا محتاج نہ ہو۔

اَلجَبّارُ

اس مبارک اسم کے ۱۲۰۶ اعداد ہیں۔ جو شخص ہر روز اس کا ورد رکھے گا بلند مرتبہ صاحب عزت ہو گا بعض بزرگوں کا قول ہے کہ اگر یہ اسم انگوٹھی کے نگینہ پر کندہ کرایا جائے اور وہ انگوٹھی پہن لی جائے تو وہ مخلوق میں باعزت رہیگا اور عوام پر اس کی ہیبت رہے گی۔

المُتَکَبِّرُ

اس اسم مبارک کے ۶۶۲ عدد ہیں۔ اگر کوئی صاحب اپنی بیوی سے جماع کرنے سے قبل یہ اسم دس بار پڑھے تو اللہ کریم اسکو فرزند عطا فرمائے گا۔ اور کام کے شروع میں پڑھا جائے۔ تو وہ کام بابرکت ہوگا اور بخیر و خوبی انجام پائیگا۔

الخَالِقُ

اس اسم کے ۷۳۱ اعداد ہیں۔ اگر یہ اسم شریف ہر روز وردِ زبان رہے سینہ و چہرہ منور ہو جائے۔ اور اس کے ہر کام میں استقامت ہو۔ حضرت شاہ عبدالرحمٰن صاحب نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس اسم مبارک کو رات کے وقت کثرت سے پڑھے۔ تو اللہ کے فضل و کرم سے اس کا دل صاف ہو اور اس کے تمام کام بخیر و خوبی انجام پذیر ہوں گے۔

الوَهّابُ

اس اسم کے ۱۴ عدد ہیں اگر کسی کو روزی یا روزگار میں تنگی ہو تو وہ ہر روز اس کا ورد کرے اللہ تعالےٰ اسکو غیبی امداد عطا فرمائے گا۔ اور اگر کوئی خاص حاجت پیش آجائے۔ تو بعد نصف شب کے اپنے گھر

کے صحن یا مسجد میں تین بار سجدہ کرے۔ اور دونوں ہاتھ اٹھا کر ایک سو دفعہ یہ اسم مبارک پڑھے اللہ کریم اس کی حاجت پوری کردیگا۔ فراخی رزق کیواسطے چاشت کے وقت چار رکعت نماز پڑھے ور بعد سلام کے سجدہ میں ایک سو چار دفعہ یہی اسم مبارک پڑھے حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو کوئی بروز بدھ بعد غسل اور وضو سے دو رکعت نماز ادا کرے اور سلام کے بعد ایک ہزار بار یہی اسم مبارک پڑھے تو اللہ کریم اس کو غنی کردیگا اور ایسے اسباب مہیا ہونگے کہ حیران ہو جائے

الرَّزّاقُ

اس اسم مبارک کے عدد ۳۰۸ ہیں بوقت سحر نماز فجر سے پہلے باوضو ہو کر اگر کوئی شخص اپنے گھر کے چاروں کونوں میں دس دس بار یہ اسم مبارک پڑھے تو اس گھر میں مفلسی اور رنج و غم نہ پیدا ہوگا پڑھنے کے وقت پہلے داہنے کونے سے شروع کیا جائے۔ اور اپنا منہ قبلہ کیطرف رکھے اگر کوئی صاحب اس اسم مبارک کو ۵۴۵ بار پڑھے تو رزق میں کشادگی ہوگی اور وہ رنج و غم سے محفوظ رہیگا۔ اور اگر حلال روزی پر گزارہ کرکے علیحدگی میں ہر روز ایک ہزار دفعہ پڑھا جائے تو حضرت خضر سے ملاقات ہوگی ✣

الفَتّاحُ

اس مبارک اسم کے اعداد ۴۸۹ ہیں اگر کوئی نماز صبح کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں کو سینے پر رکھ کر ۷۰ دفعہ یہ اسم مبارک پڑھے تو اس کا سینہ روشن ہوگا۔

البَارِئُ

اس مبارک اسم کے اعداد ۲۱۳ ہیں اگر کوئی مریض اس اسم مبارک کو ایک ہفتہ بھر ہر روز سو بار پڑھے تو اسکو طبیب کے علاج سے شفا حاصل ہوگی۔ اگر کوئی شخص کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا چاہے تو یہ اسم مبارک گلاب یا موتیا و چنبیلی کے پھول پر ۵۷ دفعہ پڑھے اور اس کے ساتھ اپنا اور مطلوب کا نام لیکر دم کرے پھر یہ پھول اپنے محبوب کو پیش کرے تو اس کا محبوب اس پر شیدا ہو جائے گا ✣

المُصَوِّرُ

اس اسم مبارک کے اعداد ۳۳۶ ہیں، بانجھ عورت اگر سات روزے رکھے اور ہر روزہ کے افطار پر

الیس مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے تو حق تعالیٰ اسکو فرزند عطا فرمائیگا جو کوئی ہر روز یہ اسم مبارک اپنے ورد میں رکھے اسکو سب کام دشوار آسان ہو جائینگے۔ اگر کوئی شخص وضو کرتے وقت اپنی انگشت شہادت سے اپنی پیشانی پر یہ اسم لکھے تو انشاء اللہ وہ جس سے ملاقات کرے وہ اس پر مہربان ہوگا۔

اَلْغَفَّارُ

اس اسم مبارک کے ۱۲۸۱ اعداد ہیں۔ اگر کوئی صاحب بعد نماز ایک بار یا غفار اغفرلی ذنوبی پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دیتا ہے۔

اَلْعَلِیْم

اس مبارک اسم کے اعداد ۱۵۰ ہیں۔ اگر کوئی پرہیزگار اس اسم کو ہر روز بہت کثرت سے پڑھے تو اللہ کریم اس کو علم معرفت عطا کرتا ہے اور اگر بعد نماز کے سو بار پڑھا جائے تو صاحب کشف ہو۔ اگر کسی پوشیدہ راز کو دریافت کرنا ہو تو جمعہ کی رات کو جب نماز کے سجدے میں جائے تو سو بار یہ اسم پڑھ کر سو جائے تو اللہ تبارک اسکو راز سے آگاہ کر دے گا۔

القھار

اس مبارک اسم کے ۳۰۶ اعداد ہیں۔ اگر کوئی بہت زیادہ دفعہ ہر روز یہ اسم پڑھتا رہے تو اللہ کریم اس کے دل سے دنیا کی محبت کو دور کر دیتا ہے۔ اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ اگر کسی مشکل کو آسان کرنے کے واسطے ہر روز ایک سو بار پڑھے تو بفضل تعالیٰ مشکل آسان ہو اور اگر دشمن کو زیر کرنے کیلئے اس اسم کو صبح کو سنت اور فرض کے درمیان وقفہ میں سو بار متواتر پڑھے تو دشمن زیر ہو جائے گا۔

القابض

اس اسم مبارک ۹۰۳ اعداد ہیں۔ اگر کوئی شخص اس اسم کو روٹی کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر چالیس دن تک کھائے۔ تو خدا کے فضل سے عذاب قبر سے محفوظ رہیگا اور تنگی بھی دور ہو جائے۔

اَلْبَاسِطُ

بزرگوں سے مروی ہے۔ کہ یہ دائرہ اسرار خداوندی کا ایک راز ہے۔ جسے نااہل لوگ سمجھنے سے قاصر ہیں اگر آپ اس کی خصوصیات کو دیکھنا چاہیں۔ تو اس دائرہ متبرکہ کو لکھ کر خلوت میں اپنے مصلی کے آگے رکھیں اور دنیا و مافیہا سے یکسوئی حاصل کریں۔ اور یہ ذکر پڑھیں اللہ نے چاہا تو آپ کو راز کا انکشاف ہو گا اور آپ پر ایک خاص حالت طاری ہو گی۔ اس

عمل کے بعد جس شخص کو یہ دائرہ مشک و زعفران سے لکھ کر خواہ وہ کیسا ہی ظالم حاکم ہو مہربان ہوگا اور اگر یہ دائرہ کسی چینی کے برتن میں لکھ کر آسیب زدہ کو پلائیں۔ تو آسیب دُور ہو جائے گا اور بیمار شفا پائے گا۔ اگر کسی کو محبت میں گرویدہ کرنا ہو تو یہ دائرہ پنجشنبہ کے روز ساعت مشتری میں مطلوب کا تصور رکھ کر لکھیں مطلوب حاضر ہوگا۔

دائرہ اور دعا درج ذیل ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم انی اسئلک بما سئلک بہ جبرائیل عنہ عرشک العظیم ان تسخر لی ملائکتک الکرام خدام ھذہ الاسماء اللھم سخر لی کسفائیل و درادائیل و شمخائیل و طمطائیل و ددمائیل و سمعائیل و طفائیل و جبرائیل و میکائیل و اسمائیل و صرفائیل اجیبوا ایھا الملوک والدواء واعیونی علی قضاء حوائجی بحق ما تعلمون من عظیم سر اللہ و بحق ھذا الاسم العظیم اللہ اللہ اللہ لعلمک و قدرتک علی

اسمائی و باسمک العظیم الکبیر المتعال اللہ اللہ اللہ الاسم الذی فضلتہ علی سائر الاسماء اسئلک ان تسخر لی ھذا الاودام وان یاتونی فی نومی و یقظتی انک علی کل شیءٍ قدیر یا اللہ ؕ

قرآن شریف کی سورتوں کے خواص

حضور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم و اصحابہ کرامؓ اور بزرگان دین قرآن کریم کی بہت سی آیات اور سورتوں کو مصائب و آلام کے دفعیہ کے لئے پڑھا کرتے تھے۔ جن کی برکت سے مصائب و آلام دور ہو جاتے تھے مگر عمل میں پاکیزگی اور پرہیز کی نہایت اشد ضرورت ہے اسی طرح خاندان قادریہ چشتیہ و سہروردیہ کے بزرگان بھی قرآن شریف کی آیات کو مناسب اور ضروری نیک کاموں کے لئے پڑھا کرتے تھے۔ اور اللہ کریم ان کو کامیابی عطا فرماتا جیسا کہ حضرت موسےٰ نے دعا فرمائی قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۔ ترجمہ اے میرے رب سینہ کو کھول اور میرے کام کو میرے لئے آسان کر اور میری زبان کی گرہ کھول تاکہ میں صفائی سے بیان کروں۔ چنانچہ اللہ کریم نے آپ کی دعا قبول فرمائی۔ اس لئے اگر اس آیت کو کوئی شخص پاکیزہ ہو کر عمل میں لائے تو اللہ کریم اس کی دعا قبول فرماتا ہے اور اس کے تمام مشکل کام آسان ہو جاتے ہیں مگر آیت کے اوّل آخر درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

خواص سورۂ فاتحہ

سورۃ الحمد کا نام ہی سورۃ فاتحہ ہے۔ اور اس کو سورۃ شفا بھی لکھا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کو مصیبت اور بیماری میں مبتلا دیکھتے تو سورۃ فاتحہ پڑھنے کے لئے فرمایا کرتے تھے۔ اگر نماز فجر کی دو سنت پڑھنے کے بعد بسم اللہ شریف کے ساتھ سورۃ شفا چالیس بار پڑھ کر کسی بیمار پر دم کریں۔ تو اللہ تبارک اس کو شفا عطا فرماتا ہے۔ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ میں نے ایک سانپ کے ڈسے ہوئے کو سورۂ فاتحہ پانی پر دم کر کے دیا اور ایک پاکیزہ مٹی کی ڈلی پر پڑھ کر کہا کہ یہ زخم پر لگاؤ۔ اور پانی پلایا تو مار گزیدہ کو شفا حاصل ہو گئی سورۂ فاتحہ کا نقش لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ

ہو گی

۷۸۶

۲۳۵۲	۲۳۷۱	۲۳۶۸	۲۳۶۵
۲۳۶۹	۲۳۶۴	۲۳۵۸	۲۳۷۰
۲۳۶۳	۲۳۶۶	۲۳۷۳	۲۳۸۹
۲۳۷۲	۲۳۶۰	۲۳۶۲	۲۳۶۷

تعویذ دیگر ہر تکلیف اور حاجت کے لئے لکھکر اپنے بازو پر باندھیں انشاءاللہ کامیابی ہو گی۔

۷۸۶

الرحیم	ولا الضالین	صراط الذین	مالک یوم الدین
علیھم	الحمد للہ	اھدنا الصراط	انعمت
ایاک نستعین	علیھم	غیر المغضوب	رب العالمین
المستقیم	ایاک نعبد	الرحمٰن	آمین

خواص سورۃ بقر

آنحضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس گھر میں یہ سورۃ پڑھی جائے وہاں سے شیطان دور بھاگتا ہے اور یہ بھی فرمایا کہ اس کے پڑھنے سے خیر و برکت حاصل ہوتی ہے اگر کوئی شخص لکھ کر یہ نقش کسی پاگل کے گلے میں ڈالے تو خدا کے فضل و کرم سے اچھا ہو جائیگا نقش سورۃ بقر یہ ہے۔ یہ نقش آسیب جذام و برص کے لئے بھی نہایت مجرب ہے

۷۸۶

۲۳۶۸۹۲	۲۳۶۹۰۰۰	۲۳۰۹۰۵	۲۳۶۹۰۷
۲۲۶۸۹۰	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۸۹۷
۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۰۲	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶
۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۸۳۹	۲۳۶۸۹۴

خواص سورۃ عمران

اس سورۃ متبرکہ کا نقش اپنے پاس رکھنے والا قرضہ سے جلد خلاصی پاتا ہے اور خدا کریم اس کو غائبانہ روزی عطا فرماتا ہے اور رزق وسیع ہو جاتا ہے

نقش صفحہ ۷۴ پر ہے۔

۷۸۶

۶۱۶۵۵	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۳
۶۱۶۵۰	۶۱۶۵۲	۶۱۶۶۴
۶۱۶۵۱	۶۱۶۵۶	۶۱۱۱۴

خواص سورۂ نساء

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو یہ سورہ فریقین پڑھیں انشاء اللہ آپس میں محبت ہو جائے گی ۔ اور اگر کوئی شخص یہ نقش لکھ کر مکان میں دیوار کے ساتھ چسپاں کر دے تو وہ مکان ہر آفت زلزلہ بجلی وغیرہ سے محفوظ رہیگا ۔ اور اگر اپنے پاس رکھے تو آفات و بلیات سے اللہ تبارک اس کو حفظ امن میں رکھیگا ۔

۷۸۶

۲۸۴۸۱۵	۲۸۴۸۲۹	۲۸۴۸۱۱	۲۸۴۸۲۲
۲۸۴۸۲۷	۲۸۴۸۲۲	۲۸۴۸۱۶	۲۸۴۸۲۸
۲۸۴۸۲۲	۲۸۴۸۱۸	۲۸۴۸۲۰	۲۸۴۸۲۵
۲۸۴۸۲۱	۲۸۴۸۳۴	۲۸۴۳۱	۲۸۴۸۱۷

خواص سورۂ مائدہ

اگر قحط پڑ جائے تو یہ سورۃ پڑھیں انشاء اللہ قحط دور ہو گا اور اگر یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو اللہ کریم روزی میں برکت عطا فرمائے اور کسی کا محتاج نہ ہو اگر یہ نقش لکھکر مریض استسقاء کو پلائیں تو صحت ہو جائیگی ۔

۷۸۶

۱۲۱۲۱۲۹	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۳۶
۲۱۲۱۴۰	۲۱۲۱۲۵	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۴۲
۲۱۲۱۳۴	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۲
۲۱۲۱۴۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۳۸

خواص سورۂ انعام

جو شخص یہ سورۃ ہر روز پڑھے اللہ کریم کے چھ ہزار فرشتے اس کے لئے دعائے مغفرت کرتے ہیں ۔ اور ہر مشکل آسان ہوتی ہے اگر یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تبارک اسکو جاہ حشمت

عطا فرماتا ہے

۷۸۶

۲۳۳۸۳۲	۲۳۳۸۳۲	۲۳۳۸۲۸	۲۳۳۸۲۵
۲۳۳۸۲۷	۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۳۱	۲۳۳۸۲۶
۲۳۳۸۶۶	۲۳۳۸۴۰	۲۳۳۸۳۳	۲۳۳۸۳
۲۳۳۸۳۴	۲۳۳۸۳۹	۲۳۳۸۳۷	۲۳۳۸۹

خواص سورہ اعراف

سورۂ اعراف کے پڑھنے والا قیامت کے روز حضرت آدم علیہ السلام کیساتھ ہوگا۔ اگر یہ نقش اپنے پاس رکھا جائے۔ تو سفر کی تمام تکلیفوں اور آفات دینوی و سماوی سے خداوند کریم اس کو محفوظ رکھتا ہے۔ اگر کسی ظالم حاکم سے خوف ہو تو تین دفعہ پڑھ کر اس کے سامنے جائے تو انشاء اللہ وہ حاکم مہربان ہو جائیگا اور ظلم سے باز آئیگا۔

۷۸۶

۶۳۱۹۷	۶۳۴۰۱	۶۳۳۰۲	۶۲۳۹۰
۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱	۶۳۳۹۶	۶۳۴۰۲
۶۳۳۹۲	۶۳۴۰۶	۶۳۳۹۵	۶۳۳۹۵
۶۴۳۰۰	۶۳۳۹۴	۶۳۳۹۳	۶۳۳۴۰۵

خواص سورہ انفال

حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ سورۃ پڑھے تو قیامت کے روز میں اس کی گواہی دونگا۔ اگر کوئی شخص بیگناہ قید ہو جائے۔ اس کے پڑھنے کی برکت سے اللہ تبارک اس کو نجات دیگا۔ اگر خود نہ پڑھ سکے۔ تو کسی سے سُنے حاکم مہربان ہوگا۔ اس کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے اللہ کریم اُس کو ہر تکلیف سے محفوظ رکھے گا۔

۷۸۶

۶۳۱۹۷	۶۳۴۰۱	۶۳۴۰۴	۶۳۳۹۰
۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱	۶۳۳۹۶	۶۳۳۰۲
۶۳۳۹۲	۶۳۴۰۶	۶۳۳۹۵	۶۳۳۹۵
۶۴۴۰۰	۶۳۳۹۴	۶۳۳۹۳	۶۳۴۰۵

خواص سورۂ توبہ بزرگان دین کا قول ہے کہ اس سورۃ کی تلاوت سلامتی ایمان کیلئے نہایت بہتر ہے اگر کسی حاکم کے روبرو جانا ہو تو یہ پڑھ کر جائیں تو حاکم مہربان ہوگا اور مال و متاع و زراعت وغیرہ میں باعث خیر و برکت کا ہے، اس کا تعویذ پاس رکھنے سے مذکورہ فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اور اگر میوہ دار درخت کے ساتھ باندھیں تو اس درخت کو نقصان نہیں پہنچتا۔

۷۸۶

۱۷۵۸۹۶	۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۹۰۶	۱۷۵۹۰۳
۱۷۵۹۰۷	۱۷۵۹۲	۱۷۵۸۹۷	۱۷۵۹۰۹
۱۷۵۹۰۱	۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۸۹۸
۱۷۵۹۱۱	۱۷۵۸۹۹	۱۷۵۹۰۰	۱۷۵۹۰۵

خواص سورۂ یونس } اس سورۃ کو ہر روز پڑھنا موت میں جانکنی کے وقت آسانی ہوتی ہے اور جو شخص دشمنوں میں فتح پائے گا۔ دشمنوں سے خائف ہو وہ ۲۱ بار پڑھے۔ اگر کسی آسیب زدہ کے گلے میں ڈالیں تو بچہ نظر بد سے محفوظ رہیگا۔ اور اگر کوئی مصیبت آ جائے تو تیرہ بار یہ سورۃ پڑھیں۔ انشاءاللہ مصیبت دور ہو جائے گی۔

۷۸۶

۱۳۷۵۱۹	۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۲۶
۱۳۷۵۲۱	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۲
۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۳۵	۱۳۷۵۲۱
۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۱۳	۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۳۱

خواص سورۂ یوسف :۔ اگر کوئی شخص اپنی نوکری یا عہدے سے برطرف ہو جائے تو ہر روز یہ سورۃ تیرہ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ بحال ہو جائیگا اور اسکی مراد پوری ہوگی۔ اسکی تلاوت باعث خیر و برکت کا ہے۔

خواص سورۂ کہف :۔ اگر کوئی شخص مقروض ہو اور کوئی تدبیر کارگر نہ ہو۔ تو یہ سورۃ

ہر روز سات مرتبہ بہایت حضورِ دل سے تلاوت کرے اور قرض سے نجات کی دُعا مانگے اللہ کرم اُس کی دُعا قبول فرمائیگا اس کی تلاوت ہر روز کرنے والا امراض و بائیہ طاعون۔ جذام۔ برص و ہر قسم کے فساد فتنہ سے محفوظ رہتا ہے اور اس کا رزق کشادہ ہو جاتا ہے۔ اس کا نقش اپنے پاس رکھنا دافع بلیات و آفات ہے۔

۷۸۶

۱۲۶۳۷۱	۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۷۹
۱۲۶۳۸۲	۱۲۶.۳۷۹	۱۲۶۳۷۰	۱۲۶۳۸۹
۱۲۶۳۷۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۰	۱۲۶۳۸۹
۱۲۶۳۸۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۸۱

خواص سورۃ مریم

اگر کسی شخص کے معاشی حالات خراب ہوں تو وہ شخص سات بار پڑھکر دُعا مانگے اللہ کرم اُس کی دُعا قبول فرمائیگا اور کوئی خاص حاجت درپیش ہو تو یہ سورۃ تین مرتبہ پڑھ کر دُعا کرے۔ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اور کسی کا باغ ویران ہو جائے تو یہ تعویز لکھ کر باغ میں کسی درخت کیساتھ باندھ دے انشاءاللہ باغ سرسبز اور ثمردار ہو جائے گا۔

۷۸۶

۹۶۵۵۱	۹۶۵۴۴	۹۶۵۴۹
۹۶۵۴۹	۹۶۵۴۸	۹۶۵۵۲
۹۶۵۴۷	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۵

خواص سورۃ طٰہٰ

اسکے پڑھنے والا ہر قسم کے جادو وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے اور رزق میں وسعت ہوتی ہے۔

خواص سورۃ انبیاء

اگر کوئی شخص سخت پریشان اور غم و اندوہ میں مُبتلا ہو۔ تو وہ یہ سورۃ ہر روز تین مرتبہ پڑھے۔ اللہ کرم اسکی تمام مشکلات اور غم آلام سے نجات بخشیگا۔ اس کا نقش پاس رکھنا بھی مذکورہ

کا مائل ہے۔

۷۸۶

۹۵۵۴۷	۹۵۵۶۱	۹۵۵۵۷	۹۵۵۵۴
۹۵۵۵۸	۹۵۵۵۲	۹۵۵۴۸	۹۵۵۶۰
۹۵۵۵۲	۹۵۵۵۵	۹۵۵۶۳	۹۵۵۴۹
۹۵۵۹۲	۹۵۵۵۰	۹۵۵۵۱	۹۵۵۵۶

خواص سورہ واقعہ

اگر کوئی شخص اس سورۃ کو پڑھے تو غنی ہو جائے طریقہ یہ ہے کہ جمعہ کے روز سے سات یوم تک بلاناغہ نماز فرض کے بعد پچیس مرتبہ اور اس کے بعد شب جمعہ سے نماز مغرب کے بعد پچیس مرتبہ بلاناغہ سات یوم تک اور اسی طرح شب جمعہ سے نماز عشاء کے بعد پچیس مرتبہ پڑھے اور ہر روز اول آخر درود شریف اور ایک مرتبہ سورہ واقعہ کی تلاوت کرلے۔ انشاء اللہ وہ شخص غنی ہو جائے گا۔

خواص سورہ مجادلہ

:۔ اگر کسی کنبہ یا قوم اور برادری میں نفاق و عداوت پیدا ہو جائے۔ تو ہر روز سورہ مذکورہ پڑھنے سے اللہ کریم یہ تکلیف رفع کر دیتا ہے۔

خواص سورہ حشر

:۔ اگر کسی شخص کو خاص حاجت پیش آجائے۔ تو چار رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں الحمد کے بعد سورہ حشر پڑھے اور پھر اللہ کے حضور میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس کی حاجت بر آئے گی۔

خواص سورہ جمعہ

:۔ اگر میاں بیوی کے درمیان نفاق ہو جائے۔ تو یہ سورۃ جمعہ کے دن تین بار پڑھ کر دعا مانگے۔ نفاق دور ہو گا۔ اور محبت بڑھ جائیگی۔

خواص سورہ منافقون

:۔ اگر کسی کو عناد کے باعث کسی سے تکلیف پہنچنے کا خطرہ ہو۔ تو یہ سورۃ ایک سو ساٹھ مرتبہ

پڑھے اللہ کریم اسکو اپنے حفظ امن میں جگہ دے گا۔

خواص سورۃ تغابن } حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جو کوئی شخص سورۃ تغابن ہر روز ایک بار پڑھے وہ مرگ مفاجات سے محفوظ رہتا ہے اور مال میں برکت ہوتی ہے۔

خواص سورۃ یٰسین } نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ یہ قرآن مجید کا دل ہے۔ اس کے فضائل بے حد و حساب ہیں اگر کوئی شخص کسی حاجت کے لیئے ایک بار پڑھ کر دعا مانگے۔ تو اس کی مراد پوری ہوتی ہے اگر کسی بانجھ عورت کو چینی کے برتن میں عرق گلاب سے لکھ کر پلاتے رہیں۔ تو اللہ کریم اس کو صاحب اولاد کرتا ہے اور اگر کوئی محتاج ہو تو اس کے پڑھنے سے غنی ہو جاتا ہے۔ اگر کسی پر جادو ہو یا آسیب زدہ ہو۔ تو پڑھ کر اس پر دم کریں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی اور اگر کوئی شخص رات کو خلوص نیت سے پڑھے تو اس کی تمام مشکلات دینی و دنیوی حل ہو جاتی ہیں۔ اللہ کریم اسکو جنت میں جگہ دیتا ہے۔ ہر مشکل اور مہم میں اس کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔ جان کندنی کے وقت اس کے پڑھنے سے مشکل آسان ہو جاتی ہے اگر سخت بیمار پر پڑھ کر دم کریں۔ تو شفا حاصل ہوتی ہے۔ اس کا نقش لکھ کر گلے میں باندھنے سے تمام آفات و بلیات سے انسان محفوظ رہتا ہے۔

۷۸۶

۴۴۹	۴۴۶	۴۵۱	۴۴۰	۴۵۲	۴۴۲
۴۲۷	۲۲۵	۴۴۴	۴۴۵	۴۴۸	۴۲۲
۴۳۷	۴۳۱	۴۴۱	۴۴۳	۴۳۰	۴۴۰
۴۴۴	۴۳۳	۴۴۸	۴۳۹	۴۳۵	۴۳۱
۴۲۷	۴۲۳	۴۲۹	۴۴۶	۴۴۶	۴۴۲
۴۴۸	۴۳۱	۴۳۹	۴۵۵	۴۲۲	۴۵۳

خواص سورۃ ص اگر کسی کو نظر بد ہو جائے تو پڑھ کر اس پر دم کریں سات بار دم کرنے سے اللہ فضل کردیگا۔

اگر یہ سورۃ ہر روز سات بار پڑھیں تو انشاءاللہ جاہ وحشمت زیادہ ہو اور رزق میں فراخی ہو گی۔

خواص سورۃ محمدؐ

اگر کوئی شخص اس سورۃ کو پڑھے یا لکھ کر گلاب کے عرق میں دھو کر پیئے تو جاہ مرتبہ میں ترقی ہو اگر لکھ کر گلے میں باندھیں تو دشمنوں میں فتح حاصل ہو۔ اگر کوئی مہم درپیش ہو تو اول آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ اس مہم میں کامیابی حاصل ہو

خواص سورہ فتح

اگر کوئی شخص سورۃ فتح اکتالیس بار پڑھے تو دشمنوں پر فتح حاصل ہو۔ اور اگر ماہ رمضان کا چاند دیکھ کر اسی وقت کھڑا ہو کر تین بار پڑھے۔ تو تمام سال امن میں گذرے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جو شخص یہ سورۃ ہر روز پڑھے۔ تو اس کا مرتبہ میرے ساتھ میں جہاد کے شامل ہونے کے برابر ہے۔

خواص سورہ ق

اگر یہ سورۃ بارش کے پانی سے لکھ کر پلائیں۔ تو درد شکم دور ہو جاتی ہے۔ اور بچوں کو پلانے سے دانت باآسانی نکلتے ہیں۔ اس کو ہر روز پڑھنے والے پر مرض الموت میں آسانی ہوتی ہے۔ اور اس کی قبر میں روشنی ہوتی ہے۔

خواص سورہ قمر

اگر کسی کو حاکم کا بہت خوف ہو۔ تو یہ سورۃ سات بار پڑھے حاکم مہربان ہو گا۔

خواص سورہ الرحمٰن

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص یہ سورہ ہر روز پڑھتا ہے وہ میرا بڑا شکر گزار ہے اگر کسی کو درد چشم ہو تو پڑھ کر دم کرنے سے درد دور ہو جاتا ہے اگر کسی مریض کو دم کریں۔ تو مریض صحت یاب ہو جاتا ہے اگر یہ نقش لکھ کر حاجتمند اپنے پاس رکھے تو حاجت پوری ہو جاتی ہے اور اگر گیارہ مرتبہ پڑھیں تو ہر حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

٧٨٦

٣٠٣٠٣	٣٠٣٧٦	٣٠٣٠٩	٣٠٣٩٦
٣٠٣٠٣	٣٠٣٩٧	٣٠٣٠٢	٣٠٣٠٧
٣٠٣٠٨	٣٠٣١١	٣٠٣٠٤	٣٠٣٠١
٣٠٣٠٥	٣٠٣٠٠	٣٠٣٩٩	٣٠٣١٠

خواص سورۂ ملک

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ جو شخص اس سورۃ کی تلاوت کرے یہ سورۃ اس کی روز محشر شفاعت کرے گی۔

اور ابن حبان سے مروی ہے کہ یہ سورۃ استغفار کرتی ہے۔ اس شخص کے واسطے جو اس کی تلاوت کرتا ہو اور وہ بخشا جاتا ہے۔ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ یہ سورۃ قبر کے عذاب سے نجات دلاتی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ سورۃ ہر مومن کے دل میں ہونی چاہیئے۔ اگر کوئی شخص اس کو اکتالیس بار پڑھے تو اس کی تمام مشکلات آسان ہو جاتی ہیں اور وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر مقروض ہو تو اس کا قرضہ اتر جاتا ہے یہ نقش پاس رکھنے سے مقصد دلی بر آتا ہے۔

۷۸۶

۳۳۲۱۰	۳۳۱۹۴	۳۳۱۹۹
۳۳۱۹۶	۳۳۱۹۸	۳۳۲۰۰
۳۳۱۹۰	۳۳۲۰۱	۳۳۱۹۵

خواص سورۂ معارج

اگر کوئی شخص سورہ معارج پڑھتا ہے۔ تو شیطانی وسوسہ سے محفوظ رہتا ہے اور جس شخص کو خواب میں احتلام ہو وہ سات روز ہر شب ایک بار پڑھ کر سوئے تو اس مرض سے نجات ہوتی ہے۔

خواص سورہ نوح

اگر کسی سخت دشمن سے ہنگامہ ہو جائے اور جان کا خطرہ ہو تو یہ سورۃ ایک ہزار بار پڑھیں۔ یا بہت سے آدمی لحاظ گنتی کے حساب سے ایک جگہ بیٹھ کر پڑھیں تو دشمن سے خطرہ دور ہوگا۔ اور دشمن ہلاک ہو جاوے گا۔

خواص سورہ الم نشرح

اگر کسی کی چھاتی میں درد ہو تو یہ سورۃ تیل یا پانی پر دم کر کے چھاتی پر ملیں انشاء اللہ درد دور ہوگا اس طرح درد دل کے لئے بھی مفید ہے۔ اگر کسی کا کام بند ہو جائے تو وہ یہ سورۃ بیس بار پڑھے انشاء اللہ کامیاب ہوگا۔ اگر کوئی شخص مال خرید کر اس پر یہ سورۃ پڑھ کر دم کرے تو زیادہ برکت ہوگی۔

خواص سورۂ قدر

اگر کوئی شخص ہر روز صبح و شام تین تین بار پڑھے تو سب دوستوں میں اس کی قدر ہوگی۔ اور اگر ہر روز اس کا ورد کرے تو اس کا مرتبہ بلند ہوگا۔ اگر کسی چینی کے برتن میں لکھ کر گلاب یا بارش کے پانی سے گھول کر پلائیں تو ہر مرض کے لئے شفا حاصل ہوگی۔

خواص سورہ اخلاص

حدیث شریف میں لکھا ہے۔ کہ اگر کوئی شخص تین بار سورۂ اخلاص پڑھے تو قرآن شریف کے ختم کا ثواب حاصل ہوتا ہے اور جنت میں اسکی جگہ ہوتی ہے اور ہر روز اس کے پڑھنے والا سرمراد پاتا ہے اور اس کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں یہ دافع ہر بلا ہے اگر اس کا نقش بچے کے گلے میں ڈالیں تو اللہ کریم اس کی حفاظت رکھتا ہے۔

۷۸۶

۳۳۳	۳۳۰	۳۳۵
۳۳۲	۳۳۴	۳۳۶
۳۳۵	۳۳۸	۳۳۱

خواص سورہ فلق

اگر کوئی شخص ہر روز اس کی تلاوت کرے تو آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہتا ہے۔ اور دشمنوں کی شر سے اللہ کریم اس کو محفوظ رکھتا ہے۔ اگر کسی کو جادو کا اثر ہو تو یہ پڑھ کر اس پر دم کریں انشاء اللہ شفا حاصل ہوگی۔ جادو زدہ پر سو بار پڑھ کر دم کریں تو جادو کا اثر دور ہو جاتا ہے۔ اگر گھول کر پلائیں یا گلے میں باندھیں تو بھی یہی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

خواص سورۂ الناس

اگر کوئی شخص ہر روز تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں اور اس پر کبھی جادو و آسیب کا کوئی اثر نہیں ہوتا اسکے پڑھنے والے کے تمام گناہ اللہ کریم بخش دیتا ہے اس کا نقش لکھ کر گلے میں ڈالنے سے تمام پریشانی و جادو وغیرہ کا اثر دور ہوتا ہے۔

۷۸۶

۱۳۱۶	۱۳۳۰	۱۳۲۷	۱۳۲۳
۱۳۲۸	۱۳۲۲	۱۳۱۷	۱۳۲۹
۱۳۲۱	۱۳۲۵	۱۳۳۳	۱۳۱۸
۱۳۳۱	۱۳۲۹	۱۱۳۳۰	۱۳۲۶

یہ نقش تمام قرآن شریف کا بحساب ابجد لکھا جاتا ہے جو ہر مرض اور تمام حاجات کے لئے اکسیر ہے۔ اسکو لکھکر چاندی کے تعویذ میں بند کر کے اپنے پاس محفوظ رکھیں باعث برکت و رحمت پروردگار ہے۔

۷۸۶

۸۱۰۵۲۸۴	۸۱۰۵۲۷۹	۸۱۰۵۲۸۱
۸۱۰۵۲۸۲	۸۱۰۵۲۸۳	۸۱۰۵۲۸۱
۸۱۰۵۲۸۰	۸۱۰۵۲۸۷	۸۱۰۵۲۸۲

یہ نقش تمام قرآن مجید بسم اللہ شریف کے حروف کے اعداد کا مکمل نقش ہے۔ اس کو اپنے پاس لکھکر رکھنا باعث خیر و برکت ہے اور ہر مراد میں کامیابی کے لئے اکسیر اعظم ہے +

۷۸۶

۶۱۰۱۲۱۵	۶۱۰۱۲۳۵	۶۱۰۱۲۲۵	۶۱۰۱۲۲۳
۶۱۰۱۲۵۶	۶۱۰۱۲۲۱	۶۱۰۱۲۱۶	۶۱۰۱۲۳۰
۶۱۰۱۲۲۰	۶۱۰۱۲۲۳	۶۱۰۱۲۳۳	۶۱۰۱۲۱۷
۶۱۰۱۲۳۲	۶۱۰۱۲۱۸	۶۱۰۱۲۱۹	۶۱۰۱۲۴۴

نقوش اسمائے باری تعالیٰ

ذیل میں نقش ہائے اسم الٰہی معہ خاصیت کے درج کئے جاتے ہیں۔ تاکہ اہل غرض اس سے فائدہ حاصل کریں۔

الرحمٰن

اگر اس نقش کو پچاس دفعہ زعفران و مشک سے لکھکر اپنے پاس رکھیں تو تمام لوگ عزت کی نظر سے دیکھیں گے۔

۷۸۶

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم
۱۴۴	۲۶۴	۲۷۵
۲۳۵	لطیف	۴۲۴

الرحیم

تو بچہ ضدی اور ہمیشہ روتا رہتا ہو۔ اس کے گلے میں چاندی کی تختی پر یہ نقش لکھ کر گلے ...

ڈالیں۔ تو انشاء اللہ وہ رونا ترک کر دیگا۔ اور اگر اس نقش کو عقیق پر کھدوا کر انگشتری تیار کرا کے پہنیں تو اس پر رحمت و برکت کا نزول ہوگا۔ اور اللہ کے نزدیک بلند مرتبہ پائے گا۔

۷۸۶

ال	ر	ح ی	م
۱۹	۳۹	۳۲	۱۹۹
۳۸	۱۶	۲۲	۳۳
۲۰۱	۳۴	۳۷	۱۷

اَلْمَلِکُ

اگر چاندی کی تختی پر یہ نقش کھدوا کر بازو پر باندھیں اللہ کریم اس کا مرتبہ بلند کر دیگا اور اس کی قدر و منزلت بڑھیگی۔ اللہ کی رحمت و شفقت کا اس پر نزول ہوگا اور اسکے دلی مقاصد نیک انجام پائیں گے۔

۷۸۶

ال	م	ل	ک
۳۱	۱۹	۳۲	۳۹
۳۸	۱۸	۴۲	
۴۱	۲۴	۱۷	۲۹

بیبائیل

اَلْقُدُّوْسُ

اگر کوئی شخص سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور اس اسم پاک کا ورد رکھے۔ تو مخلوق میں صاحب وقار ہو اور اس کا دل پاک صاف ہو جائے گا۔

۷۸۶

ال	ق	دو	س
۱۱	۵۹	۳۲	۹۹
۵۸	۱۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۷۵	۸۱

اَلسَّلَامُ

جو شخص اس نقش کو چاندی کی انگوٹھی میں پہنے اور اس اسم کا ورد ان کے مطابق جاری رکھے۔ تو اللہ تبارک اس کی ہر مراد پوری کرتا ہے۔ اور وہ اللہ کے حفظ امن میں رہتا ہے نقش اگلے صفحہ پر ہے

۷۸۶

ال	س	لا	م
۹۳	۳۹	۴	۲۹
۵۸	۱۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۴۳	۷۵	۸۱

اَلمُؤمِنُ

اگر کوئی شخص وہم یا وسواس میں مبتلا ہو جائے۔ تو اس نقش کو نہار منہ پانی میں گھول کر اکیس روز پیئے انشاء اللہ مرض دور ہو جائیگا اور اگر سونے یا چاندی پر کندہ کر کے اس نقش کو اپنے پاس رکھا جائے تو وسواس و وہم سے اللہ کریم نجات دیگا اگر کوئی شخص حاجت روائی کے لئے ۴۱ روز ہر نماز کے بعد ایکسو چھتیس مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ اس کی حاجت بر آئیگی۔

۷۸۶

ال	ہ	م	ن
۴۱	۴۹	۷۲	۵
۴۸	۳۸	۱۷	۷۰
۷	۷۴	۷۴	۳۹

قلبیائیل

اَلمُہَیمِنُ

اگر کوئی حاکم سات روزے رکھے اور ہر روز یہ اسم ایک ہزار مرتبہ ورد کرے تو اللہ کریم اُسکو ہر آفت و مصیبت سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور مخلوق اس کی مطیع ہو جاتی ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ باقاعدہ اس کا ورد جاری رکھے اور عدل و انصاف موافق شریعت کے لازم رکھے عدل و انصاف میں کوتاہی نہ کرے۔ انشاء اللہ فائز المرام رہیگا

یَا بَارِیُ

یہ اسم جلالی ہے قضائے حاجات و مہمات کے لئے اگر سات روز میں ہزار بار اس کا ورد کیا جائے تو انشاء اللہ دلی حاجت پوری ہو جائیگی اور اگر یہ سات دھات کی انگشتری پر کندہ کر کے ہاتھ میں پہنی جائے تو اللہ کریم اس کی تمام بیماریاں دور کرتا ہے مگر ناپاکی میں یہ انگشتری ہرگز نہ پہنی جائے۔ اور اگر چالیس ۵۸ روز تک برابر یہ اسم دس ہزار مرتبہ پڑھے۔ تو اسرار

ربانی کا مشاہدہ ہو۔ اسلئے کہ جب کوئی شخص اس اسم کا ورد کرتا ہے تو تمام ارواح قدسیہ ورد حانیہ اور ارغبہ جو عالم ملکوت اور جبروت میں ہیں ان کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس کے ورد کرنے والے پر اسرارِ عالم منکشف ہو جاتے ہیں اور وہ انوار آلٰہی سے منور ہوتا ہے۔

یَا زَکِیُّ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص اپنی مراد کیلئے یا جن و شیطان کی تسخیر کے واسطے اس کا چلہ کرے تو کامیابی حاصل ہوتی ہے اس شخص کو چاہیئے۔ کہ چالیس روز تک ہر روز پندرہ ہزار دفعہ یہ اسم پڑھے مگر چلہ بروز شنبہ زحل کی ساعت اول یا بارہویں تاریخ چاند کو پڑھنا شروع کرے۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل ہو گی۔ اس کی ایک اور خاصیت ہے۔ کہ اگر کوئی شخص پاک و صاف ہو کر پاکیزہ پوشاک پہنے اور علیحدگی میں کسی خالی مکان میں بیٹھ کر یہ اسم ایک ہزار اکیاون بار پڑھے مگر یہ یاد رہے۔ کہ بدھ کا دن ہو اور اس کے چند روز پہلے ترک حیوانات جلالی و جمالی ضرور کیا جائے۔ جب عامل کی تعداد ورد پوری ہو گی۔ تو سات ارواح پاکیزہ اس کے سامنے آشکار ہونگے جن کی پوشاک سبز اور کلاہ ترکی زیب سر ہو گا۔ چہرہ ان کا مثل چاند کے منور ہو گا۔ وہ عامل کے پاس بیٹھ جائیں گے۔ اور کچھ کہنا چاہیں تو ان کی توجہ نہ کرنی چاہیئے۔ بلکہ یہی اسم بلند آواز سے جاری رکھا جائے۔ جب وہ زیادہ مصر ہوں۔ اور کہیں۔ کہ اے اللہ کے بندے تو کیا چاہتا ہے اپنا مقصد بیان کرو۔ تو عرض کی جائے کہ خداوند کریم نے آپ کو بزرگی بخشی ہے۔ اور اللہ آپ پر ہمیشہ اس لئے راضی ہے۔ کہ آپ نے فرمان آلٰہی کی اطاعت کی اور میری دعوت پر آپ حاضر ہوئے میری یہ آواز ہے۔ کہ جب مجھے کوئی ضرورت یا حادثہ نیک و بد پیش آئے تو آپ میری مدد فرما دیں اور میرے ساتھ لطف فرمایا جائے۔ جب وہ قبول فرمالیں تو صاحب دعوت یا عامل اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہو جائے اور عرض کرے کہ مجھے کوئی نشانی ضرور عطا فرمائی جائے اگر وہ کوئی عذر کریں اصرار کریں اور کہیں یہ اس لئے نشانی چاہتا ہوں کہ مجھے دوبارہ دعوت عمل دینے کی حاجت نہ پڑے۔ جب وہ دعوت کا نام سنیں گے۔ تو فوراً ایک مہرہ مثل بیضہ مرغی کے مخطط سبز عنایت فرمائیں گے مہرے کو سر اور آنکھوں پر رکھ لیا جائے۔ اور پھر عرض کیجائے کہ مجھے اس مہرہ کے خطوط سے مطلع فرمایا جائے تو پھر وہ اسرار حقیقت سے آگاہ کریں گے۔ اور اس نوشتہ کے پڑھنے کی اجازت

فرمائیں گے۔ اور نصیحت کریں گے کہ اس مہرہ کو ناپاکی کی حالت میں ہرگز ہاتھ نہ لگایا جائے اور
اس کو فاسق فاجر کی نظروں سے محفوظ رکھا جائے جب وہ ہدایت فرمالیں تو عامل عجز و
انکساری سے عرض کرے کہ آپ نے اس قدر تکلیف میری خاطر فرمائی اور تشریف لائے۔ اب میں
اجازت دیتا ہوں کہ آپ تشریف لے جائیں اور جب میں بلاؤں میری مدد کیلئے اس وقت
تشریف لائیں۔ اسکے بعد جب ضرورت ہو تو صاحب عمل سات دفعہ یا زلی پڑھے تو وہ حاضر ہو جائیں گے۔
یہ تمام واقعہ اور اسرار جو صاحب عمل اور ارواح مقدسہ کے مابین گذرا کسی غیر شخص پر ہرگز
ظاہر کرنا نہ چاہیئے۔

یَا کَافِیُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص کشادگی رزق کے لئے بارہ ہزار دفعہ بارہ روز تک پڑھے۔ تو
اللہ کریم اس کے رزق میں وسعت عطا فرماتا ہے۔ اگر کوئی شخص اپنی حاجت روائی کیلئے یہ اسم ہرن
کے پوست پر زعفران سے لکھ کر اپنے مکان میں چھپا رکھے اور اس کے بعد دو رکعت نماز نفل
اسطرح ادا کرے۔ کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الھٰکم التکاثر تین تین بار پڑھے اور حاجت
کے لئے دعا مانگے تو رب العزت اسکی دعا قبول فرماتا ہے۔ اور اس کی حاجت پوری ہو جاتی ہے۔

یَا تَقِیُّ

یہ اسم جلالی ہے حضرت شیخ ظہور الحق و شیخ علی شیرازی فرماتے ہیں۔ کہ ہلاکی اعداء کے لئے
اگر منگل کے روز سورج نکلتے وقت ساعت مریخ میں دو رکعت نماز اسطرح ادا کریں۔ کہ
پہلی رکعت میں بعد الحمد کے پچیس بار الم ترکیف اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد پچیس
بار تبت یدا پڑھیں۔ اور پھر سلام کے بعد سجدہ میں سو بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ پڑھیں
اور سر اٹھا کر کے اسم مذکور شروع کیا جائے اور چالیس روز تک سولہ ہزار پانچسو مرتبہ پڑھیں۔ اللہ
کریم اس کے اعداء کو ہلاک کر دے گا۔
اور اگر کوئی قید میں ہو یا کسی ظالم کے پنجہ میں گرفتار ہو تو یہ اسم ہر روز ایک ہزار
بار پڑھے۔ حق تعالےٰ اس کو قید سے رہائی دے گا۔ اور ہر بلا سے نجات بخشے گا
اس مبارک اسم کو تسبیح اعظم کہا جاتا ہے۔

یا حَنَانُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کسی شخص کے ہوش و زبان کسی جادو وغیرہ سے بستہ ہو تو چالیس روز تک بکثرت اس اسم کا ورد رکھے۔ تو انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔ اگر کوئی شخص تسخیر جن کا خواہشمند ہو تو ایک سال تک گوشہ اختیار کرے۔ اور سال کے آخر میں اس پر سات علامات ظہور پذیر ہونگی اس وقت اپنے دل کو مضبوط رکھے۔ اور خدا کی طرف متوجہ رہے اسم کے ذکر سے بالکل غافل نہ ہو۔ وہ سات علامات یہ ہیں۔

اول: جب تین دن گزر جائیں تو اس کو تمام کائنات عالم سبز دکھائی دیگی۔ اس چیز سے ہرگز خوف زدہ نہ ہو۔

دوئم: آٹھویں روز دو جسم اس کے پاس آ کر کہینگے کہ ابن آدم اس دعوت سے تیرا کیا مطلب ہے۔ تو گھبرا نہ جائے۔ اور زیادہ توجہ ان کی طرف نہ رکھے۔ اور کوئی خوف کھائے۔ اور نہ ہی ان کو جواب دے۔ بلکہ پکار پکار کر اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ اگر خوف کھائیگا تو ہلاک ہوگا۔

سوئم: تیرھویں روز اک سبز بزرگ کا پرند مثل ہما کے اس کے سر پر بیٹھ کر بانگ دیگا۔ اور اس کے گرد چھوٹے چھوٹے مرغ جمع ہو جائیں گے۔ مگر عامل ان کی طرف متوجہ نہ ہو۔ بلکہ اس اسم کو بلند آواز پکار کر ورد جاری رکھے۔ تھوڑی دیر کے بعد وہ سب پرندے چلے جائینگے۔

چہارم: سترھویں رات کو ایک برقعہ پوش درویش صورت آئیگا اور سلام علیک کہیگا اس کا جواب وعلیک سلام دینے کے بعد اس کے ساتھ ہرگز کوئی بات نہ کی جائے۔ مگر استادوں سے اس کی تعظیم و تکریم بجالائے اور اپنے ورد میں مشغول رہے۔ اور کسی بات کا جواب نہ دے۔ ورنہ ہلاک ہوگا۔

پنجم: ستائیسویں روز تمام جن و پری کافر و مسلم حاضر ہو کر مراد مقصود دریافت کرینگے مگر ان کی کسی بات کا کوئی جواب دیا جائے۔ بلکہ شغل ورد میں مصروف رہے۔

ششم: اٹھائیسویں روز سے چالیسویں روز تک اپنے گرد اس شکل کا منڈلا ہر روز بناوے اور اس میں بیٹھ کر اسم مذکور پڑھے اور رات کو سبز چراغدان پر ایک چراغ زیتون یا روغن چنبیلی سے روشن کرے۔

منڈلا کی شکل یہ ہے۔

ھ ااا

ھ ااا

ھ ااا

ھ ااا

پھر سترہ بار قُلْ اُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ پڑھ کر جو بتی چراغ میں ڈالنی ہے اس پر دم کر کے روشن کرے اس کے بعد پھر دعوت اسم میں مشغول ہو جائے اسی طرح سات رات متواتر یہ کام جاری رکھے ساتوں رات کو یکایک چار مرد اس کے منڈلائے گرد حاضر ہوں گے۔ اور کہیں کہ ابن آدم اٹھ اور اس منڈلاسے باہر آ اور اپنا مقصد دلی بیان کر۔ اگر تو مال کا خواہشمند ہے تو مال دیا جائے گا اگر معشوق چاہتا ہے تو حاضر کریں گے۔ وہ تمہارے مقصد کی دریافت کیلئے بہت کوشش کریں گے۔ اور قسمیں کھائیں گے۔ مگر ان کی کوئی بات نہ مانے اور نہ ہی کوئی کلام کرے۔ اور منڈلے سے ہرگز باہر نہ آئے۔ ورنہ ہلاک ہو جائیگا۔ اسم کا ورد جاری رہے۔

مقیم :۔ چلہ کے آخری روز بہت ہنگامہ پیدا ہوگا کئی جلتے ہوئے چراغ اور گھوڑے سوار مختلف شکلوں میں لظر آئیں گے خوف نہ کریں پھر اچانک اُن کے درمیان ایک باہیبت سلطان تخت پر سوار ہو کر مع خدام جس پر زر و جواہر نثار کرتے ہوں۔ حاضر ہوگا۔ اور سلام کرے گا اسوقت کھڑے ہو جاؤ۔ اور سینہ پہ ہاتھ رکھ کر تعظیم کرو۔ لیکن زبان سے ہرگز کوئی بات نہ کی جائے۔ اشارے سے جواب دو۔ بادشاہ عرض کریگا۔ اے عامل ربانی زبدہ ذریات انسانی اور اے ابن آدم خلیفہ حقانی تیرا کیا مطلب ہے تو اس کے جواب میں کہو کہ اے ملک ارواح خداوند تعالیٰ تجھ سے راضی ہو میری مراد یہ ہے۔ کہ میری ہر حاجت میں تم مددگار و معاون ہو اور جب میں ان کو بلاؤں تو میرے پاس حاضر ہوں اور میرے حکم سے منہ نہ پھیریں پھر وہ اپنے لشکر سے کہیگا کہ ان کے حکم کی تعمیل کرو۔

یَا مَنَّانُ

یہ اسم جلالی ہے۔ اگر کوئی شخص بہت قرضدار ہو اور قرضہ سے تنگ آ جائے۔ تو یہ اسم شریف بکثرت پڑھے اللہ کریم قرضہ کی ادائیگی کیلئے اُس کی خزانہ غیب سے مدد کریگا اور اگر بے اولاد ہو۔ تو اللہ کریم اس کو اولاد عطا فرمائے گا۔

اگر اس اسم مبارک کو جب آفتاب برج سرطان میں ہو۔ تو پاکیزہ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ اور مخلوق میں مقبول رہیگا ہمیشہ اس کا ورد رکھنے سے مستجاب الدعوات ہوگا اور اگر کوئی مسافر راستہ بھول جائے تو یہ اسم نوے بار پڑھے۔ تو اللہ کریم اس کو صحیح راستہ بتلائے گا۔ اور اگر کوئی شخص بے سر و سامان ہو تو ہر روز نناوے دفعہ پڑھنے سے صاحب سامان ہوگا۔

یَا دَیَّانُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کسی میت کیساتھ خانہ کعبہ کے کپڑے پر لکھ کر دفن کر دیا جائے مگر مشک و زعفران سے لکھیں تو وہ میت عذاب قبر سے نجات پاتی ہے۔ اگر کسی شخص کو سفر کرنے سے روکنا مقصود ہو تو یہ اسم پوست آہو پر مشک و زعفران سے لکھ کر قبلہ رو دیوار میں پوشیدہ رکھ دیں۔ اور تیس روز تک اکیس بلکیس مرتبہ ہر روز اس اسم کا ورد کریں تو بفضل تعالیٰ وہ شخص سفر کا ارادہ فسخ کر دیگا۔ اگر سفر میں چور ڈاکو وغیرہ کا خطرہ ہو تو یہ اسم پوست ہرن پر مشک زعفران سے لکھ کر سامان میں رکھ دیں۔ تو انشاءاللہ تمام سامان محفوظ رہیگا۔ اگر کوئی شخص یہ اسم مبارک نہایت پاکیزگی کے ساتھ ستر روز متواتر پانچ ہزار یومیہ کے حساب سے ورد کرے تو اس کے تمام دلی مقاصد سرانجام پائیں گے اور اس کے دل سے حسد وکینہ دور ہو جائے گا +

یَاخَالِقُ

یہ اسم مشترک ہے اگر کسی غائب شدہ کا پتہ نہ مل سکے تو عامل اس اسم کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھے اور پھر دو رکعت نماز نفل ادا کرے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص آیۃ الکرسی دس مرتبہ پڑھے سلام کے بعد سجدے میں جائے اور سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا یَغْفُلُ عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ اور پھر ایک ہزار مرتبہ اسم مذکور پڑھے اس کے بعد یہ اسم مشک زعفرانی سے لکھ کر سوتے وقت اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ انشاءاللہ غائب شدہ کو خواب میں اسی حالت میں دیکھیگا جس میں وہ وہاں موجود ہو گا اور اگر زندہ ہو گا۔ تو گھر آجائے گا +

یَارَحِیْمُ

یہ اسم پاک جمالی ہے اگر کوئی شخص شروع ماہ چاند کے دوشنبہ یا جمعرات کے روز طلوع آفتاب کیوقت ہر روز سات ہزار بار یہ اسم پاک کا ورد کرے تو اس کے دل میں اللہ کی محبت موجزن ہو اور اگر کوئی شخص کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنا چاہے تو پہلے تارک حیوانات جلالی و جمالی ہو کر روزہ رکھے اور بعد میں یہ اسم کاغذ پر مشک اور زعفران سے لکھ کر بہتے دریا کے پانی میں بہا دے۔ اور دریا میں بیٹھ کر ایک ہزار بار یہ اسم پڑھے۔ انشاءاللہ اس کا مطلوب بیقرار ہو کر اس کے پاس حاضر ہو گا۔ اگر کوئی شخص یہ اسم روزانہ پانی پر دم کرکے پیئے اور اس پر

سکرات موت اور عذاب قبر و پل صراط آسان ہو گا۔ اگر چینی کے پیالے میں یہ اسم لکھ کر ہر روز کسی سودائی۔ پاگل کو پلایا جائے۔ تو صاحب ہوش ہو جائیگا۔ اور اگر یہ اسم ہر روز صبح پانچسو مرتبہ پڑھا جائے تو خلق مطیع ہو گی۔ اور آفات دنیاوی و سماوی سے محفوظ رہیگا۔

یَا نَامُ

یہ اسم جلالی ہے۔ اگر کوئی شخص عالم غیب کے عجائبات کا ملاحظہ کرنا چاہتا ہو تو وہ بارہ روزے رکھے۔ اور یومیہ دو ہزار پچیس دفعہ یہ اسم شریف پڑھے۔ تو عجائبات غیب کا انکشاف ہو۔ اور حاکم وقت و امیر و وزیر اسکو دوست رکھیں مگر وظیفہ باقاعدہ ہر روز جاری رکھنا چاہیئے اگر دشمن کے لشکر کو پراگندہ کرنا مطلوب ہو تو صاحب عمل دشمن کے میدان کی مٹی منگوا کر اس پر یہ اسم سات ہزار بار پڑھ کر لشکر کیطرف مٹی پھینک دے۔ اور با آواز بلند کہے۔ کہ ہم نے تم کو پراگندہ اور متفرق کر دیا اور پھر دونوں اپنے ہاتھ پر ہاتھ مارے۔ تو لشکر پراگندہ ہو جائیگا اور شکست کھا کر بھاگ نکلیگا۔

یَا مُبْدِعُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص علم و حکمت کا طالب علم ہو۔ تو چالیس روز یہ اسم ستانوے بار ہر روز پڑھے اللہ کریم اسکو حکمت عطا فرمائیگا۔ اگر کوئی شخص اس اسم کے ہر حرف کے بدلے ایک ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے۔ تو اللہ کریم اس کو غنی کرے۔ اور کسی کا محتاج نہ ہو گا۔

یَا عَلَّامُ الغُیُوبُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص یہ اسم ہر روز ایک ہزار بار پڑھے۔ تو اس کو حق تعالےٰ سعادت ازلی و ابدی عطا فرمائے گا۔

یَا حَلِیمُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص ہر لمحہ اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ تو تمام مخلوق اسکی تابع رہے۔ اگر یہ اسم سات ہزار بار پڑھا جائے اور دعا مانگی جائے۔ کہ جو شخص غائب ہو گیا ہے وہ حاضر ہو۔ تو اللہ کریم اس کو حاضر فرماتے ہیں۔

اور اگر ولادت کیوقت یہ اسم عورت کی بائیں ران پر لکھ کر باندھ دیں۔ تو ولادت آسان

ہو جاتی ہے ۔ اگر یہ اسم کسی خوشبو دار چیز یا کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے اپنے مطلوب کو کھلائیں تو وہ محبت میں گرویدہ ہو جائے گا ۔

یَا مُعِیْدُ

یہ اسم جمالی ہے ۔ اگر کوئی شخص بہت سخت مصیبتوں سے اور بوجہ بے روزگاری کے تباہ حال ہو گیا ہو ۔ تو وہ یہ اسم مبارک صبح کی نماز کے بعد ہر روز تین سو ایک دفعہ پڑھے اللہ کریم اس کی مصیبتیں دور فرمائے ۔ اور اس کے تمام دلی مقاصد بر آویں اور خوشحال ہو جائے ایک روایت میں آیا ہے ۔ کہ اگر کوئی صاحب اس اسم کو ایک لاکھ بار پڑھے تو اس کا دل منور ہو جائے ۔ اور مخلوق میں صاحب مرتبہ ہو جائے ۔

یَا حَمِیْدُ

یہ اسم مشترک ہے ۔ اگر کوئی شخص بلند مرتبہ حاصل کرنا چاہئے ۔ تو اپنے مقصد کی نیت سے یہ اسم سوا لاکھ بار پڑھے ۔ اور پھر ہو سکے بطور وظیفہ پڑھتا رہے ۔ اللہ کریم اس کو مرتبہ عطا فرمائے ۔ اور اس کی تمام تکلیفوں کو دور کرے ۔

یَا عَزِیْزُ

یہ اسم جمالی ہے ۔ اگر کوئی شخص ہر روز اس اسم کا کثرت سے ورد جاری رکھے ۔ اور اس کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے ۔ تو تمام مخلوق میں عزت حاصل کرے ۔ اگر کوئی چاندی کی تختی پر یہ اسم لکھ کر اس پر سات تہ موم جامہ کے جمائے ۔ اور تہ پر تین سو ساٹھ بار یہ اسم پڑھے تو اللہ تبارک اپنے خزانہ غیب سے اسکو تونگر کرے ۔ اسیطرح اگر اس اسم کو پچیس روز تک ہر روز تین ہزار دو سو دفعہ پڑھے تو وہ غنی ہو جائے ۔

یَا قَاہِرُ

یہ اسم جلالی ہے ۔ اگر دو شخصوں کے درمیان عداوت ڈالنی ہو ۔ تو یہ اسم لکھ کر اس کے ساتھ ہر دو اشخاص کے نام مع والدہ کے نام لکھ کر سیاہ کوے کے منہ میں ڈالکر اس کا منہ سی دیا جائے ۔

اور پھر اس کو زمین میں دفن کریں ہر دو کے درمیان سخت عداوت ہو جائے گی۔ اگر کسی جگہ لڑائی جنگ ہو جائے تو عامل اس اسم کو سات دفعہ پڑھکر اس طرف دم کرے۔ تو انشاء اللہ لڑائی ہو کر صلح ہو جائے گی ؛۔

یَا قَرِیْبُ الْمُتَعَالُ

یہ اسم جمالی ہے دین و دنیا کے مراتب حاصل کرنے کے واسطے یہ اسم اکیس رات ہر شب ہزار بار پڑھا جائے تو اللہ کریم اس کو بلند مراتب عطا فرمائے اگر کسی شخص نے کسی کے پاس امانت رکھی ہو تو انکاری ہو جائے تو وہ شخص سات روزے رکھے۔ اور ہر روز قبروں کی زیارت کرے۔ اس کے بعد صدق دل سے تین رکعت نماز ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ اور دوسری اِذَا زُلْزِلَتِ اور تیسری میں وَالْعَصْرِ تین تین بار پڑھے اور بعد نماز کے اکیس پچیس بار یہ اسم پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ امانت رکھنے والا مہربان ہو کر امانت واپس کر دے گا اگر کوئی شخص ہمیشہ اس اسم کا ورد جاری رکھے۔ تو بلند مرتبہ حاصل کرے۔ اور اگر کوئی شخص بعد نماز کے ہر روز پچیس بار یہ اسم پڑھے۔ تو وہ جنت حاصل کرے۔

یَا مُذِلُّ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص اکیس روز تک یہ اسم سات ہزار بار یومیہ پڑھے تو اس کے دشمن مقہور ہوں۔ اور اگر وہ کسی جابر حاکم کے روبرو جائے تو حاکم مہربان ہو اور اگر کوئی شخص تین یوم کے عرصہ میں تین لاکھ بار یہ اسم پڑھے تو گدا سے شاہ ہو اور اللہ کریم اس کو غنی کر دے ؛۔

یَا نُوْرُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی جوان باکرہ عورت اپنی حسب خواہش شادی کرنا چاہئے۔ تو بیاہ گانے کا دل اسوقت حاصل کرے جب اسکو کوئی نامحرم نہ دیکھتا ہو اور پھر سات سو بار یہ اسم پڑھکر اس پر دم کرے اور دعا مانگے۔ یَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَ مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا دَلِیْلَ الْخَیْرَاتِ میری دعا قبول فرما۔ اسکے بعد کاغذ پر یہ اسم مشک زعفران سے لکھکر دل کے اندر رکھ دے اور سجادے کے چھت پر کسی گوشہ میں پوشیدہ رکھ دے اور سجادے نکلتے وقت اسم پڑھے۔ جب اسم کا ورد کرے۔ تو خوشبو جلائے۔ اور اپنے دل

کو تمام خیالات سے باز رکھے۔ اس دل کا کچھ حصہ رکھ لے۔ اس پر اکتالیس بار چھری مارے۔ اور ہر بار یہ اسم پڑھے پھر اسکے ٹکڑے روغن جس میں زعفران ملایا ہوا ہو بریاں کر کے کھائے تو انشاءاللہ اس کی مراد بر آئیگی اور پڑھنے والے کا مرزوق برزق خضر علیہ السلام ہوں گے

یَا عَالِیُ

یہ اسم مبارک مشترک ہے اگر کوئی جاہ مرتبہ حاصل کرنا چاہے۔ تو اتوار سے دوسری اتوار تک روزے رکھے اور رات و دن میں سات ہزار بار یہ اسم مبارک پڑھے نامحرموں کی صحبت سے پرہیز رکھے گوشہ نشین ہو کر ورد کرے اور خوشبویات کا استعمال کرے انشاءاللہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا اور اگر کسی کو زیر کرنا ہو تو اتوار یا بدھ کو ماہ قمری کے شروع میں سات روزے رکھے اور رات دن میں ایک ہزار سات سو بار یہ اسم شریف گوشہ نشین ہو کر پڑھے کامیابی ہو گی۔

یَا قُدُّوسُ

یہ اسم مشترک ہے۔ اگر کوئی شخص پاکیزہ ہو کر چالیس دن تک یہ اسم دس ہزار بار پڑھے تو تمام مخلوقات انسان و جن اس کے تابع ہو جائیں گے۔ اگر یہ اسم کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر درد سر والے کو پلائیں۔ درد بند ہو جائے۔

یَا مُبْدِئُ

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کسی لاعلاج مریض پر یہ اسم اکیس مرتبہ پڑھ کر ہر روز دم کریں۔ تو اللہ تبارک اسکو شفا عطا کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص اس اسم شریف کو ہزار مرتبہ گوشہ نشین ہو کر پڑھے تو اللہ کریم تصرف غیبی اسکو عطا فرمائے۔ اگر کوئی بیگناہ قتل میں گرفتار ہو جائے۔ تو اس اسم مبارک کو ہر روز ستر بار پڑھے اللہ کریم اس کو رہائی عطا فرمائے۔

یَا جَلِیلُ

یہ اسم جمالی ہے جو شخص اس اسم کو اکیس روز تک یومیہ تین ہزار چھ الیس بار پڑھے اس کے دشمن مقہور ہو جائیں اگر کوئی شخص چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ یہ اسم مبارک

پڑھے اور برے کاموں اور خیانت و بددیانتی سے پاک رہے تو اللہ تبارک اس کو لطافت روح کر دے۔

یاکریم

یہ اسم جمالی ہے۔ اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کا ورد ہر وقت رکھے اللہ کریم اس کے گناہ معاف کر دے اور اپنے حاسدوں اور دشمنوں سے محفوظ رہے۔

یاعظیم

یہ اسم جلالی ہے علو درجہ و مرتبہ کیلئے سولہ روز تک یہ اسم ہر روز ایک ہزار بار پڑھیں۔ اگر کوئی شخص اللہ کے فضل و کرم کا طالب ہو تو چالیس روز تک روزانہ یہ اسم چار ہزار بار پڑھے اللہ تبارک اس کو اپنے خاص فضل و کرم سے بہرہ یاب کرے۔

المصور

وہ عورت جس کا حمل اسقاط ہو جاتا ہو یہ نقش سوموار کے دن لکھ کر دیں اور وہ گلے میں یا بازو پہ باندھ لیں انشاءاللہ حمل محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ر	صو	م	ال
۳۹	۳۲	۱۹۹	۹۷
۳۳	۴۲	۹۴	۱۹۸
۹۵	۱۹۷	۳۲	۴۱

یاحفیظ ہیل

الوهاب

اگر کوئی شخص اس اسم مبارک کے تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اسکی عنایات الہیٰ حاصل ہوں۔ اور اگر اسکو گھول کر پیا جائے فضل و فہم و ذہن میں ترقی ہو اسکی بکثرت تلاوت سے محبت الہیٰ پیدا ہوتی ہے نقش یہ ہے......

۷۸۶

ب	ها	و	ال
۳۹	۳	۷	۳۰
۴	۳۲	۴	۶
۵	۵	۴	۳۱

یاحطیا ہیل

اَلرَّزَّاقُ

اگر کوئی شخص یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ تو اپنے ہر ارادہ نیک میں کامیاب ہو اور دکان یا مکان میں رکھے تو نفع اور برکت کا باعث ہو مگر یہ تعویذ چاندی کی تختی پر کندہ کرانا چاہیئے۔ اگر کوئی عابد اس کا وظیفہ کرے تو غنی ہو جائے۔

۷۸۶

ال	ر	زا	ق
۹	۹۹	۳۲	۱۹۹
۹۸	۶	۱۰۲	۳۳
۲۰۱	۳۴	۹۷	۷

یااللہ

اَلرَّافِعُ

اگر کوئی شخص یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے یا اسم کی تلاوت بکثرت کرتا رہے تو غنی ہو جائے۔ مخلوق عالم میں اس کا مرتبہ بلند ہو۔

۷۸۶ یااللہ

ال	را	ف	ع	
۸۱	۱۹	۸۲	۳۰	
۸	۷۵	۲۰۳	۳۲	
۳۰۲	۳۴	۱۷	۷۱	

یاحافظ

اَلْفَتَّاحُ

بروز جمعہ یہ تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھنے والا عجائبات کا ملاحظہ کرے گا اور اس کی ہر حاجت اللہ کریم پوری کرے گا۔

۷۸۶

ال	ف	تا	ح
۷۳	۷	۳۲	۷۹
۶	۱۹	۸۲	۳۳
۱۸	۴۴	۵	۴۰۰

کامیابی

اَلْعَلِیْمُ

اگر یہ نقش چاندی یا سونے کی تختی پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو اللہ کریم مرتبہ بلند و بالا کرے اور مخلوق میں ممتاز ہو ۔

۷۸۶

ال	عل	ی	م
۱۱	۲۹	۳۲	۱۹
۳۸	۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۳۷	۹

یااللہ — یاعلیم

عفیائیل

اَلْقَابِضُ

اگر کوئی شخص چاندی کی انگوٹھی پر نقش کندہ کرائے ، اور اس اسم کی تعداد ابجد کے حساب پڑھ کر اس پر دم کرے تو تمام مخلوق اسکی مداح ہو جائے اور ہر ایک اس کی برائی سے رک جائے ۔

۷۸۶

ال	ق	اب	ض
۴	۷۹۹	۳۲	۹۹
۷۹۸	۱	۱۰۳	۳۳
۱۰۱	۳۴	۱۹۷	۲

یا قیفائیل

اَلْبَاسِطُ

اگر پاگل کو یہ نقش لکھ کر سات روز تک پلائیں تو اللہ کریم اس کو شفا عطا فرمائے اور اس کا ورد بکثرت کرنا کشادگی رزق و عزت و مرتبہ کے لئے نہائیت مفید ہے ۔

ال	ب	اس	ط
۶	۸	۳۲	۲
۷	۵۸	۵	۳۲
۴	۲۴	۶	۵۹

سورہ و آیات قرآنی کے خواص

کلام الٰہی کی آیات یا سورتیں ہر صورت میں معجز نما اثرات رکھتی ہیں۔ جس پر مسلمان کا کامل یقین ہے مگر عامل وہ شخص ہونا ضروری ہے جو پابند صوم و صلوٰۃ پاکباز اور باوضو رہتا ہو کیونکہ اللہ کریم کا حکم ہے کہ اس وقت تک تم قرآن مجید کو مت ہاتھ لگاؤ جب تک پاک صاف ہو۔

یُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِينَ

(۱) یہ آیت شریف اگر کسی کو شرینی پر دم کر کے کھلائیں تو وہ محبت میں گرویدہ ہو جائے گا۔

(۲) أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ اگر سواری کرتے وقت یہ خطرہ ہو۔ کہ سواری والا جانور شوخی کرے گا اور نقصان کا خطرہ ہو تو یہ آیت شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دیں انشاء اللہ جانور سیدھا ہو جائے گا۔

(۳) حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

اگر کوئی شخص اس آیت کا ہمیشہ ورد رکھے تو ہر قسم کی مصیبتوں اور تکلیفوں سے محفوظ رہیگا۔

(۴) وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ۔

اگر کوئی دو شخص کے درمیان جدائی ڈالنی ہو تو بھوج پتر پر یہ آیت لکھ کر اس کے نیچے یہ نقش اور عبارت لکھیں اور تعویذ کو ایسی دو قبروں کے درمیان دفن کریں مگر یہ یاد رہے کہ اگر ان دو کی دوستی فتنہ انگیز ہو تو مخلوق کو اس سے ہر وقت نقصان کا اندیشہ ہو گا یہ عمل کریں ورد ط پڑھے۔ اول اور آخر

الله

درمیان فلاں بن فلاں فریقین لکھیں

(۵) اگر سورہ انعام کسی مطلب یا مقصد اور مہم کے لئے پڑھیں اور بعد میں دربار الٰہی میں دعا کریں تو انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

(۶) وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَنْ نُؤْمِنَ حَتَّىٰ نُؤْتَىٰ مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهُ دعا حاجت۔ اگر کسی نیک مقصد و حاجت کے لئے آیت پڑھ کر درمیان دو اللہ کے پڑھتا ہوا اپنے مقصد کی کامیابی کی دعا کرے تو اللہ کریم قبول فرمائیگا۔

(۷) رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا وَإِنْ لَمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ۔

اگر کوئی شخص نماز فرض کے بعد ہمیشہ یہ دعا مانگے تو اللہ کریم اس کے گناہ معاف فرما دیں۔

(۸) اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ
اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو تو یہ آیت کسی برتن میں لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں انشاءاللہ شفا ہو گی۔

(۹) رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ
اگر کوئی شخص بے اولاد ہو تو یہ آیت شریف پڑھتا رہے اللہ تبارک اس کو صاحب اولاد کرے اور نیک فرزند عطا فرمائے۔

(۱۰) ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً سے اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ وسعت و فراخی رزق کے لیے ان آیات کو ابتداء سے ماہ قمری جمعہ سے شروع کرے اور چالیس جمعہ تک بعد نماز مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس دوسری آیت کو ہر جمعہ کے بعد کاغذ پر لکھ کر کسی کنویں میں ڈالتا جائے۔ انشاءاللہ غنی ہو جائیگا دوسری آیت یہ ہے۔ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ

(۱۱) اس آیت کو لکھ کر گلے میں باندھنے سے خوف دل جاتا رہتا ہے مگر تعویذ دل پر لٹکتا ہی بہتر ہے

(۱۲) هُوَ الَّذِیْۤ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ
اگر کوئی شخص شیرینی پر دم کر کے اپنے مطلوب کو کھلائے تو مطیع ہو جائے۔

(۱۳) اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ سے ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ
اگر اپنے مال تجارت میں رکھیں تو اس مال میں اللہ کریم برکت عطا فرمائے

(۱۴) آیت لَقَدْ جَآءَكُمْ سے هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ تک اگر کوئی شخص ہر روز نماز کے بعد پڑھے تو ہر روز محشر خدا کے فضل و کرم سے اسکی شفاعت رسول کریم فرمائیں گے علاوہ ازیں جس مصیبت کے وقت پڑھے اللہ کریم اس تکلیف سے نجات بخشیگا۔

(۱۵) فَاسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ یہ استقامت قلب کے لئے ہر نماز کے بعد گیارہ دفعہ پڑھیں۔

(۱۶) فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اگر دشمن کا خوف یا کسی مصیبت کا سامنا ہو۔ تو یہ آیت کثرت سے پڑھیں۔ اللہ کریم سب مصیبتوں سے محفوظ رکھے گا۔

(۱۷) اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ
اگر کسی عورت کو بار بار اسقاط حمل کا عارضہ ہو جائے۔ تو یہ آیت لکھ کر پیٹ

پر باندھیں۔ انشاء اللہ حمل محفوظ رہے گا۔

(۱۸) وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ

اگر طوفان یا دو باراں میں بجلی وغیرہ گرنے کا خوف ہو تو یہ آیت شریف پڑھیں۔ تو اللہ کریم پڑھنے والے کو اپنے حفظ امن میں رکھے گا۔

(۱۹) يٰٓاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ

اگر کسی جگہ سے بکثرت چیونٹیاں نکلتی ہوں تو یہ آیت لکھ کر سوراخ پر رکھ دیں انشاء اللہ سب چیونٹیاں سوراخ میں داخل ہو جائیں گی۔

(۲۰) فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔۔ اگر کسی شخص کی مفقود الخبر ہو تو یہ آیت لکھ کر چرخہ میں باندھ کر ساٹھ دفعہ ہر روز چالیس دن تک الٹا گھمائیں۔ اور اس شخص کا تصور کریں انشاء اللہ غائب شدہ واپس آ جائیگا۔

(۲۱) اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ دو رکعت نماز نفل پڑھ کر آیت شریف ۱۱۹ مرتبہ چالیس یوم تک پڑھیں تو اس کی برکت سے بھاگا ہوا شخص بہت جلد واپس آ جائے گا۔

(۲۲) قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ یہ آیت شریف بخار والے مریض کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس کا بخار اتر جائے گا۔

(۲۳) لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ درحقیقت یہ آیت شریفہ مخفی اسم اعظم ہے۔ ہر قسم کی مصیبتوں اور تکلیفوں سے نجات پانے کیلئے اس کا بکثرت ورد کریں۔ اللہ کریم ہر تکلیف و بلا سے نجات دیتا ہے۔

(۲۴) وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ سے الْحَكِيْمُ تک جس ماہ قمری کی پہلی تاریخ جمعرات کو ہو۔ اس دن غسل کر کے روزہ رکھا جائے۔ اور پھر شام کو جو کی روٹی شکر کے ساتھ روزہ افطار کیا جائے پھر آدھی رات کو اٹھ کر باوضو ہو کر قبلہ رو بیٹھ جائے۔ اور یہ اکتیس تیس بار پڑھی جائے اور پھر یہی آیت مشک زعفران گلاب سے چینی کے برتن میں لکھیں اور گھول کر پی لی جائے مگر آیت ڈالکے گھول کر پی جائے سات روز تک اسی طرح عمل کیا جائے۔ اور آخری دن یہ آیت ستر بار گوشہ نشین ہو کر تنہائی میں پڑھی جائیں عود کی خوشبو اس وقت جلائیں۔ اور اسی پاکیزہ لباس کے ساتھ سو رہیں۔ انشاء اللہ کشف علوم حاصل ہو گا۔ اور جن و انس کی تسخیر

کے لئے بھی مفید ہے۔

(۲۵) یٰبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اذۡکُرُوۡا نِعۡمَتِیَ سے لے کر اَنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ اگر کسی عورت کے دل کا حال دریافت کرنا ہو تو سوموار کی رات کو جب آدھی رات گذر جائے تو کسی نابالغ لڑکی کے کپڑے پر یہ آیت لکھکر عورت کے سینہ پر رکھدیں جو کچھ اس کے دل میں ہوگا وہ خود بخود سوتی ہوئی بیان کردے گی۔

(۲۶) تَعَالَوۡا نَدۡعُ اَبۡنَآءَنَا سے لے کر مِیۡثَاقَکُمۡ ... تَخۡتَصِمُوۡنَ اگر کوئی تجارت یا خرید و فروخت میں اچھی چیز خریدنا چاہیے تو یہ آیتیں پڑھے خرید کے وقت اسکو اچھا اور نفع اور مال ملیگا۔ اور دھوکے سے بچ جائے گا۔

(۲۷) اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ سے خٰلِدُوۡنَ تک اگر کوئی شخص شیطان کے مکر و ایذا سے محفوظ رہنا چاہیئے تو قرآن کریم کی یہ آیتیں پڑھے۔ انشاء اللہ شر شیطان سے محفوظ رہیگا۔ علاوہ ہر تکالیف و ایذا اور بے روزگاری مفلسی وغیرہ کیلئے اسکی تلاوت نہایت مفید ہے اگر لکھکر دکان میں لگا دیں تو انشاء اللہ کاروبار میں ترقی ہو اور کبھی فاقہ کی نوبت نہ آئے۔

(۲۸) قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الۡمُلۡكِ سے بِغَیۡرِ حِسَابٍ تک اگر فرض نمازوں کے بعد اور نوافل کے بعد یا سوتے وقت یہ آیتیں پڑھی جائیں تو روزی میں ترقی ہو اور تنگدستی دور ہو جائے۔

(۲۹) وَقَالَتِ الۡیَهُوۡدُ یَدُ اللّٰهِ مَغۡلُوۡلَةٌ سے لَا یُحِبُّ الۡمُفۡسِدِیۡنَ اگر کسی مقام پر شرارت پسند عنصر جمع ہوں اور وہاں سے ان کا روکنا منظور ہو تو ان میں سے بڑی عمر کے اور سب سے چھوٹی عمر والے کے بال لے کر خاکستر کر لو۔ اور یہ آیتیں کسی بڑے برتن میں لکھ کر اور برگ حرمل کے پانی سے دھو کر وہ پانی اور خاکستر اس مقام پر ڈالدو۔ انشاء اللہ وہاں سے شرارت پسند عناصر جمع ہونا بند ہو جائے گا۔

(۳۰) اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ سے لَا تُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ کسی لکڑی کے برتن میں لکھ کر رکھ لیں۔ اگر کسی وقت خاص رات کو اٹھنا ہو اور خیال ہو کہ شاید اس وقت نہ اٹھ سکوں تو اس برتن میں پانی ڈال کر پیئے۔ مگر آب زمزم ہونا چاہیے۔ اسی وقت نیند کھل جائیگی۔

وظائف قادریہ

(۱) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے طریقہ کشف ارواح مشائخ قادریہ سے یوں بیان فرمایا کہ بعد غسل کے پاک و صاف لباس خوشبودار پہن کر مصلے پر بیٹھ جائیں اور گوشہ

نشین ہو کر اس طرح وظیفہ میں مشغول ہوں پہلے دل سے طرف "سُبُّوحٌ" کی ضرب لگائیں اور پھر بائیں طرف "قُدُّوسٌ" کی اور پھر آسمان کی طرف "رَبُّ الْمَلٰئِکَۃِ" کی ضرب لگائیں اور دل میں "اَلرُّوْحُ" کہیں اسی طرح چلہ ختم کریں یہ وظیفہ ہر روز کم از کم نصف گھنٹہ تک جاری رکھیں۔

(۲) کسی مشکل مہم یا کام میں کامیاب ہونے کے واسطے مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ تہجد کی نماز ادا کریں۔ اور اس کے بعد "یَا حَیُّ" کی ضرب داہنی طرف لگائیں اور بائیں طرف "یَا وَھَّابُ" کی ضرب لگائیں، ہر دو ضربات کم از کم ایک ہزار بار لگائیں ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

(۳) تمام مطالب کے رد کے لئے مذکورہ شرائط کیساتھ یہ وظیفہ کریں اللہ کی ضرب دل میں اور پھر لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ کی ضرب نفی و اثبات میں اور اَلْحَیُّ کی ضرب داہنی طرف اور اَلْقَیُّوْمُ کی ضرب بائیں طرف ہر ایک ایک سو ایک دفعہ لگائیں ان شاء اللہ چلہ کے بعد کامیابی ہوگی۔

(۴) برائے شفا مرض اور کشائش رزق و مغلوبی دشمن کے لئے۔ بیمار کے لئے یَا شَافِیُ کی ضرب اور کشائش رزق کیلئے یَا رَزَّاقُ یَا صَمَدُ دفع دشمن کے لئے یَا خُذِلُ کا وظیفہ پاک و صاف ہو کر کرے اللہ کریم اس کو اپنے مطلب میں کامیابی عطا فرمائے گا۔

وظائف چشتیہ و دیگر وظائف

روایت ہے کہ حضرت معین الدین حسن چشتی رحمۃ اللہ علیہ جن کے فیض سے ہزاروں کفار مسلمان ہوئے جب حضور خواجہ صاحب کا انتقال ہوا۔ تو آپ کی پیشانی پر یہ نقش ظاہر ہوا "حَبِیْبُ اللّٰہِ مَاتَ فِیْ حُبِّ اللّٰہِ" یعنی خدا کا دوست خدا کی محبت میں مر گیا چنانچہ مشائخ چشتیہ نے فرمایا کہ ایک دفعہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت علی کرم اللہ وجہہ حاضر ہوئے۔ اور کہا کہ یا نبی اللہ وہ راہ بتائیں جس کے باعث اللہ کے نزدیک تر قریب حاصل ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذکر کرو تو حضرت علی المرتضٰی نے فرمایا کہ حضور کس طرح ذکر کروں فرمایا کہ آنکھوں کو بند کر اور مجھ سے سن چنانچہ حضور نے تین بار لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا۔ اور پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یہ طریقہ حسن بصری کو تعلیم فرمایا۔ اور فرمایا اور اسی طرح درجہ بدرجہ مشائخ چشتیہ کے پاس آیا۔ گر یہ حدیث غریب ہے۔ کیونکہ ملاقات حسن بصری کی علی مرتضٰی سے باعتبار تاریخ ثابت نہیں کرتی لیکن اولیائے چشت رضی اللہ عنہم کے ساتھ حسن ظن اس کا مقتضی ہے کہ اس حدیث کو پایۂ اعتبار سے ساقط نہ کیجئے اس واسطے کہ امام اعظم رح و امام مالک رح کے نزدیک بشرط عدالت روایت حدیث مرسل بھی حجت ہے۔

طریقہ اہل چشتیہ کے نزدیک مرید کی تلقین کا یہ ہے۔ کہ مرید بروز جمعرات کے روزہ رکھے اور وہ شخص دس بار استغفار کرے اور دس بار درود شریف پڑھے۔ پھر مرشد اس کو تلقین ذکر فرماتا ہے کہ اللہ کو یاد کرو۔ یعنی بیٹھے کھڑے اور لیٹتے وقت کوئی لمحہ یاد اللہ سے غافل نہ ہو اور ہر وقت اپنے دل کی طرف متوجہ ہو اور سوائے ذکر اللہ کے کسی طرف خیال نہ ہو۔

کشفِ قبور

مشائخ چشتیہ نے فرمایا ہے۔ کہ جب قبرستان میں داخل ہو تو سورہ انا فتحنا دو رکعت میں پڑھے پھر میت کی طرف سامنے ہو کر کعبہ کی طرف پشت دیکر بیٹھ جائے اور سورہ ملک پڑھے اور اللہ اکبر و لا الہ الا اللہ کہے۔ گیارہ بار سورہ فتح پڑھے اور پھر میت کے قریب ہو جائے اور یا رب اکیس مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد پھر یا روح اکیس بار آسمان کی طرف منہ کر کے ضرب دے اور یا روح الروح کی دل میں ضرب دے۔ پھر اللہ کریم اس کے دل میں نور فرماتا ہے اور اس پر کشف قبور کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔

وظیفہ برائے کشائش ظاہری و باطنی

اگر یا غنی ہر روز گیارہ سو بار اور سورہ مزمل گیارہ بار پڑھا جائے۔ تو اللہ کریم اس کو کشائش ظاہری و باطنی عطا فرماتا ہے

وظیفہ برائے دفع حاجت غائب کو واپس لانا اور شفائے مرض۔

اگر کوئی حاجت پیش آجائے یا کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کو واپس بلانا مقصود ہو یا کسی مریض کو صحت یاب کرنا ہو تو نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورہ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر دعا کریں۔ اللہ کریم دعا قبول فرمائے گا۔ اور مقصد دلی پورا ہو گا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر پانی پر چالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائیں تو اللہ شفا اس کو بخشے گا۔

وظیفہ برائے امان از ہر آفت و بلا

اگر ہر مصیبت اور بلا سے محفوظ رہنا ہو۔ تو صرف بسم اللہ شریف آخر تک بطور وظیفہ صبح و شام پڑھیں۔ اللہ کریم پڑھنے والے کو ہر مصیبت سے محفوظ رکھتا ہے۔

وظیفہ تمام حاجات و تسخیر خلائق کے لئے

اگر یہ اسم ہر روز چالیس روز تک

چار ہزار چوالیس بار پڑھیں تو اللہ کریم اس کی حاجات دلی عطا فرماتا ہے۔ اور مخلوق میں اس کا مرتبہ بلند کرتا ہے۔ اسم شریف یہ ہے۔ یَا اللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فِعَالِہٖ یَا اللّٰہ

وظیفہ برائے حاجت و محبت

یہ اسم برائے حاجت و محبت کیواسطے سات دن تک ہر روز ایک ہزار دو سو مرتبہ پڑھے۔ تو اللہ کریم اس کو اپنے مطلب دلی میں کامیاب کرتا ہے اور اگر محبوب کو اپنی طرف رغبت دلانا مقصود ہو۔ تو تین روزے رکھے اور ہر روز پانچسو مرتبہ یہ اسم پڑھے چوتھے روز ندی یا دریا کے کنارے جا کر غسل کرے اور دو رکعت نماز تحیۃ الوضو ادا کرے پھر اس کے بعد دو رکعت محبۃ المحب اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد تین سو اکسٹھ بار یہ اسم پڑھے تو انشاء اللہ اس کا محب محبوب بن جاتا ہے۔

اسم یہ ہے یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَّ وَارِثَہٗ وَ رَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ

وظیفہ برائے تفکرات غم و فکر و جادو وغیرہ

اگر کسی شخص کو تفکرات دنیا نے گھیرا ہوا ہو اور کوئی صورت بہتری کی نظر نہ آتی ہو۔ بوجہ جادو کے اثرات سے پریشانی ہو یا خوف یا دشمن اور چور وغیرہ سے فرزدہ ہو تو ظہر کی نماز پڑھ کر پچیس دفعہ یہ وظیفہ ہر روز کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کی تمام پریشانیاں دور ہوں۔

یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّ اٰخِرُہٗ یَا وَاحِدُ

وظیفہ تمام حاجات کی برآری و دفع حرام خوری و میاں بیوی کی محبت کیلئے

اگر کوئی حاجات کی برآری اور حرام خوری سے بچنے کیلئے اور میاں بیوی میں اگر نا چاقی رہتی ہو تو ان سب امور کیلئے ساعت مشتری میں ہر روز ایک ہزار بار یہ وظیفہ کرے تو اللہ کریم مذکورہ حالات اسکے بہتر کر دیتا ہے وظیفہ

وظیفہ تمام مقاصد دینی و دنیوی کے حصول کے واسطے

ہر مقصد دلی کیلئے یہ وظیفہ نہایت بہتر ہے۔ اس وظیفہ کے پڑھنے والا بلند مرتبہ حاصل کرتا ہے۔

وظیفہ یَا اَلبَسِیرُ اَنتَ اللّٰہُ الَّذِی تَحتَدِی العُقُولُ بِوَصفِ عَظمَتِہٖ۔

تعویذات امراض وغیرہ

اگر کسی کو بخار آتا ہو تو ہلدی کے پانی سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ بخار دور ہو گا۔

دردِ سر کے لئے انگشت شہادت سے پیشانی پر لکھیں۔ تو دردِ سر بند ہو جائے گی۔

سُلطان علیہ اللہ

برائے تپ نوبتی سہ روزہ:۔ یہ تعویذ لکھ کر نوبت کے روز گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ بخار دور ہو جائے گا۔

الحج الحج الحج

برائے دردِ نیم سر:۔ یہ تعویذ لکھ کر پیشانی پر باندھیں۔ آدھا سر کی درد کے لئے نہایت مجرب ہے۔

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

لوطا کان:۔ یہ نقش لکھ کر پانی صاف میں گھول کر کان پر لگائیں۔ لوڈا کا مرض دور ہو جائے گا

ب	ب	ب
ن	ن	ن
ب	ب	ب

تعویذ تکلیف و بیماری کیلئے: یہ نقش پاک صاف کاغذ پر پاکیزہ سیاہی سے لکھ کر بازو پر باندھیں۔ انشاءاللہ ہر تکلیف رفع ہو جائے گی۔

۷۸۶

یا غفار	یا ستار	یا غفور	یا جبار	یا اللہ
یا رب	یا حنان	یا منان	یا کریم	یا رحیم
یا نصیر	یا مولیٰ	یا اللہ	یا الٰہی	یا برھان
اللہ	الرسول	محمد	اللہ	لا الہ الا

اگر گائے بھینس گھی نہ نکالے: یہ تعویذ لکھ کر جہاں چارپائی رکھ کر دودھ بلویا جاتا ہو زیر چارپائی دفن کر دیں۔ انشاءاللہ گھی زیادہ نکلے۔

طھ	ط۹	ص
ص محج	ص	ط ع
۹ع ع	ط ط	ک م ر

ناف کا ٹل جانا: اگر ناف ٹل جائے اور سخت تکلیف ہو تو یہ نقش لکھ کر ناف کے اوپر باندھ دیں۔ انشاءاللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

۶	ح	د	ھ
ر و	۶	د	ہ
س	و	د	ی
د	صع	۶	ر

بچہ بعد پیدائش زندہ نہ رہتا ہو۔ اگر کسی عورت کو یہ مرض ہو اس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو تو یہ سات تعویذ کاغذ کے سات ٹکڑوں پر لکھ دیں بعد پیدائش کے ہر روز سات یوم تک یہ تعویذ ہر روز ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاءاللہ بچہ ہر تکلیف سے محفوظ رہیگا۔ اور اللہ تبارک اسکو صاحب عمر کرے گا۔

نقش دیگر برائے اٹھراہ - یہ نقش پچیس بار اٹھراہ والی عورت کو کھلائیں۔ انشاءاللہ اس کا مرض دور ہوگا۔ اور بچے زندہ رہیں گے۔ شروع کرنے سے پہلے پانچ آنہ کی نیاز دیں۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ

۷۸۶

ر	ب	ل	ا	ت
و	ر	ن	ی	ف
ی	د	و	ا	ن
ق	خ	ی	ر	ن
د	ا	ر	ث	۱۵ ل

نقش برائے تلی - یہ آیت بطور نقش لکھ کر بیمار کے گلے میں باندھ دیں۔ انشاءاللہ تلی دور ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَاِنَّ لَكُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِیْكُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآىِٕغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ٥

اسقاط حمل - اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہو تو ہر ماہ میں یہ آیت تین دفعہ پانی میں گھول کر پلائیں بفضل تعالےٰ مرض دور ہو جائیگی۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَسْمَعُوْنَ

بچوں کو نظر بد :- اگر بچوں کو نظر بد کا آزار ہو جائے تو یہ تعویذ لکھ کر اس کی پیشانی پر باندھیں۔ انشاءاللہ آزار دور ہو جائیگا۔

یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ
یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم
یا کریم	یا کریم	یا کریم	یا کریم	یا کریم
یا غفور	یا غفور	یا غفور	یا غفور	یا غفور
یا ستار	یا ستار	یا ستار	یا ستار	یا ستار

تعویذ برائے درد نیم سر :- یہ تعویذ لکھ کر پیشانی پر باندھیں۔ انشاءاللہ درد بند ہو جائے گا۔

سا	سا	سا	سا	سا	سا
سا	سا	سا	سا	سا	سا

تعویذ برائے درد پسلی:۔ یہ تعویذ لکھ کر درد کی جگہ پر باندھیں اللہ کریم شفا دے گا۔
الٰہی بحق ھذا الشکلیں و دائرہ ایں را از درد پہلو شفا بخش بفضل کن

برائے مرگی:۔ یہ تعویذ لکھ کر مرگی کے مریض کے گلے میں لٹکا دیں اللہ اپنا فضل کریگا اور دورہ رک جائے گا۔

گریہ اطفال یہ تعویذ نہایت مجرب ہے۔ اور بہت سی تکلیفوں کیواسطے نافع ہے۔ اگر بچہ رو مارہتا ہو تو لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں اور اگر عورت درد زہ کی تکلیف میں ہو تو یہ تعویذ دہنی ران پہ باندھیں ولادت میں آسانی ہو گھوڑے کی تمام امراض کیلئے لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں گھوڑا ہر تکلیف سے محفوظ رہیگا۔ اگر کوئی شخص لکھ کر اپنے پاس رکھے تو جملہ امراض سے بفضل تعالیٰ و کرم محفوظ رہیگا۔ اسرار غیبی نظر آئیں گے۔ اور ظالموں کے شر و فساد سے بھی انشاءاللہ امن میں رہیگا۔

٧٨٦

یا دیان	یا دائم	یا ذلیل	یا داعی
٧٣	٨٦	عہ لا	٦ ع
١١٧	١٧ ع	١٢٦ ع	٣ ع
عہ ١٥	ی	٧ ع	١١ ع

برائے دفع بخار ہر قسم:۔ اگر کسی کو بخار خواہ کیسا ہی ہو کسی صورت سے کم نہ ہو تو یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالدیں انشاءاللہ بخار اتر جائیگا

١	١٤٤	١٣٩	٨
١٤٠	٧	٢	١٤١
٦	١٣٧	١٤٣	٣
١٤٣	٤	٥	١٣٨

برائے دفع سرخ مادہ :- یہ تعویذ لکھکر سرخ بادوالے بچے کے گلے میں ڈال دیں اللہ کریم اپنا فضل کریگا اور بچہ کو آرام ہو جائیگا۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۹
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۴	۱۳	۴
۹	۶	۳	۶

برائے طاعون وہیضہ :- یہ تعویذ لکھکر کسی اونچی جگہ پر اس طرح ہوا میں لٹکائیں کہ عوام انسان و حیوانات اس راستہ سے گزریں جو بھی اس تعویذ کے نیچے سے گزریگا بفضل تعالیٰ امراض وبائیہ سے محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷		۵

برائے بواسیر خونی و بادی ذیل کے الفاظ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی سے بواسیر خونی و بادی کا مریض کچھ عرصہ تک استنجا کرے تو مرض سے بالکل آرام ہو جائے گا۔

سِیلُوفِی سَامِرُوفِی سَمیرُونَا اَنتَ رَوُنَا

برائے درد جوڑ :- یہ تعویذ لکھکر جمیع المفاصل کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اور ہر روز معجون سورنجاں ہم ماشہ عرق بادیاں کے ساتھ کھلائیں اللہ کریم شفا عطا فرمائے گا۔

۵
۱ ۳
۳ ۱ ے

برائے کنٹھ مالا :- نابالغ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت لے کر اس کا لمبا دھاگہ بنالیں اور درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف تین مرتبہ سورہ قل ھو اللہ تین مرتبہ پڑھکر اکتالیس گرہ دیں پھر تھوڑی سی شیرینی بچوں کو بانٹ کر یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ اس موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی مگر گوشت مسور دال اور بادی چیزوں کے کھانے سے پرہیز کریں۔

سیلان خون :- عورتیں اس مرض میں مبتلا ہو جاتی ہیں اور ماہواری خون بکثرت آنا شروع ہو جاتا ہے اس لئے یہ نقش لکھ کر پانی میں گھول کر مریضہ کو پلائیں۔ انشاءاللہ شفا ہو جائیگی

نقش یہ ہے۔

علی	یاھا	ب
لفا	یہ	ورن

بچہ کا دودھ نہ پینا۔ اگر بچہ دودھ نہ پیئے اور ضد کرے تو سورہ والعصر زعفران اور گلاب سے لکھکر چاندی کے تعویذ میں بند کر کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ بچہ دودھ پیئے گا۔

بچہ کا پسلی چلنا۔ اسکو ڈبہ بھی کہتے ہیں یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بچہ شفا حاصل کریگا۔

٧٨٦

ح	ا	م	٢	٩	٤
ح	۵	ن	٧	۵	٣
د	ط	ب	٦	١	٨

باؤلا کتا کاٹ جائے۔ باوضو ہو کر یہ تعویذ لکھ کر مریض جسکو باؤلے کتے نے کاٹ کھایا ہو اسکے گلے میں باندھ دیں اور اپنی استطاعت کے مطابق کوئی میٹھی چیز باوضو ہو کر پکائیں اور اس کا ثواب اللہ تبارک تعالیٰ کے واسطے حضرت خواجہ اویس قرنی کی روح کو پہنچائیں۔ انشاء اللہ مریض کو شفا ہو گی۔

یہ تعویذ لکھ کر پانی میں ڈالیں اور دو روز یہ پانی پلائیں۔

سلام قولا من رب الرحیم یا اللہ یا محمد

انہم یکیدون کیدا و اکید کیدا

بحق اذن جبرائیل

٨	١	٦
٣	۵	٧
٤	٩	٢

بہیبت اسرافیل

برائے گریہ اطفال۔ اگر کوئی شخص باطہارت یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں باندھے تو انشاء اللہ بچہ رونا بند کر دے گا۔

ﮦااا اللہ آہ □ نے ملہرے

اور اگر یہ نقش ماہ محرم میں کسی روز باطہارت ہو کر چاندی کی تختی پر کھدوا کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو انشاء اللہ بچہ کبھی نہ ضد کرے اور رونا بند کر دے اور نظر بد وغیرہ سے محفوظ رہیگا۔

نقش صفحہ ١١١ پر ہے۔

ط	ی	ف	ح
ی	ق	ی	ظ
ی	ط	ح	ف
ف	ح۳	ط	ی

۴۷۱۸	۴۷۱۸	۴۷۴۵
۴۷۲۴	۴۷۲۲	۴۷۲۰
۴۷۱۹	۴۷۲۶	۴۷۲۱
اللہ	اللہ	اللہ

برائے چیچک :- جب چیچک کی وبا شروع ہوجائے تو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ چیچک کی مرض سے محفوظ رہیگا۔

۷۸۶

رب العالمین ۹	الحمد اللہ ۱۹	الرحیم علا	بسم اللہ الرحمن الرحیم
وایاک نستعین ۹۳	ایاک نعبدو ۱۳	مالک یوم الدین ۱۶	الرحمن الرحیم
الذین ۹	صراط ۹	المستقیم ۹	اہدنا الصراط ع
والا الضالین امین	علیہم ۳	غیر المغضوب ع ۱	انعمت علیہم ۳

اگر چیچک کسی کو نکل آئے تو یہ نقش لکھ کر اسکو دودھ میں گھول کر پلائیں انشاءاللہ مریض جلد شفا حاصل کریگا۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

برائے مسان ہر قسم یہ نقش ہر قسم کے مسان کیلئے اکسیر ہے مسان والے مریض کی حالت ایسی ہوتی ہے کہ وہ روز بروز کمزور ہوتا جاتا ہے۔ غشی آتی ہے نبض کمزور چلتی ہے غشی میں حس و حرکت معطل ہوجاتی ہے اسکے واسطے پہلے سیاہ رنگ کے جانور کا صدقہ دیں اور چار گز کپڑا لیکر اسکے چاروں کونوں کو سیاہ کردیں اور ایک کونے میں تھوڑے کوئلے باندھیں اور دوسرے کونے میں تھوڑے لوہا اور تیسرے میں ہلدی اور چوتھے میں ایک روٹی باندھکر کسی کو دیدیں پھر یہ نقش مسان والے کے گلے میں ڈالدیں اللہ کریم فضل کریگا۔

۲۵۱۸۲	۲۵۱۸۵	۲۵۱۸۸	۲۵۱۷۵
۲۵۰۸۷	۲۵۱۸۶	۲۵۱۸۶	۲۵۱۸۶
۲۵۱۷۷	۲۵۱۹۰	۲۵۱۸۳	۲۵۱۸۰
۲۵۱۸۴	۲۵۱۷۹	۲۵۱۷۸	۲۵۱۸۹

برائے مسان ہر قسم و دیگر نقش۔ اگر بچہ کمزور ہوتا جائے اور ہر وقت روتا رہے تو یہ تعویذ لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ آفاقہ ہو جائے گا۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ

الٰہی بحق سلیمان ولد داؤد علیہ گریہ کودک دور

٣٦	۴٣	٤٦	٧۴	٧
٣٧	٨٧	٦٩	۴٣	١٤
٢٣	٨٣	٣٦	٦٧	٣٦
٢٤	۴٤	۴٣	٧٧	گریہ کودک
٣	٨٣٤	٤٣	٣٨	۴٣

الٰہی بحق محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم

ام الصبیان: یہ بچوں کی مشہور بیماری ہے، مرگی کیطرح اسکا دورہ ہوتا ہے اور بچوں پر غشی طاری ہو جاتی ہے اس کے واسطے یہ نقش مرغ سیاہ کے خون سے لکھ کر گلے میں ڈالیں انشاءاللہ دورہ رک جائے گا۔

٧٨٦

٨	١	٦
٣	٥	٧
۴	٩	٢

عطش: یہ بیماری بھی بچوں کی خاص مرض ہے دماغ میں ورم ہو جاتا ہے اور بچہ پیاس سے بچہ نڈھال ہو جاتا ہے پیشانی و تالو میں گڑھا پڑ جاتا ہے علاج گلمنڈی آب برگ کو سبز میں پلسیکر روغن گل میں ملا کر سر پر لگائیں یا زردی بیضہ مرغ تالو پر لگائیں اور یہ نقش گلے میں ڈالیں۔ اللہ فضل کر دیگا۔

٧٨٦

یا اللہ | یا اللہ
یا محمدؐ | یا علی

نقش دیگر: یہ نقش بھی اسی مرض کیلئے نہایت مجرب ہے گلے میں ڈالیں۔

٧٨٦

٢۴	۴	٢۴
١٨	٢	١٢
٨	٣٦	١٦

دردِ چشم :۔ اگر ماں یا باپ یہ دعا ایک سو بار پڑھکر بچے کی آنکھ پر دم کرے تو آنکھ کی تکلیف دور ہو جائے گی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سعفی بنصوی داحعلہ الوادت متی دوامی فی العلہ وثنا رہی والصوفی علامن انکھ کو نیم کے پانی سے دھویں۔

کان درد :۔ اس دعا کو کانسی کے برتن میں لکھکر روغن گل سے دھوکر نیم گرم کان میں ڈالیں۔ انشاءاللہ کان کا درد بند ہو جائے گا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اِنَّ الدِّیۡنَ عِنۡدَ اللّٰہِ الۡاِسۡلَامُ۔

بچہ کا منہ آنا :۔ کباب چینی کتھ سرخ۔ طباشیر ہر ایک دو ماشہ باریک پیس کر منہ میں چھڑکیں انشاءاللہ آرام ہو جائیگا۔ اور منہ کے چھالے دور ہو جائیں گے۔ عرق گلاب تین دفعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر منہ میں لگائیں۔

کنٹھ مالا :۔ اس کے متعلق پہلے بھی تعویذ لکھے گئے ہیں یہ دعا بھی بہت مجرب ہے لکھکر بچے کے گلے میں ڈالیں انشاءاللہ شفا ہو جائے گی۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِنَّا جَعَلۡنَا فِیۡۤ اَعۡنَاقِہِمۡ اَغۡلٰلًا فَہِیَ اِلَی الۡاَذۡقَانِ۔

بخار بوجہ آسیب :۔ اگر بوجہ آسیب کے بچے کو بخار و سر درد کا عارضہ ہو تو یہ نقش لکھکر اس کے گلے میں ڈالیں۔ اللہ کریم شفا بخشے گا۔

مزالو	لدرع	جوشا	یترعا	عالما
طیبوما	سیلنخ	بینجا	ھیوم	یاقیوم
بجق	کیعص	و	بجق	حمعسق

کھانسی :۔ بچے کو اگر سخت کھانسی ہو تو کاکڑا سنگی کوٹ کر بقدر دانہ مونگ شہد میں گولیاں بنالیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی شیر مادر میں گھول کر پلائیں۔ انشاءاللہ کھانسی ہر قسم دور ہو جائیگی۔

خروج مقعد :۔ ہندی میں اس کو کانچ نکلنا کہتے ہیں مرض عموماً بچوں کو ہو جاتی ہے۔ اس کے واسطے پوست انار شیریں اور حب الآس۔ جفت بلوط۔ گلنار۔ مازو ہموزن لے کر پانی میں جوش دیں جب کانچ نکلے تو اس کو جوش دیئے ہوئے پانی سے اس کو آبدست کریں اور پھر چیتر مازو جفت بلوط گل دیگر ہ شاخ گاؤ سوختہ آدمی کے سر کے بال سوختہ یہ سب چیزیں برابر وزن لے کر میدہ کی طرح باریک کرلیں یہ سفوف آبدست کرنے کے بعد کانچ پر چھڑکیں۔ اور کپڑے سے کانچ کو اندر کردیں انشاءاللہ آرام ہو جائے گا۔ یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

ورم پستان:- اکثر طور پر دودھ پیتے وقت بچے کے سر کی چوٹ پستان پر لگنے سے ورم ہو جاتا ہے جس کے باعث سخت تکلیف ہو جاتی ہے اور عورت درد کے باعث بیتاب بیقرار ہو جاتی ہے اس کے واسطے اس طرح عمل کریں جس طرف پستان ورم کر جائے۔ اس طرف کا پستان عامل کر یہ عبارت پڑھ جھاڑ دے۔

کالی سی گوڑیا کالی حملہ کھائے دودھی جھاڑوں اپنی فضیلہ ملائی کا جائے فلانی کی جگہ اس عورت کا نام لے اور یہ شکل لکھ کر اس کو عورت کے پستان ورم شدہ پر بندھوا دیں۔

شکل یہ ہے: ۶۵ و و د ۴ ۴ ۵ ۵ ۷ ۱ ۵ ع ۸۱ ۱۴ ع ۔

تعویزات متفرق حُب و دشمنی

اگر کوئی شخص یہ تعویذ اپنے پاس رکھے تو خلوق میں محبوب رہے مگر اس کو سیاہ کاغذ سفید مرغ کے خون سے لکھیں اور یاد رکھیں یہ تعویذ جمعہ کی رات کو علیحدگی میں چھ مرتبہ لکھے ایک بہتے پانی میں ندی نالے میں نیچے دبا دیں۔ دوسرا آگ میں جلائیں اور تیسرا مٹی کے نیچے دفن کر دیں چوتھا اور پانچواں و چھٹا باہر جنگل میں جا کر ہوا میں اڑا دیں اڑاتے وقت اپنے مطلوب کا نام لیں انشاء اللہ محبوب چند دنوں میں مجبور ہو کر حاضر ہوگا۔

۲	۶	۳۳	۷	۵
۶	۳۸	۳۸	۳۸	۸
۶۱۳	۳۶	۹	۴	۴

ل ۱۳۳ ۔ ۲ ۔ ق م

ے ۔ ص

۹۶۱۱۶۷۴۴ ٥

ص ۲۹ ۱۱ ۳ ۱۱ ۲

برائے حب ۱:۔ یہ نقش محبت کی آگ کو محبوب کے دل میں بھڑکا دیتا ہے اور اگر کسی عورت کا خاوند اس پر ناراض ہو تو یہ نقش اس کے بازو پر بند ھوا دیں۔ انشاء اللہ ہر دو بعد محبت ہو جائے گی مگر یہ نقش نوچندی اتوار کو لکھنا چاہیے جس خانہ میں فلاں بن فلاں لکھا ہے۔ وہاں مطلوب کا نام بمعہ اس کی والدہ کے نام درج کریں۔

ع	٩	٢	۵
ط	ع	ن	د
ا	٢	ن	۵٣
فلاں	فلاں	فلاں	فلاں

برائے حب ۲:۔ اس نقش کا فتیلہ بنا کر روغن کنجد کے چراغ میں روشن کریں۔ انشاء اللہ محبوب بہت جلد بیقرار ہو کر حاضر ہوگا۔

قل	ھو	اللہ	احد
اللہ	الصمد	لم	یلد
ولم	یولد	و	لم
یکن	لہ	کفواً	احد

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے حب ۳:۔ یہ نقش ہر روز لکھ کر سات دن بلا ناغہ شام کے وقت محبوب کے گھر کے سامنے جا کر جلا دیا کریں اور پھر واپس آجائیں۔ مگر واپسی کے وقت پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں اگر پیچھے دیکھو گے تو مقصد حاصل نہ ہوگا۔

ال م ٢
ق ٣ ص

٦ن ٩ ٩ ن٦ ٦ن م
٨ ٧ ٧٦

ے
ــ
١٩٤٤

دشمن کو تکلیف پہنچانا: یہ نقش چالیس روز لکھ کر باوضو ہو کر کوری اینٹ پر لکھے اور پھر کنویں میں ڈالدے اسی طرح بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ دشمن مقہور ہوگا۔ اور تکلیفوں میں مبتلا ہو جائے گا نقش صفحہ ۱۱۶ پر ہے۔

واکب	سیصلے	نارا"	ذات لہب	وامرات	حمالۃ الطیب	فی جیدہ	حبل من مسد
ماا غنے	وماکسب	سیصلے	نارا"	ذات لہب	وامرات	حمالۃ الطیب	فی جیدہ
ماا غنے	مالہ عنہ	وماکسب	سیصلے	نارا"	ذات لہب	وامرات	حمالۃ الطیب
وتب	ماا غنے	مالہ عنہ	وماکسب	سیصلے	نارا"	ذات لہب	وامرات
الہب	وتب	ماا غنے	مالہ عنہ	وماکسب	سیصلے	نارا"	ذات لہب
ابی	الہب	وتب	ماا غنے	مالہ عنہ	وماکسب	سیصلے	نارا"
یدا	ابی	الہب	وتب	ماا غنے	مالہ عنہ	وماکسب	سیصلے
تبت	یدا	ابی	الہب	وتب	ماا غنے	مالہ عنہ	وماکسب

بربادی برائے دشمن یہ نقش کورے گھڑے کے پانچویں حصّہ پر سرخ سیاہی سے لکھیں اور پھر اس کو گرم کرکے باہر جنگل میں کسی کنویں بریاد میں پانچ دن متواتر ڈالیں اللہ نے چاہا تو دشمن مطیع ہوجائے گا۔ ورنہ برباد ہوجائے گا۔

ع ع

معہ ح ۳۵ م ۲ ۲ ہ — ص ۲۶ ف ق مات

فلاں بن فلاں فی سائتہ ہذا کہندا

و ہکدا

ع ع

دشمن کی زبان بندی یہ نقش مرغ کے خون سے بدھ کے روز لکھ کر چاندی کی انگشتری میں منڈھا کر پہن لیں دشمن کی زبان بند ہوجائے گی اور وہ ہر قسم کی برائی سے باز آجائے گا اس نقش میں فلاں کی جگہ دشمن کا نام لکھیں۔

ح	م	ع	س	ق
ص	ف	ع	م	ح
م	ع	س	ق	ح
ق	ح	م	ع	س
ع	س	ق	ح	م
رعہ	لادر	وعہ)	س اعز؛	
۱۳۵	س ۱	و۲ سہ	و۳	
طہہ	ناص	عسہ	رح س	
ن۹	۱۱	عسہ	تھا۹	

نقش بسم اللہ شریف

اس دائرہ کا نقش میں اسرار ربانی پنہاں ہیں۔ کیونکہ اللہ کریم نے بسم اللہ شریف کو ہر تکلیف دکھ بیماری کے کیلئے فرمایا ہے۔ اگر کوئی شخص پاکیزگی میں یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو وہ ہر قسم کی آفت دکھ درد مصیبت اور تنگی و تکلیف سے محفوظ رہیگا۔

۷۸۶

نقش اسم اعظم

یہ دائرہ نما نقش اسم اعظم کا ہے۔ اگر کوئی شخص اس کو لکھ کر اپنے مال اسباب میں رکھے تو بفضل تعالیٰ اس کا مال متاع محفوظ رہیگا اور اگر اس کو اپنے بازو داہنے پر باندھے۔ تو دشمنوں کے مکر و فریب اور ایذا سے

محفوظ رہیگا اور اگر کسی نے اپنے دشمن سے انتقام لینا ہو تو ان اسما کو آٹھ روز تک پہلی ساعت میں پڑھے۔ انشاء اللہ اس کا دشمن سات دن کے اندر اندر مقہور ہو جائے گا۔

اسماء یہ ہیں یا اللہ یا سمیع یا علیم یا بصیر یا سریع یا واسع یا عدل یا علی یا عظیم یا عزیز یا غفور یا باعث یا فعال یا بصیر یا مرید یا مقیت یا معبود یا نافع یا مانع یا بدیع یا کافی یا رؤف

علیم عدل العلیم

اللہ

منتطل

المصبور

جامع معید باعث

اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم

نقش سورہ الحمد

اگر باوضو ہو کر یہ نقش لکھا جائے مگر جسدن لکھنا ہو اسدن روزہ رکھنا ضروری ہے اور نقش بھی زعفران کافور سے لکھنا چاہیئے اس نقش کے فوائد بہت ہیں جسکے پاس یہ نقش ہو۔ وہ بلند مرتبہ پاتا ہے اور اس کا دشمن ذلیل و خوار ہوتا ہے

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین ایاک نعبد	نعبد وایاک نستعین اھدنا	المستقیم صراط الذین	انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین	[illegible]
مالک یوم الدین	مالک یوم الدین	صراط الذین علیہم	غیر المغضوب علیہم	ایاک نعبد وایاک نستعین	[illegible]
ایاک نعبد ایاک نستعین	نعبد وایاک نستعین	یا اللہ یا اللہ یا اللہ	الرحمن الرحیم مالک یوم	ولا الضالین	الذین انعمت علیہم
اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین	الصراط المستقیم صراط	الحمد للہ رب العلمین	یا اللہ یا اللہ یا اللہ	[illegible]	[illegible]
انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم	الذین انعمت علیہم	غیر المغضوب علیہم والضالین آمین	الحمد للہ رب العلمین الرحمن الرحیم	مالک یوم الدین ایاک نعبد	وایاک نستعین اھدنا
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اور اس کے پاس رکھنے والا ہمیشہ اللہ تبارک کے حفظ امن میں رہتا ہے۔

نقش سورہ اخلاص

اگر کوئی شخص روزہ دار باوضو ہوکر یہ نقش زعفران وگلاب سے لکھکر نیک سلفت میں باحفاظت اپنے پاس رکھے تو انشاءاللہ ہر مقصد ومراد اسکی برآئے اور اللہ کریم اسکو اپنی حفاظت میں رکھے بلند مراتب حاصل کرے مخلوق نہایت عزت واحترام سے رہے

قل	هو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
ا	ل	ل	ہ	ا	ج	د	ا	ل	ل	لا
هو	اللہ	احد	اللہ		الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
ا	ل	ل	ہ	ا	ج	د	ا	ل	ل	ہ
	احد	اللہ	الصمد		لم	یلد	ولم	یولد		ولم
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یو	لد	ولم	یکن	لہ	کفواً
و	ا	ل	ل	ہ	ا	ج	د	ل	د	
الصمد	لم	یلد		ولم	یو	لد	ولم	یکن	لہ	کفواً
ا	ل	ل	ہ		ا	ا	ل	ل	ہ	
لم	یو		د	لم	یو	لد	ولم	یکن	لہ	کفواً
ایلد	ح	ولدہ	یول	لدن	ولم ہ	یکن	لہ	کفواً		احد

عصائے حضرت موسیٰ علیہ السلام

طلسم موسوی

یہ طلسم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا کے نیچے لکھے ہوئے تھے جو شخص ان کو لکھ کر اپنے پاس رکھے و مصائب والام اور ہر قسم کی تکلیف سے محفوظ رہتا ہے۔

-۷۲۳۱۵۳۲۱۱۴۳۲۲۶۳۶۱۸۱۱۳۱۸

.۳۱۳۱۴۳۵۳۳۱۶۵۴۱۸۲۳۱۲۱۲

۲۱۲۳۱۱۸۳۴۱۸۲۳۱۲ ۴۹ ۲۳۱۹۱۵۱۳۱۵

۷۸۱۳۸۳۱۸۱۸۸۳۱ عھ

باقی ۱۲۰ صفحہ پر ہے

صمط ط لالالا در ع ع ع ھو ھو ھو

حاضرات کا عمل

اس عمل میں جلالی جمالی کی پرہیز ضروری ہے چالیس روز بلاناغہ پاک صاف ہو کر تنہائی میں یہ عمل کرنا چاہیئے۔ نوچندی جمعرات کی رات کو ۱۱ بجے سے شروع کریں اور باوضو ہو کر قبلہ رو ہو کر بیٹھ کر ہر روز پڑھیں پہلے درود شریف ستائیس مرتبہ پڑھیں اس کے بعد چاروں مؤکلوں کے نام عبد الاحد۔ عبد الصمد عبد الاحد۔ عبد اللہ اس کے بعد انتیس مرتبہ الحمد شریف پوری صورت پڑھیں اور پھر ۲۷ دفعہ درود شریف پڑھ کر عمل ختم کریں۔ اسی طرح چالیس دن متواتر مذکورہ شرائط کے ساتھ پڑھتے رہیں، اس عمل میں جگہ اور وقت کی پابندی نہایت ضروری ہے اگر ایسا نہ کریں۔ یا نہ کر سکو۔ تو عمل ہرگز نہ کریں نقصان کا خطرہ ہے۔ دوران عمل میں بھی خوفناک صورتیں نظر آئیں گی۔ مگر خوف نہ کھائیں۔ مگر یہ بھی یاد رکھیں۔ کہ جب مؤکل حاضر ہوں تو اُن سے جائز اور نیک کام لینا چاہیئے۔ اگر کسی بڑے کام کا مطالبہ کیا تو نقصان ہوگا

آسیب کو دور کرنا۔

جس شخص پر آسیب ہو۔ اسکے لئے یہ نقش روشنائی سے لکھ کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر سلگا دو۔ اور اس کا دھواں آسیب زدہ کے ناک میں دیں۔ زبردست سے زبردست آسیب بھی اس عمل سے بھاگ جائے گا۔ اور مریض اچھا ہو جائیگا اگر ایک دفعہ میں کامیابی نہ ہو تو یہی عمل تین دفعہ کریں انشاء اللہ آسیب

زدہ اچھا ہو جائیگا۔ نقش میں ایک سے سولہ تک کا ہندسہ ہے۔ جب نقش لکھو۔ تو جس جس خانہ میں نمبر ایک سے سولہ تک درج ہیں۔ اسی طرح پہلے خانہ میں ایک لکھو پھر خانہ نمبر ۲ اور اسی طرح تین چار وغیرہ کے خانہ جات پر کریں

۷۸۶

فرعون ۱	قارون ۱۴	ہامان ٦	سفیان ۸
نمرود ۱۲	شداد ۳	عدسو ۲	بیداد ۱۳
ہامان ۱۱	بے ایمان ۹	ابلیس ۱٦	عیسی المیمن ۴
نمرود ۱۵	بیداد ۳	ترعین ۵	ترابین ۱۰

گمشدہ شخص کو واپس بلانا

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو اور اس کا کوئی پتہ نہ ملتا ہو تو آدھی رات گزرنے کے بعد وضو کر کے مکان کے چاروں گوشوں میں ستر ستر بار سات روز یہ عمل پڑھو انشاء اللہ سات دن کے اندر وہ شخص واپس آجائے گا۔ یَا مُعِیْدُ رُدَّ عَلَیَّ (فلاں) فلاں کی جگہ گم شدہ کا نام لیں۔

استخارہ

اگر کوئی وظیفہ یا عمل شروع کرنا ہو۔ تو پہلے استخارہ کریں کہ اس میں کامیابی ہوگی یا نہیں تو یہ اس طرح پر کریں۔ کہ اس نقش کو کسی صاف کاغذ پر لکھ کر کپڑے پاک وصاف میں لپیٹ کر اپنے مصلے کے نیچے رکھ لیں اور درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اول آخر پڑھیں۔ اور درمیان میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رات کو دس بجے سے شروع کریں انشاء اللہ سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔

دیگر۔ جمعہ کی رات کو بعد نماز عشاء باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل ادا کریں اور پھر یہ شعر تین سو بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کریں۔ متواتر اسی طرح تین روز کرنے سے جس کام کے متعلق دریافت کرنے کا ارادہ ہوگا۔ بذریعہ استخارہ معلوم ہو جائیگا۔

شعر یہ ہے۔ ھُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ

لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمِ

طلسم شعبدات

روشنی میں ننگا نظر آنا:۔ اگر جونک کو پیس کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر اس کا چراغ جلائیں۔ تو اسی روشنی میں بیٹھنے والے برہنہ نظر آئیں گے۔

کتے کا ناچ:۔ اگر دار چینی باریک پیس کر کسی طرح کتے کو کھلائیں تو وہ ناچنا شروع کر دے گا۔

سرخ پھول کو سفید کرنا:۔ اگر گندھک کا دھواں کسی سرخ پھول کو دیں تو وہ سفید ہو جائیگا۔

روشنی میں سانپ ہی:۔ اگر سانپ کی کینچلی کو بطور بتی چراغ میں جلائیں۔ اور مکان کے اندر چاروں کونوں میں چراغ رکھ دیں تو سارے مکان میں سانپ ہی سانپ نظر آئیں گے۔ **سانپ نظر آئیں:۔**

کاغذ پر لکھا ہوا نظر نہ آئے:۔ اگر پھٹکڑی کو دودھ میں ملا کر اس سے کاغذ پر لکھ دیں تو خشک ہو جانے کے بعد کاغذ سفید ہی معلوم ہوگا۔ مگر اسی کاغذ کو آگ کے سامنے تھوڑی دیر رکھیں۔ تو سب حروف نظر آجائیں گے۔

مصنوعی بھوت:۔ پیپل کی لکڑی کا کوئلہ پیس کر اس کی پوٹلی باندھ لیں۔ اور اس کے نیچے سوراخ رکھیں۔ اس سوراخ میں تھوڑی سی آگ لگا دیں۔ اور پوٹلی مذکور کو کسی گھنے درخت میں لٹکا دیں۔ رات اندھیری کو اس درخت پر سے چنگاریاں نکلیں گی۔ اور مسافر بھوت سمجھ کر خوفزدہ ہو جائیں گے۔

نجوم

علم جفر کے طریق سے مندرجہ سوالات کا صحیح جواب حاصل ہوتا ہے یہ فالنامہ بارہا دفعہ کا تجربہ شدہ ہے۔ امید ہے ناظرین اس سے حسب قاعدہ ذیل فائدہ حاصل کر کے احقر کو دعا خیر سے یاد فرمائیں گے۔

سوال:۔ غائب پھر آئے گا یا نہیں۔

جواب:۔ سوال کرنے کے دن کے حروف بحساب ابجد جمع کریں۔ اور ان کو تین پر تقسیم کر دیں اگر ایک باقی بچے۔ تو غائب پھر آئیگا۔ اگر دو بچیں تو بہت جلد آئیگا۔ اگر باقی کچھ نہ بچے۔ تو غائب دیر کے بعد واپس آئے گا۔

سوال:۔ عورت پہلے مرجائے گی یا مرد۔

جواب :۔ عورت و مرد کے نام کے حروف جمع کر کے دو پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو عورت پہلے مرجائے گی۔ اور اگر دو بچیں تو مرد۔

سوال :۔ غائب کس طرف گیا ہے۔

جواب :۔ غائب شدہ اس دن کے حروف جس دن سوال کیا گیا ہے۔ جمع کر کے چار پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک رہے تو مشرق کی طرف اگر دو بچیں تو مغرب کی طرف اگر تین بچیں تو جانب شمال چار بچیں تو جنوب کی طرف ہے۔

سوال :۔ حاملہ عورت کے ہاں لڑکا ہوگا یا لڑکی۔

جواب :۔ حاملہ اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو لڑکا دو بچیں تو لڑکی اگر تین بچیں تو حاملہ کا حمل اسقاط ہو جائے گا۔

سوال :۔ حاملہ بیمار اچھی ہوگی یا نہیں۔

جواب :۔ نام حاملہ و روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو مر جائے دو بچیں تو اچھی ہو جائے۔ تین بچیں تو سخت بیماری کا مقابلہ ہو۔

سوال :۔ تجارت میں نفع ہوگا یا نقصان۔

جواب :۔ سائل کے نام اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو نفع ہو دو بچیں تو نفع کم ہو تین بچیں تو نقصان کا خطرہ ہے۔

سوال :۔ گم شدہ چیز ملے گی یا نہیں۔

جواب :۔ سائل کے نام و روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے دو پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو نہ ملے اور دو بچیں تو مل جائے۔

سوال :۔ فلاں عورت حاملہ ہے یا نہیں۔

جواب :۔ حاملہ کے نام و روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے دو پر تقسیم کریں۔ اگر ایک باقی رہے تو حاملہ ہے۔ دو بچیں تو حمل نہیں۔ بلکہ کوئی اور مرض ہے۔

سوال :۔ فلاں شخص مجھے دوست سمجھتا ہے یا نہیں۔

جواب :۔ طالب و مطلوب ہر دو کے نام کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک رہے تو دشمن اور دو بچیں تو دوست اور تین باقی رہیں تو منافقانہ دوستی۔

سوال :۔ جس عورت سے میں شادی کر رہا ہوں وہ نیک ہے یا بد۔

جواب:۔ عورت و مرد ہر دو کے نام کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ اگر ایک بچے تو بد ہے اور دو بچیں تو نیک تین بچیں تو اس عورت کا کوئی اور دوست ہے

سوال:۔ میں جس کام یا مہم کے لئے جا رہا ہوں۔ اس میں فتح ہوگی یا شکست۔

جواب:۔ نام اس کام یا مہم کا اور اس روز کے حروف کے عدد نکال کر چار پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک رہے تو فتح دو بچیں تو شکست تین بچیں تو نہ فتح اور نہ شکست۔

سوال:۔ یہ سفر مبارک ہے یا نہیں۔

جواب:۔ مسافر اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو نقصان ہو اور خطرہ پیش آئے اور دو رہیں تو مبارک ہے۔ تین رہے تو پھر بھی خطرہ ہی ہے۔

سوال:۔ یہ بیمار کس دن بیمار ہوا۔

جواب:۔ بیمار کا نام روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے سات پر تقسیم کریں ایک بچے تو روز ہفتہ دو بچیں تو اتوار تین بچیں تو سوموار چار بچیں تو منگل اور پانچ بچیں تو بدھ چھ بچیں تو جمعرات اور سات بچیں تو جمعہ۔

سوال:۔ بیمار اچھا ہوگا یا نہیں۔

جواب:۔ بیمار اور روز سوال کے حروف کے عدد جمع کر کے تین پر تقسیم کریں۔ ایک بچے تو بیماری لمبی ہوگی دو بچیں تو خطرہ ہے۔ تین بچیں تو بھی خطرہ ہے۔

سوال:۔ میری عورت حاملہ ہوگی یا نہیں۔

جواب:۔ حاملہ و روز سوال کے عدد جمع کر کے دو پر تقسیم کریں۔ اگر باقی ایک رہے تو حاملہ ہوگی۔ اور دو بچیں حاملہ نہیں ہوگی۔

سوال:۔ میرا لڑکا زندہ رہے گا یا نہیں۔

جواب:۔ سائل کے نام اور روز سوال کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں اگر ایک بچے تو فرزند مر جائے گا دو بچیں تو زندہ رہے گا۔ اور اگر تین بچیں تو کئی زندہ رہیں اور کئی مر جائیں۔ اور چار بچیں تو کوئی نہ رہے۔

سوال:۔ فلاں جگہ مکان بنانا اچھا ہے یا نہیں۔

جواب:۔ نام سائل و روز سوال کے عدد جمع کر کے چار پر تقسیم کریں ایک بچے تو بناؤ۔ دو بچے تو بنالو تین بچے تو نقصان ہوگا۔ چار بچے تو دیر کو بنے گا۔

اعداد حروف بحساب ابجد

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن س ع ف ص ق

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰ ۱۰۰

ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

نومولود کا نام بحساب راس کے رکھنا

سب سے پہلے سورہ فاتحہ وسورہ اخلاص اور معوذتین تین مرتبہ پڑھکر اس کا ثواب حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ارواح مقدسہ کی نذر کریں۔ اور اپنے دل کی توجہ بحضور باری تعالیٰ رجوع کرکے نقشہ ذیل پر آنکھ بند کرکے انگشت شہادت رکھیں جس خانہ میں انگلی ہوگی اس کے حرف دیکھ لیں اور نام مولود کا پہلا حرف وہ رکھیں جس پر انگلی آئی ہے۔ وہی اسکی راس ہوگی۔

نقشہ یہ ہے

سیکھ ۱ اللہ ال ی	برکھ ۲ باتی دپ	منصن ۳ کریم ک چھ ۱	کرکھ ۴ تاڑی ڈاتا
سنگھ ۵ معز ماٹا	کناں ۶ پاتھا	رحیم تلا ۷ داما	برچھک ۸ جامع نوجا
۹ دھمن بہادل	۱۰ مکر کھاگا	سمیع ۱۱ کبھ گوسا	مین دادہ داچاں

اس کے بعد یہ نقش لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ بچہ ہر قسم کی بلاؤ ں وباؤں سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

ب	مسح	ع	لو
ے	۲	د	حسا
لو	ا	و	و
ے	ح	ے	لو

فالنامہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ اَجْمَعِیْنَ۔

فال نکالنے سے پہلے ایک بار سورہ فاتحہ تین بار سورہ اخلاص اور ایک بار درود شریف برادواح مقدسہ حضور نبی کریم پر پڑھیں اور پھر قلم لے کر اس صورت سے چار سطروں میں نقطے ڈالیں اور ایک چھوڑ کر ایک پر نشان کرتے جائیں چاروں سطروں سے حاصل شدہ شکل کو فالنامہ میں ملاحظہ فرما کر اپنی فال دیکھ لیں مثلاً

جو شکل حاصل ہوئی اس کا نام اجتماع ہے تو آپ فال کی شکل حاصل کر کے پڑھ لیں وہی آپ کی فال ہوگی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

	جماعت	قبض الخارج	قبض الداخل	لحیان
	حمرہ	انکیس	عقلہ	قوس
	عتبۃ الخارج	نصرۃ الداخل	نصرۃ الخارج	بیاض
	طریق	اجتماع	عتبۃ الداخل	نقی الخد

لحیان شکل اول

اے صاحب فال آگاہ ہو کہ یہ تیری فال نہایت نیک ہے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے تو خوشی ہوگی اگر خواہش مند فرزند ہے تو نہایت نیک سیرت فرزند اللہ کریم عطا فرمائے گا جو ماں باپ فرمانبردار ہوگا اگر کسی کے پاس کوئی رقم یا مال لینا ہے تو مل جائے گا۔ مگر جمعرات کا دن اچھا نہیں۔ اس دن کاروبار کے لئے نفع مند نہ ہوگا۔ البتہ سوموار کا روز بہتر ہے۔ اگر کوئی کام کرو تو فائدہ ہوگا۔ ایک ہفتہ کے بعد تم ایک خواب دیکھو گے جو نہایت نیک ہوگی تمہاری صحت بدنی اچھی ہوگی۔ دل کے مقاصد بر آئیں گے

قبض الداخل شکل دوئم

اے صاحب فال آگاہ ہو کہ غیب سے خوشخبری حاصل ہوگی۔ اور یہ حال تمہارے لئے مبارک ہوگا۔ اگر مال کی غرض ہے تو کاروبار میں نفع ہوگا۔ شادی کی خواہش پوری ہوگی۔ مگر سفر دشوار ہے۔ اتوار کے روز تم اپنے ضمیر سے خود واقف ہوگے۔ اگر کوئی خواص مراد ہے تو چالیس روز کے بعد حاصل ہوگا زراعت میں پیداوار کی کثرت ہوگی۔ اگر کوئی خوف دل میں ہے تو ہرگز غم نہ کریں کوئی نقصان نہ ہوگا کسی کو دوست بنانا اچھا نہیں اپنے پر بھروسہ کرو غم و فکر کی کوئی ضرورت نہیں۔ خدا کے فضل و کرم سے طالع نیک ہے سب کام اچھے ہوں گے۔

قبض الخارج شکل سوئم

اے صاحب فال اس وقت تمہارا ستارہ نحس ہے۔ منافقوں اور دشمنوں سے بچو تمہیں تکلیف پہنچانے کے خواہشمند ہیں کسی کام کے لئے سفر کرنا اچھا نہیں۔ چند روز کے بعد حالات اچھے ہو جائیں گے۔ چودہ روز کے اندر چوری وغیرہ کا خطرہ ہے اس کے بعد سب تکالیف رفع ہو جائینگی۔ مگر صدقہ ضرور دیدو بہتر ہے یہ یاد رکھو کہ ہفتہ اور بدھ کے روز اپنے بالوں کو کنگھی نہ کرو اور جب چاند نکلے تو اس وقت شیشہ میں اپنی شکل دیکھ کر بارگاہ الٰہی میں اپنی نیکی کے لئے دعا مانگو انشاءاللہ مراد پوری ہو جائے گی۔

جماعت شکل چہارم

اے صاحب فال آگاہ ہو۔ کہ جس جگہ سے مال کی طلب ہے مال نہیں ملے گا۔ کیونکہ ستارہ اچھا نہیں اگر کوئی محبوس ہے دیر کے بعد رہا ہوگا اگر بیمار ہے تو پندرہ روز کے بعد اس کو صحت ہوگی مگر بروز جمعہ اور ہفتہ تمہارے لئے نیک ہے۔ بارگاہ الٰہی میں دعا مانگو۔ اور اپنے گناہوں کی معافی مانگو۔ اللہ کریم معاف فرمائیں گے اور تمہارے سب کام نیک ہو جائیں گے۔

قوس شکل پنجم ۵

اے صاحب فال یہ بشارت نیک ہے۔ تمہارے دل کی مراد پوری ہوگی ہرگز کوئی غم نہ کرو جمعہ کے روز بارگاہ الٰہی میں سربسجود ہو کر دعا کر اللہ کریم تمہیں حلال کی روزی عطا کرے گا۔ اور تمہاری عاقبت نیک ہوگی یہ سال تمہارے لئے نیک ہے۔ اس سال کا ہر دن تمہارے لئے نیک ہے کوئی فکر نہ کرو تمہارے سب کام اچھے ہوں گے اس میں کوئی شک نہیں کہ خویش و اقربا سے بگاڑ ہوگا۔ مگر جلدی درست ہو جائے گا۔ کوئی شخص تمہارے ساتھ دوستی پیدا کرے گا مگر دوست دشمن ہوگا۔ اس سے بچنا بہتر ہے طالع تمہار اعطارد ہے۔ تمہاری جو خاص مراد ہے وہ چار روز کے بعد حاصل ہوگی۔ ایک عورت تمہارے ساتھ مکر و فریب کرے گی اس سے محفوظ رہنا کیونکہ اس کے ساتھ ملنے سے برائی اور کسی تہمت کا خطرہ ہے۔

عقرب شکل ۶

اے صاحب فال آگاہ ہو کہ لیئے نیک۔ ارادہ ہے اور سفر اچھا نہیں ہے۔ اگر کوئی حاملہ عورت ہے تو اس کو خطرہ ہے اگر کوئی قید میں ہے تو اس کی رہائی دیر کو ہوگی۔ اگر کسی غائب شدہ کے لئے دریافت کرنا مقصود ہے۔ تو وہ دیر کے بعد آئے گا تجارت میں نفع نہ ہوگا ستارہ اچھا نہیں مگر پانچ روز کے بعد تمام مخطرات دور ہو جائیں گے۔ کوئی فکر نہ کریں۔ مگر صدقہ شہد کا ادا کریں اور ہر کام کے لئے پچاس روز صبر کریں پھر انشا اللہ سب کچھ درست ہو جائے گا۔

انکیس شکل ۷

اے صاحب فال کوئی فکر اندیشہ نہ کرو۔ اگر بیمار ہے تو شفا ہوگی اور مال کا طالب ہے

تو مال ہاتھ آئے گا گر سفر سے باز رہو۔ اگر کوئی گم ہے تو دیر کے بعد آئے گا بزرگوں کے دیدار کی سعادت حاصل ہو گی۔ اور دو ماہ کے بعد تمہارے سب کام درست ہو جائیں گے۔

حمرہ شکل ۸

اے صاحب فال تجھے بہت مشکلات کا سامنا ہے اگر مال کی خواہش ہے تو ابھی ہاتھ آنا مشکل ہے۔ کسی سے خونریز جنگ کا خطرہ ہو سفر سے باز رہو۔ منگل کے روز تمہارے قمر کا پتہ خود بخود بدل جائیگا۔ تین روز صبر سے کام لو اگر بے صبری نے کام لیا تو نقصان ہو گا۔ بزرگوں کی زیارت حاصل کرو۔ اس وقت زحل و مریخ تمہارے لئے نحس ستارہ ہے اٹھارہ روز کے بعد یہ ستارہ بدل جائیگا اور تمہارے تمام حالات درست ہو جائیں گے۔ مگر عبادت الٰہی میں کوتاہی نہ کرو اور تسبیح پڑھو۔ اللہ فضل کرے گا۔

بیاض شکل ۹

اے صاحب فال یہ فال نہایت نیک ہے۔ سفر و کسی مال کی خریداری کے لئے بہتر وقت ہے۔ مگر فی وقت میں نقصان ہو گا۔ گمشدہ واپس آئے گا۔ حیوانوں کی تجارت میں نفع ہو گا۔ صرف سوموار کا دن مشکل ہے اس کے بعد تمہارے سب کام سر انجام پائیں گے۔ نیک طالع ہے اگر کسی خاص کام میں مشکل معلوم ہوتی ہے تو ۲۱ دن کے بعد آسان ہو جائے گی اور اللہ کے فضل و کرم سے خوشی حاصل ہو گی۔

نصرۃ الخارج شکل ۱۰

اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تمہارے سب کام درست ہو جائینگے اگر کوئی غائب ہے تو حاضر ہو گا۔ اگر تمہیں کوئی نقصان پہنچانا چاہتا ہے۔ تو پشیمان ہو گا۔ سال بسال دوست آشنا کی جمعیت بڑھے گی اولاد میں برکت ہو گی۔ آئی حالات نہایت اچھے ہو جائینگے اگر مٹی ہاتھ میں لو گے تو سونا ہو گی۔ ایک بلند قامت شخص تمہیں نقصان پہنچانے کا ارادہ کریگا لیکن وہ کامیاب نہ ہو گا۔ اس سال میں تمہاری تمام مرادیں پوری ہونگی۔ اور اللہ کریم اپنے حفظ و امن میں رکھے گا۔

نصرۃ الداخل شکل ۱۱

اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تمہارے لئے نیک بشارت ہے۔ اگر بیمار ہے صحت ہوگی اگر شادی کی خواہش ہے تو شادی ہو جائیگی خرید و فروخت میں نفع ہوگا۔ اگر سفر میں چوری ہو گئی ہے تو مل جائیگی۔ پانچ روز کے بعد تمہارے سب کام اچھے ہو جائیں گے۔ مگر کسی کو اپنے راز دلی سے آگاہ نہ کرو۔ ورنہ نقصان ہوگا۔ اگر کوئی تکلیف آجائے تو چند روز صبر کرو انشاء اللہ خود بخود تکلیف دور ہو جائے گی تمہاری تمام نیک خواہشات اٹھارہ روز کے بعد پوری ہو جائینگی۔ چاند ماہ اول روز دیکھ کر شیشہ میں اپنا منہ دیکھو تو دعا کرو۔ اللہ کریم سب تکلیفوں کو دور کرے گا۔ اور خوشی عطا فرمائے گا۔

عتبہ الخارج شکل ۱۲

اے صاحب فال آگاہ ہو کہ تمہارے کئی کام خراب ہو جائینگے مگر سفر کا ارادہ یا کسی سے کاروبار میں شراکت ہوتی ہو تو بہتر ہے اگر کوئی قید ہے تو آزاد ہوگا گزشتہ سالوں سے یہ سال اچھا ہوگا۔ اللہ کے فضل و کرم سے تمہارے دلی رنج و الم دور ہونگے۔ اور تمہاری دلی خواہشات انشاء اللہ بر آئیں گی اور اس سال کا روز بروز تمہارے لئے مبارک ہوگا۔

نقی الخلد شکل ۱۳

اے صاحب فال مبارک ہو کہ تمہارے اندیشہ ہائے دلی دور ہونگے۔ اگر سفر کا ارادہ ہے۔ تو کامیابی ہوگی۔ بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔ اگر کوئی گم ہو گیا ہے تو جلد واپس آئیگا۔ تمہارا نحس طالع دور ہوگا۔ اور اب انشاء اللہ دن بدن حالات اچھے رونما ہونگے۔ ہر کام میں ترقی ہوگی تمام دلی مرادیں پوری ہونگی۔ اللہ سے دعا کرو۔ انشاء اللہ تمہارا دل انوار الٰہی سے منور ہوگا

عتبہ الداخل شکل ۱۴

اے صاحب فال آگاہ ہو۔ کہ اگر خرید و فروخت کا ارادہ ہے۔ تو نفع حاصل ہوگا۔ دلی مرادیں

خواب	تعبیر
امرت نظر آنا	مسرت ہو
امرود لگا دیکھنا	مال ملے
اگر امرود کو گرتے دیکھے	نقصان ہو گا
اذان کہنا	معافی گناہ
آگ دیکھنا	زیورات ملیں
انار دیکھنا	دولت ملے
اپنا بازو ٹوٹا ہوا دیکھے	بھائی کی موت
اپنا سر کٹا دیکھے	والدین کا سایہ اٹھ جائے
الو کا دیکھنا	مصیبت پیش آئے
آسمان پر سے گرنا	موت کی نشانی
اونچی جگہ سے گرنا	فکر حاصل ہو
اونٹ کی سواری	ترقی روزگار
اونٹ کو مردہ دیکھنا	کوئی جسمانی اذیت پہنچے
آلو بخارہ دیکھنا	والدین سے ملاقات
برہمن کا نظر آنا	رتبہ حاصل ہو
بن باجہ دیکھنا	اناج کی کثرت ہو
پڑھتے ہوئے نظر آنا	علم حاصل ہو
شادی دیکھنا	موت دیکھے
بیل کا نظر آنا	دولت ملے
بندر دیکھنا	نوکری سے برطرف ہو
کشتی پر چڑھنا	معافی گناہ
بلی کا دیکھنا	کوئی مصیبت ہو
بھیڑیا کا دیکھنا	اچھی شہرت پانا
بلی کاٹے	بیمار ہو

خواب	تعبیر
امامت کرانا	عبادت گزاری
اقامت کہنا	گمشدہ خزانہ حاصل ہو
آسمان کی پرواز	دولت میں اضافہ
آنکھ نکل جائے	مصیبت پیش آئے
آسن جلتے دیکھنا	زہر کھا کر موت ہو
انگوٹھی پہننا یا ملنا	خوبصورت عورت سے وصال
آئینہ میں منہ دیکھنا	بیماری سے صحت پانا
اتوار کو سیر کرنا	قید سے رہائی پانا
آنکھ کو زخمی دیکھنا	رنج و مصیبت غم پیش آئے
استرا دیکھنا	دشمن سے مقابلہ
اناج دیکھنا	آمدنی زیادہ ہو
اکبری مہر دیکھنا	حاکموں سے ملاقات
کسی سے اسلام علیکم کہنا	غیب سے روزی ملے
بچھو کو دیکھنا	دشمن پر فتح
برچھی دیکھنا	دشمن کی موت
بکری کا دودھ پینا	بزرگی حاصل ہو
بکری دیکھنا	نیک لڑکی پیدا ہو
باجرہ کھانا	رنج و غم دور ہو
باجرہ کٹتے دیکھنا	کسی رشتہ دار سے رنج ہو
پکوڑے کھانا	دوست دشمن ہو جائے
پپیتہ کھانا	بیماری رفع ہو
بارش میں نہانا	مصیبت سے رہائی
بکرے کا گوشت کھانا	دو دشمن دوست ہو جائے
پانی پینا	روزگار میں ترقی ہو

خواب	تعبیر
بھیڑیئے پر سواری	مرتبہ حاصل ہو
بھینس دیکھنا	کسی نورانی عورت سے ملاقات ہو
برات دیکھنا	مصیبت پیش آئے
باغ دیکھنا	خوشی حاصل ہو
باغ خشک دیکھنا	غم و فکر ہو
پہاڑ پر چڑھنا	مرتبہ بلند ہو
پانی جمع دیکھنا	جائداد حاصل ہو
پرندہ کھانا	دولت زیادہ ملے
پری دیکھنا	عیش و عشرت حاصل ہو
پتھر برستے دیکھنا	تکلیف اٹھانا
بارش دیکھنا	غلہ کی ارزانی
پل ٹوٹتے دیکھنا	کوئی مصیبت نازل ہو
تالاب دیکھنا	چین پانا
پارہ دیکھنا	بیماری دور ہو
پہاڑ سے گرنا	بیمار ہو
پلنگ ٹوٹنا	تکلیف اٹھانا
پوڑے کھانا	״
پانی میں بہ جانا	״
بال کٹے ہوئے دیکھنا	دولت کا نقصان
بادشاہ دیکھنا	دولت عزت ہاتھ آئے
بادام دیکھنا	مال ہاتھ آئے۔
بیمار کا علاج کرنا	گناہوں سے بخشش
بازار جانا	لوگ محبت کریں
تار بھیجنا	ناگہاں پریشانی ہو

خواب	تعبیر
پاخانہ کھانا	زہر سے موت ہو
پھل پھول دیکھنا	دولت عزت ملے۔
پنجرا دیکھنا	قید ہو جانا۔
پیاس لگنا	حریص ہو
بدعورت دیکھنا	کسی کو گناہ کرتے دیکھنا
پنجہ کٹا ہوا دیکھنا	پریشانی حاصل ہو
پان کھانا	خوشی حاصل ہو
تیز تلوار دیکھنا	سفر پیش آئے۔
تل سیاہ دیکھنا	مصیبت آنا
تیل دیکھنا	״
تارا روشن دیکھنا	بلند مرتبہ حاصل ہو
تلوار دیکھنا	دشمن دفع ہو
ستارہ گرتے دیکھنا	رنج و غم حاصل ہو
تانبا دیکھنا	پریشانی ہو
تانبے کے برتن فروخت کرنا	تکلیف سے نجات پانا
تلوار کمر سے باندھنا۔	خوبصورت عورت ملے
تلوار کا قبضہ ٹوٹنا	نقصان ہو
ترکاری سبز دیکھنا	مزاحمت ہو۔
توپ دیکھنا	دشمن شکست کھائے
تل چبانا	انعام ملے
تھوکنا	حیرانی دور ہو
تھوک اپنے کپڑے پر دیکھنا	بیمار ہو
تیر چلانا	مراد پوری ہو
توا دیکھنا	رزق میں تنگی

خواب	تعبیر
تھکتے ہوئے سونا	خوشی ہے
تکلیف میں مبتلا دیکھنا	رنج و فکر سے نجات ہو
تھوہر دیکھنا	سزا سے رہائی
تخم دیکھنا	درازی عمر ہو
تھالی دیکھنا	گناہِ عظیم سرزد ہو
توری کھانا	صالح زندگی پانا
تیتر دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
خربوزہ دیکھنا	نعمت حاصل ہو
خربوزہ کی بیل لگانا	خزانہ ہاتھ آئے
جھنڈ دیکھنا	بیمار ہو
جوتا کھویا جانا	تکلیف ہو
اچھلنا دیکھے	آرام ملے
جھنڈا سرخ دیکھے	راحت حاصل ہو
چکور دیکھنا	خوبصورت عورت ملے
جھنڈا سبز دیکھنا	سفر میں جانا
حکومت کرتے دیکھنا	بزرگی حاصل ہو
جنگل سبز دیکھنا	خوشی ہو
جنگل خشک دیکھنا	پریشانی حاصل ہو
جنگل میں دوڑنا	قید ہونا
جہاز دیکھنا	بیماری سے صحت
جواہرات دیکھنا	مراد حاصل ہو
جھاڑو دینا	خرچ زیادہ ہو
جائز جماع کرنا	دولت میں ترقی ہو
چاول کھانا	غم دور ہو
خمیرہ دیکھنا	فتح ہو
چبوترہ بنانا	کسی رئیس سے ملاقات
جنگ میں شامل ہونا	حکومت کی ترقی
جانور پکڑنا	کوئی نیا کام شروع کرنا.
جوا کھیلنا	کام کی زیادتی
جلاب لگنا	تکلیف اٹھانا
جالی دینا	غیب سے دولت ملے
چاند دیکھنا	بیماری دور ہو.
چونا میں گرنا	موت ہو جائے
چاول دیکھنا	خوشی حاصل ہو
چاندی دیکھنا	زر و مال میں ترقی
چاندی کے زیورات دیکھنا	بیمار ہو جائے
حرم سرا دیکھنا	معشوق سے وصال ہو
خود کو زیر حرارت دیکھنا	پریشانی ہو.
حلوہ کھانا	عمر دراز ہو
حرام کرنا	ذلت ہو
حجامت کرانا	عمر میں کمی ہو
حج کرنا	بزرگی حاصل ہو.
حمام میں پیشاب کرنا	رنج و غم دیکھنے
حمام بنانا	عیش و عشرت حاصل ہو
حوض میں نہانا	تکلیف دور ہو
حمام میں نہانا	تکلیف و غم و فکر دور ہو
حوض دیکھنا	دولت ملے
حقہ پینا	دولت حاصل ہو

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
جنگ اسلامی کرنا	خوشی حاصل ہو	حکیم کو دیکھنا	جسمانی تکلیف ہو
خچر پر سواری	خطرہ پیش آئے	چیخ مارنا	دولت
خرگوش دیکھنا	بیماری آئے	چاہ میں گرنا	کوئی مصیبت پیش آئے
خوشی دیکھنا	غم حاصل ہو	چوزہ دیکھنا	حسین عورت ملے
خاک برسنا	تکلیف پانا	چاہ دیکھنا	رنج و فکر پیش آئے
خوشبودار چیزیں دیکھنا	دولت ملے	چاول کھانا	رنج دور ہونے کیلئے
خرما کھانا	روزگار میں ترقی ہو	چوغہ دیکھنا	بدصورت عورت ملے
حسین عورت	عزت پائے	خون دیکھنا یا پینا	دولت کے بدلے موت ہو جائے
چکور پکڑنا	عورت سے دلی مراد پوری ہو	چاند کو اڑتے دیکھنا	قید سے رہائی
چلغوزہ دیکھنا	پریشانی ہو	ریل گاڑی کا دیکھنا	عزت حاصل ہو
حوض کوثر دیکھنا	بزرگی	ریل گاڑی پر سوار ہونا	نوکری ملے
دودھ پینا	مرتبہ بلند	زمین کھودنا	رنج و فکر اٹھائے
دہی دیکھنا	روزگار میں ترقی ہو	ریچھ دیکھنا	بیماری آئے
دودھ کی مالش	گناہ عظیم کرے	ریت پر چلنا	دشمنوں سے فکرمندی ہو
دہی کھانا	عہدہ میں ترقی	رشوت کھانا	بدنامی ہو
دریا دیکھنا	عمر دراز ہو	طلاق مانگنا	فعل بد کام مرتکب
دریا میں غسل	بیماری سے صحت	ظہر کی نماز پڑھنا	جنگ اسلامی میں شامل ہونا
دریا پار کرنا	مرتبہ بلند ہو	صندوق دیکھنا	خزانہ ملے
دیوار سے گرنا	نوکری سے برطرفی	عورت کو ننگا دیکھنا	مرد پر مصیبت آئے
دیوتا دیکھنا	دولت ملنا	عورت کی ران دیکھنا	عورت سے وصل ہو
دانت ٹوٹنا	کسی رشتہ دار کی موت ہو	عمدہ لباس پہننا	نیک نامی حاصل ہو
دانت میں درد	نقصان مال ہو	غسل کرنا	برائی سے بچ جائے
دوشالہ دیکھنا	دولت ملے	عمارت بنانا	معاشی حالت اچھی ہو جائے
دوشالہ خیرات کرنا	عابد ہو	عیش کرتے دیکھنا	حکومت ملے

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
دیوی کی پوجا کرنا	فتح حاصل ہو	غلہ خراب دیکھنا	فصل اچھی ہو
دیوتا مورتی ٹوٹنا	مصیبت آئے	فقیر سے ملاقات	روزگار میں ترقی ہو
رونا	دولت ملے	فالودہ کھانا	عورت سے صحبت کرے
ران دیکھنا	عورت سے وصل ہو	فرشتہ دیکھنا	مراد پوری ہو
راجہ دیکھنا	عزت حاصل ہو	سورج دیکھنا	صحت و آزادی حاصل ہو
روٹی دیکھنا	دولت ملے	شمع جلانا	حسین عورت ملے
رانی دیکھنا	غم حاصل ہو	شراب پینا	زیور ملے
رانی ننگے دیکھنا	طلاق، یا خاوند سے ناچاکی ہو	سمندر دیکھنا	عمر دراز ہو
زہر کھانا یا پچیا	پانی میں ڈوب کر موت ہو	سیب دیکھنا	عورت کا حمل اسقاط ہو جائے
زمرد دیکھنا	شادی ہو	سیب خریدنا	فرزند عطا ہو
زرد جواہر دیکھنا	مصیبت پانا	گھوڑی کو دیکھنا	عورت سے ملاقات ہو
زرد جواہر خریدنا	بیمار ہو جائے	گھوڑے پر سوار ہونا	بچھڑا ہوا دوست ملے
زیور پہننا	فرزند نیک ملے	کالا سانپ کاٹے	تکلیف ہو
زیور بنوانا	تنگدستی	کالا سانپ جنگل میں دیکھنا	اسی جگہ خزانہ ملے
زخم دیکھنا	بدنامی ہو	قبر دیکھنا	مال گم ہو جائے
زبان کٹی ہوئی دیکھنی	پاگل ہو جائے	قبرستان دیکھنا	دفینہ ملے
روشنی دیکھنا	ترقی اولاد ہو	گھی دیکھنا	دولت ملے
کٹ جانا	وفات ہو جائے	گندم دیکھنا	دولت حاصل ہو
گلے ملنا	زمین ملے	گلاب کا پھول دیکھنا	فرزند پیدا ہو یا معشوق ملے
کھوپری دیکھنا	مصیبت آئے	کتا کاٹے	تکلیف حاصل ہو
گوشت فروخت کرنا۔	مراد پوری	لیمپ جلانا	خوشی حاصل ہو
لیموں کھانا	مصیبت نہ دیکھے	مکان جلنا	دولت حاصل ہو
مرغی دیکھنا	دولت ضائع ہو	موتی دیکھنا	دولت ملے
مردے سے گلے ملنا	موت ہو جائے	مزار اقدس دیکھنا	دشمن پر فتح ہو

خواب	تعبیر
مسجد دیکھنا	گناہوں کی بخشش ہو -
مدینہ منورہ دیکھنا	بزرگی حاصل ہو
مٹھائی کھانا	مرتبہ بلند ہو
مجرا دیکھنا	دولت ملے
ولایت جانا	بدعمل کرنا
ہمزاد قابو کرنا	دشمن پر فتح پانا
ہرا گھاس دیکھنا	تنگدستی اٹھانا
یاقوت دیکھنا	غیر عورت سے بدفعلی کرنا

ہدایت:- یاد رکھیں جو خواب رات کے اول حصہ میں آئے اسکی تعبیر دیکھنا بالکل بے سود ہے سچا خواب وہی ہوتا ہے۔ جو صبح صادق کے قریب دیکھا جائے اس کی تعبیر دیکھنے سے پہلے خواب کسی کو ہرگز نہ بتائے اگر اس کی تعبیر بد ہے۔ تو صدقہ و خیرات کرے +

اطلاع

الحمدللہ کتاب مجموعہ تعویزات و عملیات جس میں ہر مقصد کے لئے تعویزات و عملیات لکھے گئے ہیں۔ سابقہ مصدقہ کتب قدیمہ سے حاصل کئے ہیں۔ اور بزرگوں سے حاصل کر کے برائے افادۂ عام شائع کی گئی ہے۔ اس کتاب کے جملہ حقوق بحق میسرز

ترجمۃ القرآن

یعنی قرآنِ پاک صرف اردو زبان میں

